188473

Osmania University Library

Call No. ۹۵۴۰۲

Accession No. 1006

Author

Title کرسیہ تاریخ

This book should be returned on or before the date last marked below.

آئینۂ تاریخ نما

ÁINA-I-TÁRÍḲHNUMÁ.

HISTORY OF INDIA,

IN THREE PARTS,

BY RÁJÁ ŚIVAPRASÁD, C.S.I.,

Fellow of the University of Calcutta, and Inspector, 2nd Circle, Department of Public Instruction, North-Western Provinces and Oudh.

تین حصوں میں

بموجب حکم جناب نواب آنریبل لفتنٹ گورنر
بہادر ممالک شمال و مغرب و چیف کمشنر
اودھہ

مؤلفۂ

راجہ شوپرشاد ستارۂ ہند ۳

پہلا حصہ

PART I.

(ظاہر ہو کہ ممالک شمال و مغرب و اودھہ کے صاحب ڈائرکٹر
آف پبلک انسٹرکشن بہادر کے حکم بغیر قانون ۲۰ سنہ
۱۸۴۷ع کے مطابق کسي کو اختیار نہیں ہی کہ
اسکو یا اسکے مطلب کو چہاپے)

الہ آباد

سرکاري چھاپہ‌خانہ میں چھاپا گیا

سنہ ۱۸۷۸ع

"Our Schools and Universities are extending the idea of scientific method. Read carefully that extract from Rájá Śivaprasád's book I quoted in the *Contemporary* for September. That man, at least, has obviously got hold of the scientific view of history."

M. E. GRANT-DUFF.

The Contemporary Review, November, 1875.

Shitáb, Zambúr, Sardár, Koh, &c., have been used by our first Hindi author (as I at least regard him) Chand, the famous bard of Prithíráj ; and I think it is better for us to try our best to help the people in increasing their familiarity with the Court language, and in polishing their dialects, than to make them strangers to the Courts of the districts and ashamed when they talk before the higher classes.

BENARES :
The 1*st January*, 1864.

ŚIVAPRASÁD.

was no such thing as an empire in existence; that the country was divided between numerous chiefs always fighting with each other for temporary superiority; that, notwithstanding the splendour attributed to Muhammadan dynasties, the country was sadly misgoverned, even during the reigns of the most powerful Emperors; and that although the diamonds and pearls were weighed by "maunds" in the royal treasuries, the people in general were very poor and utterly miserable.

I may be pardoned for saying a few words here to those who always urge the exclusion of Persian words, even those which have become our household words, from our Hindi books, and use in their stead Sanskrit words, quite out of place and fashion, or those coarse expressions which can be tolerated only among a rustic population. The sister presidencies will sympathize with us when they remember that we are not blessed like them in having the same language and character for the Court and the community. Our Court language is Urdu, and the Court language has always been regarded by all nations as the most fashionable language of the day. Urdu is now becoming our mother tongue, and is spoken, more or less, and well or badly, by all in the North-Western Provinces. If we cannot make the Court character, which is unfortunately Persian, universally used to the exclusion of Devanágarí, I do not see why we should attempt to create a new language. Persian words such as Átish, Ma'rúf,

assertion that "Akbar made the settlement with the cultivators *themselves*, to the exclusion of all middlemen." Having thus no English book that would completely answer my purpose, I was obliged to have recourse to original Persian works. But Benares is not a place where Persian books can easily be procured, and there was no time to procure them from other quarters, so I was obliged to make the best of the means at my disposal. The difficulty of correcting Indian names written in Persian is rather greater than those written in English. Sunárgánv, for instance, is written Sitárgánv, Chaṭgánv (Chittagong), Jebgánv, and so on, in the lithographed copy of Farishta!

My plan is to divide my book into three parts. In the first I give an outline of the Hindu and Muhammadan periods; in the second I relate the rise and growth of the British Empire up to 1858; and in the third I treat of the changes in manners and customs from the earliest ages, when our ancestors were drinking the exhilarating soma juice on the banks of the Sarasvatí, and of the revolutions in laws and religions. I compare former Governments and the British rule, and the state of society, and the general prosperity of the country under both. My endeavour is in this part to prove to my countrymen that, notwithstanding their very strong antipathy to "change," they *have* changed, and *will* change; that, notwithstanding the many heroic actions ascribed to our ancient Hindu Rajas, there

PREFACE.

I WAS not fully aware of the difficulty of my task when I promised to prepare a little work on the History of India in Hindi and Urdu for the use of our village schools. I knew how imperfect and full of errors the so-called histories are which have hitherto been written in the Vernacular, but I had not imagined for a moment that even so cautious a writer as Elphinstone was liable to commit such mistakes as to say that Fíroz Tuglaḳ was nephew of the "late King" (Muhammad Tuglaḳ), when Dow calls him "his cousin;" or that Násir-ud-Dín Mahmúd was the grandson of "Altamsh" (correctly Altimash), when he was in fact his son; or that "Altamsh" was purchased for 50,000 pieces of *silver*, when only 50,000 chítals were paid for him, 50 of which make a ṭanka or rupee of that time. Or that a talented author like Mr. Marshman would forget the topography of the country so far as to write that "the greatest achievement of this (Fíroz Tuglaḳ's) reign was the canal from the *source of the Ganges* to the Sutlej, which still bears his name" (History of India, Serampore, 1863, page 65). He calls "Raja Jey Sing of Jeypore and Raja Jesswunt Sing of Joudhpore" "Mahratta Generals," and gives the name of Muhammad Sháh "Rustum Khan," instead of Roshan Aḳhtar! (pages 166 and 189 respectively). There is no room to disprove here his

اطلاع

جو لفظ دیو ناگري حرفوں کے سبب اِتہاس تمر ناشک میں دوسري طرح پر لکھے هیں اُن کے اُوپر لکیر کھینچ دي هی اور فہرست آگے لکھي هی :—

آئینہ تاریخ نما میں		اِتہاس تمر ناشک میں
تواریخ	...	اِتہاس
دارالسلطنت	...	راجدهاني
سپہ سالار	...	سیناپتي
حمل	...	گربھہ
مضر	...	دکھہ دائی
جزیرہ نما	...	پرایہ دویپ
قدرت	...	مایا
دربان	...	دوار پال
کیا قدرت هی خالق برحق اور قادر مطلق کی		کیا مہما هی سروشکتمان جگدیشور کی
قیامت کا سا هنگامہ	...	پرلے کا سا گند
ناپائدار دنیا	...	اسارسنسار
اختصار	...	سنکشیپ
گناہ	...	پاپ
پناہ	...	شرن
پناہ‌گیر	...	شرناگت
گوشۂ شمال و مغرب	...	وایوکون
علم	...	ودیا
هو بهو قهر خدا	...	ساکشات ایشور کا کوپ
خدا	...	بھگوان
فائدہ نقصان بھلا برا	...	سام دان بھید دنڈ
راس‌نشین	...	پُشیہ پُتر
بےچون و چرا خالق ارض و سما		نراکار جگدیشور
نواسی	...	دهتی — نتني
اِنتقال	...	پرلوک
قضا کا حکم	...	بدهاتا کا لیکھہ

آئینۂ تاریخ نما

پہلا حصہ

کیا ایسے بھي آدمي هیں جو اپنے باپ دادا اور پرکھوں کا حال سننا نہ چاهیں + اور اُن کے زمانے میں لوگوں کا چال چلن بیوهار بنج بیوبار اور راج دربار کس ڈهب برتا جاتا تها اور دیس کي کیا دسا تهي کب کب کس کس طرح کون کون سے راجا بادشاهوں کے هاتهہ آیا کس کس نے کیسا کیسا اِن پر زور ظلم جتایا اور کون کون سے زمانے کے پهیر پهار کہاں کہاں اِنهیں جهیلنے پڑے کہ جنسے یہہ کچهہ کے کچهہ بن گئے اِن سب باتوں کے جاننے کي خواهش نہ کریں * باپ دادا اور پرکها تو کیا هم اِس تاریخ میں اُس وقت سے لیکر جس سے آگے کسي کو کچهہ معلوم نهیں آج تک اپنے دیس کا حال لکهنے کا منصوبہ رکهتے هیں ذرہ دل دو + اور کان دهرکر سنو *

वैवस्वत-
मनु।इक्ष्वाकु
इला।चन्द्र
बुध।पुरूर-
वा।प्रयाग
प्रतिष्ठानपुर
कुरुक्षेत्र
हस्तिनापुर
दुर्योधन
युधिष्ठिर
इन्द्रप्रस्थ
परीक्षित

جاننا چاهیئے کہ هندوستان میں سدا سے هندو کا راج سورج بنسي اور چندر بنسي گهرانوں میں چلا آتا هي پہلا سورج بنسي راجا بیوسوت منو کا بیٹا اکشواک تها + دارالسلطنت اُس کي اجودهیا * اُس سے پچپن پیڑهي پیچهے اُس بنس کے سرتاج رام چندر هوئے + باپ کا حکم مان چودہ برس بن میں رهے * اکشواک کي بیٹي اِلا چندر کے بیٹے بدهہ کو بیاهي تهي اِسي کا بیٹا پرورَوا پریاگ کے سامنے پرتشٹهان پور میں جسے اب جهونسي کهتے هیں پہلا چندربنسي راجا هوا + مهابهارت یعني کُرکشیتر کي بهاري لڑائي میں اپنے چچیرے بهائي هستناپور کے راجا دُرجودهن کو مارنے پر جب مهاراج جُدهشتر جو پرانوں کے مت بموجب پرورَوا سے پینتالیسویں پیڑهي میں پیدا هوئے تهے اپنے بهائیوں کے ساتهہ اِندرپرستهہ یعني دِلّي کا راج چهوڑ کر همالے کو چلے گئے اُن کے بهائي اَرجُن کا پوتا پریکشت گدّي پر بیٹها اور پریکشت سے لیکر چهبیس پیڑهي تک اُسي کے

क्षेमक گهرانے میں راج رہا * چهبیسویں پیڑهي میں راجا کشیمک ایسا غافل
اور پست همّت هوا + که اُس کا منتري یعني وزیر اُسے مار کر آپ
جُدهشٹر کي گدّي پر بیٹهه گیا * اِس کے گهرانے میں چوده پیڑهي راج
رہا + پهر جس طرح آیا تها اُسي طرح دوسرے گهرانے میں چلا گیا
اور سوله پیڑهي پیچهے تیسرا گهرانا ملک کا مالک هوا * ندان اُس کي
राजपाल بهي نویں پیڑهي میں راجا راجپال نے اپنے گهمنڈ اور بدمزاجي سے
सुखवंत رعیّت اور سپاه کو ناراض کیا + تب کماؤں کے راجا سکهونت نے آکر
विक्रम راجپال کو مار ڈالا اور اندرپرسته لے لیا + لیکن مهاراج بکرم نے اُس کو
بهي گدّي سے اُتارا + اور ملک پر اپنا قبضه کیا * اِدهر تو یے
मगध لوگ ایک کے پیچهے ایک اپنے نام کا ڈنکا بجاتے گئے + اور اُدهر مگدهه
जरासंध دیس میں جراسندهه کے پیچهے جسے کرشن کي مدد سے جدهشٹر
कृष्ण। भीम کے بهائي بهیم نے اُس کي دارالسلطنت راجگره میں مارا تها اُس کي اولاد
राजगृह کے راجا بائیس پیڑهي تک راج کرتے رهے * آخري راجا رپنجي کو
रिजपुंय اُس کے منتري یعني وزیر سونک نے مارکر سارا راج چهین لیا + اِس
सुनक اگلے زمانے کي کوئي تواریخ ایسي معتبر نهیں هی که جس سے اُس
وقت کا حال مفصل اور سلسلےوار معلوم هو سکے اِس لیئے اب هم نے
سکندر کے زمانے سے کچهه خبروں کا لکهنا شروع کیا *

پچهم والوں کي چڑهائیوں کا حال جو پتےوار ملتا هی + وه یهه
هی * که سنه عیسوي سے ۳۳۱ برس پهلے یونان کے بڑے بادشاه سکندر نے
ایران کے بادشاه دارا کو جیت کر اِس ملک پر چڑهائي کي اُس وقت
مگدهه دیس کا راج چار پیڑهي تک سونک کے گهرانے میں رهکر
तक्षक تکشک یعني ناگ بنس میں آ گیا تها + اِن ناگ‌بنسي راجاؤں نے
महानन्द بس پیڑهي تک راج کیا آخري راجا اِسي بنس کا مهانند تها * اُس
बोद्धमती زمانے میں سارے هندوستان کے درمیان بودهمتي پهیل گئے تهے +
वेद- خالي کهیں کهیں کاشي کنّوج ایسے شهروں کے رهنے والے بید کي ریت پر
چلتے تهے * فارسي کتابوں میں لکها هی که سکندر کنّوج تک آیا تها +
لیکن یهه بات نري جهوٹهه اور بے اصل هی اُسي کے ساتهیوں
نے اپني یوناني کتابوں میں لکها هی که وه ستلج کے کنارے سے آگے

نهیں بڑها * سکندر ایک لاکهه بیس هزار فوج کے ساتهه سندهه ندي
پر پُل باندهه کر پار اُترا تها + لیکن جهیلم کے اِس پار کُل گیارہ هزار
سوار لایا * کوهستان اور سندهه ساگر دواب کے سب راجاؤں نے اُس
पुरु
کي اِطاعت قبول کي لیکن پنجاب کا راجا جو شاید پُرو یا پرو کے بنس میں
تها کیونکه یوناني اِس کا نام پُورس لکهتے هیں اِس سے لڑنے کو طیار هوا +
اور جهیلم کے اِس پار تیس هزار پیدل چار هزار سوار اور بهت سے
هاتهي لیکر سکندر سے لڑا * دِن پهر تک بڑي لڑائي رهي +
آخر راجا کي فوج شکست کها کر بهاگي * لیکن راجا تب بهي نهیں
هٹا + اپنے هاتهي پر میدان میں ڈٹا رها * سکندر اُس کي بهادري دیکهه
کر بڑے اچنبهے میں آیا + اور کہلا بهیجا * که اگر اب بهي همارے
پاس چلا آوے + تو تیري جان بخشي جاوے اور عزت حرمت میں
فرق نه پڑنے پاوے راجا نے اِس بات کو سُنکر قبول کیا + اور نذر
سکندر کے پاس چلا آیا * سکندر نے اِس سے پوچها که هم تمهارے ساتهه
کیوں کر پیش آویں راجا نے جواب دیا که جیسے بادشاه بادشاهوں سے
پیش آتے هیں سکندر اُس کا یهه دل اور دلیري دیکهه کر بهت خوش
هوا اور تمام ملک اُس کا اُسي کو بخشا + بلکه کچهه تهوڑا سا اور
بهي اپني طرف سے دیا * اِس کے بعد سکندر ستلج کے کنارے پر
آیا + لیکن فوج بهت تهک گئي تهي برسات کا موسم آ جانے کے
سبب سپاهیوں نے آگے بڑهنے سے اِنکار کیا * تب ناچار سکندر وهاں سے اُلٹا
پهر گیا + کہتے هیں که اُس وقت مگدهه دیس کے تاک بنسي
بڑے نامي راجا مهانند کے پاس چهه لاکهه پیادے بیس هزار سوار اور نو
هزار هاتهي تهے کیا جانیں اِنهیں کا دبدبه سکندر کو یهاں سے پهیر لے
گیا * ندان مهانند اپنے منتري یعني وزیر کے هاتهه سے مارا گیا + اِس کے
चन्द्रगुप्त
آتهه بیٹوں نے مل کے باره برس راج کیا * تب نویں چندرگپت نے
चाणक
جو ناین کے پیٹ سے پیدا هوا تها چانک برهمن کي مدد سے اپنے سب
بهائیوں کو مار سارا راج اپنے قبضے میں کر لیا + اور بڑا اِقبالمند
هوا اِس نے بابل کے یون بادشاه سلیوکس † کي بیٹي سے بیاه کیا *

---

† سلیوکس سکندر کے سپه‌سالاروں میں سے تها سکندر کے مرنے پر بابل سے
اِس طرف سندهه ندي تک سارا ملک دبا بیٹها تها *

دس پیڑھي تک وہ راج اُسي کے گھرانے میں رہا + هندوں کے
شاستر میں لکھا هی کہ هندوستان میں اَدھرم یعني بودهہ مت پھیلا
هوا دیکھہ کر برهمنوں نے اربدگر پر جسے آبو کا پہاڑ کہتے هیں ایک اگن
کُنڈ یعني آتشکدہ رچا اور وهاں دیوتاؤں نے آپ آکر چار مورتیں اُس کُنڈ
میں ڈال دیں اُن سے اگن کُل کے چار چھتري یعني پرمر خواہ پرمار
جنھیں پنوار بھي کہتے هیں چوهان سولنکي اور پرهار پیدا هوئے
اِس بات سے ایسا معلوم هوتا هی کہ شاید اُن برهمنوں نے چار آدمیوں
کو شاستر کے سنسکاروں سے دو جنما کیا تھا یعني اُن کا نیا جنم مان کر
اُنھیں اصلي چھتري بنا لیا تھا * اُن میں سے پرمر گوتر والے یعني پنوار
بہت بڑھے + اور ایک زمانے میں سارے هندوستان کے راجا هوگئے *
اِن اگن کُلوں نے بودهہ مت والوں کو مار مار کر نکالنا شروع کیا +
اور برهمنوں کا مت پھر پھیلا دیا * اِسي پرمر بنس میں سنہ † عیسوي
سے ستّاون برس پہلے راجا بکرم اُجّین کی راج گدّي پر بیٹھا اِسے بیر
بکرمادت بھي کہتے هیں + اور شک لوگوں کو جو تاتار کي طرف سے
چڑھہ آئے تھے شکست دینے کے سبب اُسے شَکارِ بھي پکارتے هیں *
اگرچہ وہ ایسا بلند اِقبال اور اِتنے بڑے ملک کا مالک مہاراجا دھِراج
تھا کہ آج تک اُس کا سمبت چلا جاتا هی + اور وہ پرجن دُکھہ بھنجن
یعني دوسروں کا دُکھہ دور کرنے والا کہلاتا هی * تو بھي نِت چٹائي
پر سوتا + اور اپنے هاتھہ چھپرا ندي سے پاني کا تونبا بھر لاتا *

اِس میں شک نہیں کہ اُجّین کے راجا بکرمادت کے وقت سے
لیکر مسلمانوں کي پہلي چڑھائي تک اکثر نامي هوتے چلے آئے + لیکن
اندھربنس کے راجا جن کي دارالسلطنت مگدهہ دیس میں پاٹلي پتر
یعني پٹنا تھي بہت بڑھہ گئے تھے * روم والوں نے اُن کي بہت بڑائي
لکھي هی اِس اندھربنس کو ایک شودر نے اپنے مالک کنّ بنس کے آخري
یعني چوتھے راجا کو جو چندر گُپت کا بنس ناش هونے پر سُنگ بنسي
دس راجاؤں کے بعد هوا مار کر قائم کیا تھا + کہتے هیں کہ راجا مہاکرن
اِسي گھرانے میں هوا * اُس کي همت اور سخاوت کي شہرت آج تک

---

† عیسی مسیح کے جنم دن سے سنہ عیسوي گنا جاتا هی *

شاستر مبں لکھا هی کہ… — शास्त्र
هوا دیکھہ کر… — अर्बुद गिर
کُنڈ یعني آتشکدہ… — अग्निकुंड
میں ڈال دیں… — प्रमर
جنھیں پنوار بھي… — चोहान
اِس بات سے… — सोलंकी
کو شاستر کے… — परिहार
اُنھیں اصلي… — संस्कार
بہت بڑھے… — द्विजन्मा
اِن اگن کُلوں… — प्रमरगोत्र
اور برهمنوں… — वीर विक्र-
سے ستّاون… — मादित्य
بکرمادت بھي… — शकारि
یعني پٹنا تھي… — अंध्रापाट-
لکھي هی… — ली पुत्र
یعني چوتھے… — शूद्र । कन्व
دس راجاؤں… — सुंग
اِسي گھرانے… — महाकर्ण

چلي جاتي هي + ديپ ديپ ميں اُس کي بڑائي گائي جاتي هی *
पुलोम اندهر بنس کے آخري راجا کا نام پلوم تها + يهه پلوم بهي هندوستان کا
بڑا نامي راجا هوا * اور اُس کے راج کاج کا چرچا چين تک پهنچا +
آخري وقت ميں وه آپ سے آپ گنگا ميں ڈوب مرا * پهر اُس کا
रामदेव سيناپتي يعني سپهسالار رامديو گدّي پر بيٹها + سمندر کے کنارے سے
کشمير تک سب راجا اُس کے تابع تهے جب وه مرا تو اِس کا بهي
प्रतापचन्द्र سپهسالار پرتاپچندر راجا هوا * اُسي کے زمانے ميں ايران کے بادشاه
نوشيروان کا لشکر هندوستان پر چڑها تها اور جتنا خراج اِس ملک کا
باقي پڑا تها سب پرتاپچندر سے دام دام بهر لے گيا + نوشيروان جس کا
سنه ۵۲۱ع عدل اِنصاف آج تک مشهور هی سنه ۵۳۱ عيسوي ميں تخت پر
بيٹها تها * پرتاپچندر کے مرنے بعد اُس کے سارے سپهسالار اپنے اپنے صوبے
دبا بيٹهے + اور جيسے ناؤ کي برات ميں جنے جنے ٹهاکر جدا جدا
अंधभृत्य راجا هوگئے * اِن سيناپتيوں کے يعني سپهسالاروں کے راج کو اندهر
بهرتيوں کا يعني اندهر کے نوکروں کا راج کهتے هيں + اُس زمانے
ميں چهتريوں سے راج بالکل جاتا رها تها برهمنوں سے ليکر شودر اهير
پهاڑي اور جنگليوں تک مگدهه پرياگ متهرا کاشي کنّوج وغيره ميں
خود مختار هوکر راج کرنے لگے تهے نوشيروان کے لشکر نے اُديپور کے راجاؤں
کي پهلي دارالسلطنت بلّبهيپور يا بلبهي † کو ناش کرڈالا اور راجا کے
بنس ميں کسي کو جيتا نه چهوڑا يے راجا اپنے تئيں رامچندر کے بيٹے لَو
लव کي اولاد ميں بتلاتے هيں * خالي ايک راني پشپاوتي وهاں سے بچ کر
पुष्पावती بهاگي + اور ماياگر کي کسي کهوه ميں جاکر چهپ رهي * راني کو
حمل تها + وهاں اُس کے ايک لڑکا پيدا هوا نام اُس کا گوه رکها * وهي
गोह لڑکا ايدر کو جو بلبهي اور اُديپور کے بيچ ميں هی اپنے قبضے ميں لاکر
وهاں کا راجا هوا + اور کهتے هيں که نوشيروان کي پوتي ‡ سے بياه کيا *

† گجرات ميں بهاونگر سے ۲۰ ميل پچهم جهاں اب بلّے بسا هی *
‡ معاصرالامرا اور بساطالغنائم دونوں تواريخوں ميں لکها هی که جب ايران کا
آخري آريه (आर्य) اور اگني هوتري (अग्निहोत्री) يعني آتش پرست بادشاه
يزدگرد عرب والوں سے شکست کها کر مارا گيا اُس کی بڑی بيٹی ماهبانو بهاگ کر
هندوستان ميں چلی آئی اُسی کي اولاد ميں اُديپور کے رانا هيں يزدگرد نوشيروان
کے پوتے کا پوتا تها ليکن نوشيروان کا پوتا خسرو پرويز بهي نوشيروان کهلايا اور اُس
نے روم کے عيسائي قيصر مارس کي بيٹي مريم سے بياه کيا تها *

گوہ کے بعد آٹھہ راجا ایدر کي گدّي پر بیٹھے آٹھویں راجا کا چھوٹا لڑکا
बापा جس کا نام باپا تھا اپنے باپ کے مارے جانے پر بھانڈیر میں بھگ گیا +
سنہ ۷۰۰ع اور وہاں گڈریوں میں پل کر سنہ ۷۰۰ع کے لگ بھگ چتّوڑ کو چلا آیا
اور وہیں رہنے لگا * اُسي زمانے میں مسلمانوں کے پیغمبر محمد † کے
مرنے کے بعد دوسرے خلیفہ عمر نے ایران فتح کر کے کچھہ فوج
ہندوستان کي طرف بھیجي لیکن اُس کا سپہسالار پہلي ہي لڑائي میں
مارا گیا + پھر خلیفہ علي نے لشکر بھیج کر سندھہ ندي کے کنارے کا
کچھہ ملک فتح کیا لیکن علي کے مارے جانے پر وہ لشکر اُس ملک
کو آپ ہي چھوڑ کر چلا گیا *

سنہ ۷۱۱ع سنہ ۷۱۱ع میں جب کہ ولید خلیفہ تھا مسلمانوں کے لشکر نے
بڑي آفت مچائي سارا سندھہ اپنے قبضے میں کر لیا + اور بہت راجاؤں
سے خراج وصول کیا * اُسي لشکر کے سپہسالار قاسم کا بیٹا محمد تین
برس بعد پھر ہندوستان پر چڑھا اور گجرات فتح کر کے چتوڑ کي
طرف جُھکا + لیکن باپا سے شکست کھا کر بھاگنا پڑا * باپا نے کھنبھات کے
حاکم سلیم کي لڑکی سے بیاہ کیا اور چتّوڑ کے پہلے راجا کو نکال کر آپ
وہاں کا راجا بن گیا + پھر تھوڑے ہي دن پیچھے اپنا ملک اور مت
سنہ ۸۱۲ع چھوڑ کر خراسان کي طرف چلا گیا * سنہ ۸۱۲ع میں خلیفہ
ہارون الرّشید کے بیٹے مامون الرّشید خراسان کے حاکم نے ایک بڑے
لشکر کے ساتھہ ہندوستان میں آکر چتوڑ پر چڑھائي کي اُس وقت چتوڑ
खमान میں باپا کے پوتے کا بیٹا راج پر تھا نام اُس کا راجا کھمان تھا + اُس سے
اور مامون سے چوبیس لڑائیاں ہوئیں لیکن آخر مامون شکست کھاکر
سنہ ۹۷۰ع ہندوستان سے بھاگ گیا * اِس کے بعد سنہ ۹۷۰ع میں خراسان کے بادشاہ
امیر ناصرالدین سبکتگین نے ہندوستان پر چڑھائي کي اور پنجاب کي
जयपाल سرحد کے کئي قلعے فتح کر لیئے یہہ خبر سُنکر لاہور کا راجا جیپال
ایسا بگڑا کہ اپني فوج سندھہ پار لے جاکر خواسان پر چڑھہ دوڑا + وہاں
عجب ماجرا ہوا کہ سبکتگین سے راجا نے شکست کھاکر اُسے خراج دینا

† محمد سنہ ۵۶۹ع میں پیدا ہوئے تھے اور مکے سے مدینے گئے تبھي سے سن ہجري جاري ہوا *

قبول کیا لیکن جب وہاں سے چھوٹ کر لاھور میں آیا تو اُس نے بادشاہ کو وہ خراج نہیں بھیجا * اِس لیئے سبکتگین نے پھر پنجاب پر چڑھائي کي + راجا جیپال بھي دلّي اجمیر کالنجر اور کنّوج کے راجاؤں کي کمک لے کر سندھ پار اُترا اور لمغان کے پاس جا کر سبکتگین سے لڑا ندان پھر بھي اُسي کي فوج نے مسلمانوں کے لشکر سے شکست کھائي *

اُس وقت اُجّین اور پاتلي پتر کے راج کو بگڑے بہت دن ہو چکے تھے اور نئے نئے راجا هندوستان کے جدا جدا ملک میں راج کرتے تھے * جب سے مہاراج بکرم نے دلّي کے راجا کو دور کیا + تب سے وہ راج پانچ سو برس سے اُوپر بنا راجا پڑا رها * یہاں تک کہ زمانے کے

तोमर
अनंगपाल
पृथीराज

پھیر سے دلّي کو تومر راجاؤں نے اپني دارالسلطنت بنائي + اننگ پال تک اِس گھرانے کے اِکیس راجا دلي کي راج گدي پر بیٹھے تھے اننگ پال نے اپنے ناتي † پرتھي راج چوھان اجمیر والے کو گود لیا * کنّوج کے راج پر راٹھوروں کا قبضہ تھا + میواڑ گوھلوتوں کے ھاتھہ میں تھا * گجرات میں سولنکي راج کرتے تھے + سواے اِن کے اور بھي بہت سے چھوٹے چھوٹے راجا تھے اپنے ڈیڑھ چاول کي کھچڑي جدا هي پکاتے تھے * آپس کي پھوٹ سے مسلمانوں کو یہاں چلے آنا سہج ہو گیا + اور دیکھتے هي دیکھتے سارا ملک دبا لیا *

سلطان محمود غزنوي

جب سبکتگین مرا + تو اُس کے بیٹے محمود کو تیسواں برس تھا * سات مہینے کے اندر اپنے بھائي اِسمعیل کو جو تخت پر بیٹھہ گیا تھا قید کر کے آپ بادشاہ ہوا اور سلطان اپنا لقب رکھا + سلطان عربي زبان میں بادشاہ کو کہتے ہیں اُس سے پہلے یہہ لقب کسي بادشاہ نے نہیں اختیار کیا تھا *

سنہ ۹۹۷ع

اُس وقت فارس وغیرہ پچھم دیس کي مسلماني سلطنتیں ایسي کم زور پڑ گئي تھیں + اور آپس میں لڑائي جھگڑا رکھتي تھیں * کہ جو

† بیٹي کا بیٹا یعني دُھیتا *

محمود اُدھر کو اپنے لشکر کي باگ اُٹھاتا + سمندر تک اُسے کوئي روکنے والا نہ تھا * پر ھندوستان کي دولت اور زر خیزي ایسي مشہور تھي + اور دوسرے مذھب والوں کو زبردستي مسلمان بنا لینا بھہ اُس مذھب والوں کے نزدیک اُن دنوں نام پیدا کرنے کے لیئے ایسي ایک بڑي بات تھي * کہ محمود سا حوصلے والا اِس عجیب بےنظیر ملک کو چھوڑکر کب کسي دوسرے پر دل چلاتا + بھلا امرت پھل چھوڑکر وہ کب اندرائن کھاتا *

ایران میں مسلمانوں کا دخل ھونے سے کچھہ اُوپر ۳۵۰ برس بعد محمود نے دس ھزار چنے ھوئے سوار لے کر اپني دارالسلطنت غزنین سے ھندوستان کي طرف کوچ کیا + پہلا مقابلہ پشاور کے پاس اُس کے باپ کے پرانے دشمن لاھور کے راجا جیپال سے ھوا بادشاہ نے فتح پائي راجا قید میں آ گیا * پھر محمود نے ستلج پار ھوکر بٹنڈے کے قلعے پر ھلّا کیا + اور لے کر اُسے خوب لوٹا * تب تک بٹنڈا بہت آباد اور نامي مقام تھا + لاھور کا راجا وھاں آکر اکثر رھا کرتا تھا *

سنہ ۱۰۰۱ع

बितंडा

محمود نے غزنین پہنچنے پر جیپال سے خراج دینے کا پھر نیا قول قرار لیکر اُسے قید سے خلاص کیا اور اُس کے ساتھہ اور بھي بہت سے ھندؤں کو چھوڑتي لے لیکر بند سے چھوڑ دیا + لیکن جیپال کے جي میں اُس مسلمان کے قید کي کچھہ ایسي غیرت سي آگئي کہ چھوٹتے ھي راج پاٹ اپنے لڑکے انندپال کو دے آپ اُشانل یعني پھوس کي آگ میں جل مرا *

سنہ ۱۰۰۴ع

انندپال اپنے باپ کے قول قرار پر چلا گیا + اور محمود کو جو کچھہ کہ خراج ٹھہرا تھا برابر دیتا رھا * لیکن اُس کے ذیلداروں میں سے بھٹنیر کے راجا نے اپنے حصّے کا خراج ادا کرنے سے اِنکار کیا + اِس لیئے محمود کو وھاں آنا پڑا * راجا سندھہ ندي کے کنارے جنگلوں میں بھاگ گیا + اور پھر وھاں نا اُمیدي کے سبب اُس نے اپنے تئیں آپ ھي مار ڈالا *

تیسري بار محمود مُلتان کے حاکم ابوالفتح لودي کو جو اُس سے پھر
کر راجا انندپال سے مل گیا تھا زیر کرنے کو اِس طرف فوج لایا راجا
نے اپنے میلي کي پچھه کي + پر آخر هار کر کشمیر بھاگنا پڑا ابوالفتح سنه ۱۰۰۵ع
نے کچھه نذر نذرانه دے کر محمود کو راضي کر لیا محمود کو بھي
غزنین جلد لوٹنا منظور تھا کیونکه اُدهر سے تاتار کے بادشاه کے چڑھائي
کي بہت گرم خبر آئي تھي *

محمود کے ساتھه پانچسو هاتھي جنگي موجود تھے توپخانے کي
تب تک کوئي قدر نه جانتا تھا + اور نه اُس کي حکمتوں سے واقف
تھا * هاتھیوں کے سامنے تاتاریوں کے گھوڑے کاهے کو ٹھہرسکتے تھے بلخ کے
پاس لڑائي هوئي محمود نے فتح پائي + تاتاریوں نے پیٹھه دکھائي *

محمود سندهه کنارے کے ضلعوں کو سکھهپال کے سپرد کر گیا تھا + سنه ۱۰۰۶ع
یهه سکھهپال هندو سے مسلمان بنا تھا * لیکن جب محمود بلخ کي
طرف گیا + تو اُس نے پھر هندو بن کر اُس کي اطاعت سے سر پھیرا *
محمود نے بلخ سے لوٹ کر اِسے تو جنم بھر کے لیئے قلعے میں قید کر
دیا + اور انندپال کو سزا دینے کے لیئے لشکر اِکٹّھا کیا *

انندپال بھي غافل نه تھا دیس دیس کے راجاؤں سے دوت یعني سنه ۱۰۰۸ع
ایلچي بھیج بھیج کر کہلا بھیجا + که اِس محمود کا اِدهر بڑهنا اع
هم سب کے واسطے ایک سا مضر هی اِس کے هاتھه سے کسي کا بھي
دهرم اور دهرتي اور دهن نہیں بچیگا اگر کچھه حوصله اور همت
رکھتے هو تو آؤ رن میں میرا ساتھه دو اب تک بھي کچھه نہیں بگڑا اع
هی ندان اُجین — گوالیر — کالنجر — کنّوج — اجمیر اور دلي
کے راجا اپني اپني سینا سج کے انندپال کا ساتھه دینے کو پنجاب کي
طرف سدهارے پشور کے پاس هي لڑائي هوئي اِتفاق سے انندپال کا
هاتھي بھڑک گیا اور پیچھے کو بھاگ چلا + لشکر نے اپنے سیناپت یعني
سپهسالار کو بھاگا سمجھه کر رن سے منهه موڑا * محمود نے پنجاب تک
اُن کا پیچھا کیا وے تو جدهر تدهر تین تیره هوگئے محمود نے میدان
سونا پاکر نگرکوٹ یعني کوٹ کانگڑا جالوٹا + سات لاکھه دینار سات سو

من † سونے چاندي کا اسباب دو سو من نرا سونا دو هزار من چاندي اور بیس من جواهر وهاں محمود کے هاتهه لگا *

سنه ١٠١٠ع سنه ١٠١٠ عیسوي میں محمود مُلتان سے ابوالفتح لودي کو قید کر لے گیا اور پهر دوسرے سال آکر تهانیسر لوٹا + اور جهاں تک هندو اُس کے هاتهه لگے لونڈي غلام بنانے کو غزنین لے گیا * کهتے هیں که وهاں ایک مانک اُسے ساتهه تولے کا ملا + اِس کے بعد اُسنے دو دفعه کشمیر پر حمله کیا *

سنه ١٠١٧ع نویں چڑهائي اُس کي هندوستان پر بڑي تیاري کے ساتهه هوئي تواریخ فرشته میں اُس کے لشکر کي تعداد ایک لاکهه سوار اور بیس هزار پیدل لکهي هی وه اپنے لشکر کو اِس ڈهب اچانک کنوج کے سامنے لے آیا که وهاں کے راجا کنور راے سے کچهه بهي نه بن پڑا + گلے میں دوپٹه ڈال کر بال بچوں سمیت محمود کے پاس چلا آیا * محمود نے جو اپني عمر میں تعریف کے لائق کوئي کام کیا + تو وه یهي اِس وقت اپني بڑائي کا دکهلانا تها * راجا کي بڑي خاطرداري کي + اور اُسے هر طرح سے تسلّي دي * تین دن تک راجا کا مهمان رها + چوتهے دن کنوج سے غزنین کو لوٹا * ‡ کتابوں میں اُس وقت والوں نے کنوج کي

---

† من کئي طرح کا هوتا هی هندوستان میں چالیس سیر کا گنا جاتا هی لیکن اُس میں بهي سیر کم زیاده رهتا هی تواریخ فرشته کے بموجب علاءالدین خلجي کے زمانے میں جو سنه ١٢٩٥ع میں تخت پر بیٹها تها یهاں چوبیس تولے کا سیر تها که اِس حساب سے جب کا من اب کا بارهوں سیر کا هوا تبریزي من ساڑهے پانچ سیر کا هوتا هی اور عرب کا من کل دو سیر کا پر محمود کے ساتهه والوں نے اگر سیر کا بهي من مانا هو تو بهي بهت هوتا هی *

‡ لیکن تاریخ یمیني میں لکها هی که راجا گنگا پار بهاگ گیا بادشاه نے ایک هي روز میں ساتوں قلعے جو الگ الگ گنگا کنارے بنے هوئے تهے فتح کر لیئے دس هزار کے لگ بهگ وهاں مندر تهے بادشاه نے اپنے سپاهیوں کو لوٹنے اور قیدي لینے کي اجازت دي " لوگ اپني گونگي بهري مورتوں " کا یهه حال دیکهکر مارے ڈر کے جدهر راه پائي نکل گئے سب " بیوه اور یتیموں کي طرح " پریشان هوئے جو نکل نه جا سکے قتل کیئے گئے *

بڑي بڑائياں لکھي هيں + کوئي اُس کي شهر پناه کا گھيرا پندره کوس کا لکھتا هی کوئي اُس ميں تيس هزار تمبوليوں کي دوکان بتاتا هی کوئي وهاں کے راجا کي فوج ميں پانچ لاکھه پيادے گنتا هی کوئي اُس ميں تيس هزار سوار اور اسّي هزار زره‌پوش اور بڑهاتا هی پر اب تو نرا ايک قصبه سا باقي ره گيا هی ٹوٹي پھوٹي عمارت البته دور دور تک اُس کے گرد نظر پڑتي هيں *

محمود رستے ميں متھرا کو تباه کرتا گيا بيس دن تک اُسے لوٹا + اور مورتوں کو توڑوا کے مندروں ميں بُرا بُرا کام کيا * سو اُونٹ نري توڑي هوئي چاندي کي مورتوں سے بھر کے لے گيا + پانچ خالي سونے کي تھيں اُن ميں ايک کا وزن همارے اب کے چار من سے اُوپر تھا * مهابن کو قتل کيا راجا اپنے بال بچوں کو مار کر آپ بھي مر رها + اِس بار محمود يهاں سے پانچ هزار تين سو آدميوں کو غزنين پکڑ لے گيا *

دسويں بار محمود کو کنوج کے راجا کي مدد کے واسطے آنا پڑا + پر کالنجر کے راجا نے اُسے محمود کے پهنچنے سے پهلے هي کاٹ ڈالا تھا * اور گيارهويں بار وه کالنجر کے راجا سے لڑنے کو آيا + لاهور کے راجا اننديال کے بيٹے نے کنوج کے آنے ميں محمود کا مقابله کيا تھا اِس ليئے محمود نے اُس کا راج چھين کر غزنين ميں ملا ليا *

سنه ١٠٢٤ع بارهواں حمله محمود کا پٹّن سومناتھه پر هوا + اب تو يهاں والے اُس کا نام تک بھي بھول گئے پر اُس وقت وه اِس ديس کے بڑے تيرتھوں ميں گنا جاتا تھا * گجرات کے جزيره‌نما کے دکھن سمندر کے کنارے سومناتھه مهاديو کا نامي مندر بنا تھا + چھپن کھنبھے اُس ميں جواهر جڑے هوئے لگے تھے اور دو سو من بھاري سونے کي زنجير سے گھنٹا لٹکتا تھا * دو هزار گانو اُس کے خرچ کے واسطے معاف تھے + اور دو هزار پنڈے وهاں کے پجاري گنے جاتے تھے * تيرتھه کي جگهه سمجھه کے آس پاس کے بهتيرے راجه اُس کے بچانے کو اِکٹھا هو گئے + پر محمود کب چھوڑتا تھا تين دن تک لڑائي هوتي رهي پانچ هزار سے اُوپر رجپوت کھيت رهے باقي ناؤں پر

سوار هوکر نکل گئے * محمود جب مندر میں گیا برہمن بہت
گڑگڑائے اور عرض کیا کہ آپ مورت کو نہ چھوویں تو جتنا روپیہ کہیں
ہم دنڈ بھریں بادشاہ نے کہا کہ میں بت شکن ہوں بت فروش نہیں
بنا چاہتا + یعني موروتوں کا توڑنے والا ہوں بیچنے والا نہیں بنونگا * اور
یہہ کہہ کے ایک گرز اُس بیچ گزي مورت میں ایسا مارا کہ وہ ٹکڑے
ٹکڑے ہوگئي پر دیکھو اُس مالک کي قدرت کہ اُس کے بھیتر سے اِتنے
هیرے موتي اور جواهر نکلے جنکا مول اُس دنڈ سے جو برهمن دینا
قبول کرتے تھے کہیں بڑھہ کر تھا + محمود نے اُس مورت کے دو
ٹکڑے تو مکّے مدینے بھجوا دیئے اور دو غزنین میں اپني کچہري اور
مسجد کي سیڑھیوں میں جڑوا دیئے کہتے ھیں کہ اِس حملے میں
کم سے کم دس کروڑ کا مال محمود کے ھاتھہ لگا * † غزنین پہنچ کر
ترت هي محمود کو ایک بار مُلتان تک پھر آنا پڑا + وهاں اُن
جاٹوں کو جنھوں نے سومناتھہ سے لوٹتے وقت اُس کے سپاھیوں کے ساتھہ
کچھہ چھیڑ چھاڑ کي تھي سزا دینا بہت ضرور تھا * لیکن پھر
هندوستان پر کوئي چڑھائي نہیں کي ایران توران هي کي مہموں
میں پھنسا رها + یہاں تک کہ سنہ ۱۰۳۰ع میں بیمار هوکر اِس سنہ ۱۰۳۰ع
دنیا سے اُٹھہ گیا * ‡ مرنے سے کچھہ دیر پہلے اُس نے خزانے سے منگواکر
سونے چاندي اور جواهرات کا اپنے آنکھوں کے سامنے ڈھیر لگوا دیا اور
پھر دیر تک اُنھیں دیکھہ دیکھہ کر رویا کیا + یہہ نہیں معلوم کہ
وہ اُن ظلم اور زیادتیوں کو سوچ کر روتا تھا کہ جن سے وہ ھاتھہ
لگے یا اِس بات کو کہ اب اُنھیں ساتھہ نہ لے جاسکتا تھا *

ندان سنہ ۱۱۸۶ع تک غزنین کي سلطنت اِسي محمود کے گھرانے
میں رهي پر هندوستان پر ایسا کسي نے دل نہیں چلایا + هاں
پنجاب کو جسے محمود نے غزنین کي سلطنت میں ملا لیا تھا البتہ
اپنے تحت میں رکھا * اُس کے پرپوتے دوسرے مسعود کے وقت میں سنہ ۱۰۹۸ع

---

† وہ چندن کے کواڑ جو سرکاري فوج سنہ ۱۸۴۲ع میں غزنین سے اُکھاڑ لائي تھي
اور اب آگرے نے قلعے میں رکھے ھیں اِسي سومناتھہ کے بتلاتے ھیں *

‡ تاریخ وفات محمود غزنوي شاہباز جنان سنہ ۴۲۰ هجري *
میٔے عشرت سے کوئي جام جو بھر لیتا هی آسمان اُس کا وهیں کاسۂ سر لیتا هی

کچهه فوج گنگا کے پار تک آکر لوت مار کرتي هوئي پهر لاهور کو مڑگئي
تهي سنه ۱۱۸۶ع میں محمود کے پرپوتے کے پرپوتے خسرو ملک کو سنه ۱۱۸۶ع
شهاب‌الدین محمد غوري لاهور سے قید کر لے گیا + اور اُسي کے ساتهه
وه غزنین کا گهرانا تمام هوا *

شهاب‌الدین محمد غوري

قندهار سے سات آٹهه منزل آگے غور ایک جگهه هی مدت سے وهاں کے
حاکم الگ هوتے آئے تهے محمود غزنوي نے اپنے تابع کر لیا تها + اور
اُس کے جانشینوں میں سے بهرام نے اپني لڑکي کا بیاه بهي وهاں کے
حاکم قطب‌الدین محمد کے ساتهه کر دیا تها * پر پهر آپس میں جو
تکرار پڑگئي تو وه یهاں تک بڑهي + که بهرام نے اپنے داماد کي جان
هي لے ڈالي اور اُس کے بهائي سیف‌الدین کي بهي بڑي نوبت کي *
منهه کالا کر کے بیل پر شهر میں گهمایا + اور پهر سر کٹوا کے ایران کے
بادشاه کے پاس بهیج دیا * اِنهیں اپنے دونوں بهائیوں کا بدلا لینے کو
علاءالدین غوري نے جسے تواریخ والوں نے جهاں سوز خطاب دیا هے
غزنین پر چڑهائي کي سات دن کي لوت مار میں شهر کو تو پهونک
پهانک کر بالکل نیست نابود کر دیا اور شهر والوں کو جو اِس کے ساتهیوں
کي تلوار سے بچے بهتوں کو پکڑ کر غور لے گیا + اور وهاں اپنے مکانوں کے
لیئے اُن کے لوهو سے گارا سنوایا * نداں اِسي علاءالدین کے بهتیجے
شهاب‌الدین محمد غوري کي قید میں جیسا که ابهي اُوپر لکهه آئے ۱ع
هیں بهرام کا پوتا خسرو ملک جو محمود کے گهرانے میں آخري
بادشاه هوا جان سے گیا + اور غزنین کا سارا راج غور میں ملا *

هندوستان میں مسلمانوں کي بادشاهي کي جڑ جمانے والا اِسي ۱ع
شهاب‌الدین کو سمجهنا چاهیئے سنه ۱۱۷۶ع میں اُس نے اُچّ لیا تها
اور دو برس بعد گجرات پر چڑهائي کي + لیکن وهاں اُس نے شکست
کهائي * پهر کچهه دنوں پیچهے سندهه کو لوٹا + اور سنه ۱۱۹۱ع میں سنه ۱۱۹۱ع
دلّي کي طرف فوج لایا *

اِس پهلي لڑائي میں جو تهانیسر اور کرنال کے بیچ تلاوڑي کے میدان
میں هوئي شهاب‌الدین نے پرتهي راج سے شکست کهائي * پر سنه

سنه ۱۱۹۳ع ۱۱۹۳ع میں وہ بڑي بھاري فوج لے کر آیا + جي چند راتھور کنوج والے کو اپنے موسیرے بھائي پرتھي راج کا اننگ پال کي گود بیٹھنا اور دلي اور اجمیر کا راج ایک ہوکر اُس کا بڑھنا بہت برا لگا تھا * راج سوجگ اور اپني بیٹي کے سویمبر † میں اُسے نہ بُلاکر اُس کي مورت سونے کي بناکر دربانوں کي جگہہ رکھوا دي پرتھي راج یہہ حال سنکر بڑے غصے میں آیا + اور چنے ہوئے سرداروں کے ساتھہ دھاوا مار کر جي چند کي بیٹي کو ہر یعني اُٹھا لے گیا اِس میں پرتھي راج کے اچھے اچھے آدمي کام آئے + یعني ایک سو آٹھہ سرداروں میں سے چوسنتھہ کھیت رھے * اور یہي آپس کا بیر برودھہ اِس دیس میں مسلمانوں کے غالب ہو جانے کا اصلي سبب ہوا + پرتھي راج کو اِس نازک وقت میں جي چند کي مدد کا کچھہ بھي بھروسا نہ تھا * بلکہ دشمن سے سازش رکھنے کا کھٹکا تھا + تو بھي گھمنڈ کے نشے میں چور تھا اپنے زور کے آگے دشمن کي کچھہ حقیقت نہیں سمجھتا تھا * تین ہزار ہاتھي اور تین لاکھہ سواروں کا لشکر اکٹھا کر لیا تھا + پیدلوں کا کچھہ شمار نہ تھا * ڈیڑھہ سو سے اُوپر اِس کے لشکر میں راجا گنے جاتے تھے شہاب الدین جیسے دودھہ کا جلا چھاچھہ بھي پھونک پھونک کر پیتا ہے بڑي خبرداري سے لڑتا تھا + لڑائي کے وقت دھوکھا دینے کے لیئے یکبارگي اپنے لشکر کي باگ پیچھے موڑدي ہندوؤں نے سمجھا کہ مسلمانوں کے پانوں اُکھڑے پیٹھہ دکھا کر بھاگے جاتے ہیں آگا پیچھا کچھہ نہ بچارا جدھر جس کا جي چاہا دشمن کا پیچھا کرنے کو قدم اُٹھایا * شہاب الدین نے جب دیکھا کہ ہندو بکھر گئے بارہ ہزار چنے ہوئے زرہ پوش سواروں کے ساتھہ جھپٹ آ راجا کو دھر دبایا + بہتیرے سور اور ساونت اُس جگہہ کام آئے چتور کا راجا سمرسي بڑي بہادري کے ساتھہ مارا گیا * پرتھي راج کو شہاب الدین نے جیتا پکڑ لیا + اور پھر اُس کے گلے پر چھرا چلوایا * ‡ سچ ہے فتح اور شکست بالکل اُس مالک

---

† یہہ جگ اور سویمبر (यज्ञ और स्वयम्बर) اِس دیس میں آخر ہوا پھر کبھي کسي نے اِس کا حوصلہ نکیا *

‡ پرتھي راج کا سب حال اُس کے بھاٹ چند کبیشور نے پرتھي راج رایسے میں بہت اچھي طرح لکھا ہے *

کے هاتهه هی اجمیر میں اِس نے هزاروں کو قتل کیا + اور هزاروں کو لونڈي غلام بنایا * اور تب پرتهي‌راج کے کسي رشتےدار کو بهاري خراج دینے کے قرار پر وهاں کا راج دے کر اور اپنے غلام قطب‌الدین ایبک کو هندوستان میں چهوڑ کر آپ غزنین کو لوٹ گیا + قطب‌الدین نے دلي اور کویل پر اپنا قبضه کیا *

سنه ۱۱۹۴ع پهوٹ کا یهي پهل هی که دونوں برباد هوں پس کنّوج کا راجا جی‌چند راٹهور بهي کب بچنے پاتا تها + دوسرے سال شهاب‌الدین نے اُس پر چڑهائي کي اور اِٹاوے کے اُتر اُسے شکست دے کر بنارس تک اپنے قبضے میں کر لیا گویا بنگالے کا دروازه مسلمانوں کے لیئے کهول دیا جی‌چند اِس لڑائي میں قطب‌الدین کے تیر سے مرا * اُس کے گهر بار کے لوگ انتربید چهوڑ کر مارواڑ کو چلے گئے + کهتے هیں که شهاب‌الدین نے بنارس میں کم سے کم ایک هزار مندر توڑوائے *

سنه ۱۱۹۵ع سنه ۱۱۹۵ع میں شهاب‌الدین پهر هندوستان میں آیا اور بیانا لے کر گوالیر کا محاصره کیا + لیکن اِسي عرصے میں کسي ضرورت کے سبب اُسے اپنے ملک کي طرف لوٹ جانا پڑا * سنه ۱۲۰۶ع میں ایک
سنه ۱۲۰۶ع دن جب اُس کا ډیره هوا کے واسطے عین سندهه ندي کے کنارے پر پڑا تها + آدهي رات کے وقت کئي ایک بدمعاش جن کے رشته‌دار اُس کي لڑائیوں میں مارے گئے تهے دریا میں تیر کر ډیرے کے اندر گهس آئے اور تلواروں سے اُس کا قیما کر ڈالا * † خزانه اِس کے پاس بهت تها + تواریخ فرشته کے بموجب پانچ من تو اُس میں نرا هیرا تها * غزنین میں تخت پر اِس کا بهتیجا محمود غوري بیٹها + لیکن هندوستان پر قطب‌الدین ایبک کا قبضه رها * مالوه اور اُس کے آس پاس کے ضلعوں کے سواے بالکل دخل میں آگیا تها + سندهه اور بنگاله بهي فتح هوا جاتا تها * گجرات کي دارالسلطنت انهل واڑے پر مسلمانوں کا جهنڈا پهہراتا تها + اور جو راجا ره گئے تهے اُنهوں نے خراج دینا قبول کرلیا تها * محمود غوري نے تخت پر بیٹهتے هي قطب‌الدین ایبک کو بادشاهي کا خلعت اور خطاب بهجوادیا + اور پهر تب سے یهي قطب‌الدین ایبک هندوستان کا بادشاه کهلایا *

---

† تاریخ وفات شهاب‌الدین محمد غوري صاحب‌السریر سنه ۶۰۲ هجري *

قطب‌الدین ایبک †

قطب‌الدین ایبک کو بچپن میں کسی دولت‌مند نے نیشاپور کے درمیان غلامی میں مول لیا تھا اور اُسی نے اُسے فارسی عربی پڑھایا + اُس کے مرنے پر وہ ایک سوداگر کے هاتهه بکا اور اُس سوداگر نے اُسے شہاب‌الدین محمد غوري کو نذر کیا * شہاب‌الدین کي اُس پر ایسی مہربانی هوئی کہ هوتے هوتے وہ هندوستان کا بادشاہ هوگیا + کیا قدرت هی خالق برحق اور قادر مطلق کي کہ جسنے لڑکپن میں نیشاپور کے سوداگروں کي غلامي کي وہ بڑهاپے میں هندوستان کے تخت پر مرا ‡ اور اِس دیس میں مسلمانوں کے راج کي جڑ جمانے والا هوا *

آرام‌شاہ

چوگان کهیلتے گهوڑے سے گرکر قطب‌الدین ایبک کے مرنے پر اُس کا بیٹا آرام‌شاہ برس بهر بهي تخت پر نہ بیٹهنے پایا تها + کہ اُس کے بهنوئي شمس‌الدین التمش نے تاج بادشاهي کا اپنے سر پر رکها * سنہ ۱۲۱۰ ع

شمس‌الدین التمش ¶

قطب‌الدین ایبک نے اِسے ایک هزار روپئے پر مول لیا تها + جس دن اِس نے آرام‌شاہ سے تخت چهینا یہہ بہار کا صوبہ‌دار تها * اِسي

---

† ایبگ ترکي میں اُسے کہتے هیں جس کے هاتهه کي چهوٹي اُنگلي ٹوٹي هو *

‡ تاریخ وفات قطب‌الدین ایبک سلطنت پناہ سنہ ۶۰۷ هجري *

¶ رسالہ ترکي والہ التمش کے معني فوج لکهتا هی جو میان هراول و سردار هو اور تواریخوں میں اِس کا یہہ نام پڑنے کا باعث یوں لکها هی کہ وہ بروز خسوف متولد هوا بهرکیف قاضي منهاج‌السراج جرجاني کے اشعار ذیل سے میم مکسور اور مشدد معلوم هوتا هی اگر تشدید جائز نہ رکهیں (ت) کے کسرہ کو بڑها کر خواہ (ت) کو (ي) کے ساتهه ملا کر پڑهنا پڑیگا *

آن خداوندے کہ حاتم بذل و رستم کوشش است
ناصر دنیا و دین محمود بن التمش است
ز فر ناصرالدین شاہ محمود ابن التمش
ملک نزدهي دعا خواندہ فلک پیشش زمین گشتہ

اور اِس تاریخ کے شعر سے ساکن

چو شش صد سي و سہ از سال هجري گذشت و بست روز از ماہ شعبان
بشد سلطان شمس‌الدین التمش بسوے جنت‌الماوا خرامان

عرصے میں چنگیزخان † مغلوں کا سردار بے شمار فوجیں لے کر تاتار
سے باھر نکلا تھا + اور سندھہ پار کے دیسوں میں قیامت کا سا ھنگامہ
مچا رکھا تھا * کہتے ھیں کہ ملکوں کي تباھي ایسي آج تک کبھي کسي
نے نہیں کي + جیسي اِس مغل کے ھاتھہ سے مالک کو منظور ھوئي * جہاں
جاتا تھا سواے کاٹنے مارنے ڈھاھنے جلانے لوٹنے ڈوبانے کے اور کچھہ بھي اُسے
کام نہ تھا + گویا اِس ساري دنیا کو اُس نے بے آدمي کر ڈالنا بچارا تھا *
جب خوارزم کا بادشاہ جلال الدین جان بچانے کے لیئے گھوڑا تیرا کر سندھہ
اس پار بھاگ آیا تو مغلوں کي کچھہ فوج اِس کا پیچھا کرتي ھوئي مُلتان
اور سندھہ کے علاقے تک پہنچي تھي + پر شمس الدین التمش نہایت
عقلمند تھا جونہیں جلال الدین نے اِس ملک میں کچھہ دن ٹھہرنے کا اِرادہ
ظاھر کیا ترت اُسے کہلا بھیجا کہ یہاں کي آب ھوا آپ کے مزاج مبارک
کے موافق نہ آویگي * جلال الدین سمجھہ گیا + سندھہ سے اِیران کي
طرف چلتا ھوا * اِس لیئے مغلوں کي فوج بھي لوٹ گئي * پر نمونہ
اپنے ظلم کا اُتنے ھي میں دکھلاتي گئي * یعني دس ھزار ھندو جو غلام
بننے کے واسطے پکڑ لیئے تھے + جب لشکر میں رسد کي کمي ھوئي
تلواروں سے کاٹ ڈالے * بیچارے اِن بیگناھوں میں سے چھوڑا ایک کو بھي
نہیں چنگیزخان اور اُس کے ساتھہ کے مغل مسلمان نہ تھے + بلکہ ایک
طرح کے بودھہ تھے وے مورتوں کو پوجتے تھے اور بید اور قرآن دونوں
کو ایک سا سمجھتے تھے *

:۱۲ شمس الدین التمش نے اپنا دبدبہ سارے ھندوستان پر جمایا
سندھہ اور بنگالہ بھي بخوبي فتح کر لیا + رنتھنبھور جسے رنت بھنور
۱۲ بھي کہتے ھیں اور مانڈو کے مشھور قلعوں کو سر کیا * اُجین
میں مہاکال کا سو گز اُونچا نامي مندر توڑا + اور گوالیار کو دو بارا
اپنے قبضے میں لایا * بغداد کے خلیفہ نے اُسے پادشاھي کا خلعت بھیجا +
اور وہ اُونچا سندر قطب مینار بھي دلي میں اِسي بادشاہ نے بنوایا *
نداں سنہ ۱۲۳۶ع میں شمس الدین التمش اُس دنیا کو سدھارا +
اور رکن الدین اِس کا بیٹا تخت پر بیٹھا *

---

† امیر خسرو اپني تاریخ علائي میں چنگیزخان کو سب جگہہ ملعون لکھتا
ھي *

رکن الدین فیروزشاہ

اِسے رات دن بھانڈ اور کسبیوں سے کام تھا + نشہ اور تماش بینی یہی شغل آٹھوں جام تھا * سلطنت ما کے بھروسے چھوڑ دی تھی + خزانہ بالکل واہیات میں لٹاتا تھا ما بھی اُس کی بڑی ظالم تھی * سات ہی مہینے میں تخت سے اُتارا گیا + اور اُس کی جگہہ لوگوں نے اُس کی بہن رضیہ کو بٹھایا *

رضیہ بیگم

سنہ ۱۲۳۶ ع یہہ بیگم بڑی ہوشیار تھی + اگرچہ بہت پڑھی لکھی نہ تھی تو بھی قرآن اچھی طرح پڑھہ لیتی تھی * نت بادشاہوں کی طرح قبا ور تاج پہنکر تخت پر دربار کرتی تھی + نقاب منہہ پر کبھی نہیں ڈالتی تھی اور بڑے عدل انصاف کے ساتھہ لوگوں کی نالش فریاد سنتی تھی * پر ایک ہی چوک اُس سے ایسی بنی + کہ جس سے آخر اُس کی جان گئی * اُس کے اصطبل کا داروغہ ایک حبشی غلام تھا + وہی اُس کو بغل میں ہاتھہ دیکر گھوڑے پر سوار کراتا تھا * اُس پر ایسی مہربان ہوئی کہ اُسے امیرالامرا کا خطاب دیا + اِس سبب سب کا دل اُس سے پھر گیا اور بڑا دنگا بکھیڑا ہوا * نتیجہ اِس کا یہہ نکلا + کہ حبشی اور بیگم دونوں

سنہ ۱۲۳۹ ع مارے گئے † اور ملک اُس کے بھائی معزالدین بہرام کے ہاتھہ آیا *

معزالدین بہرام

لیکن دو برس دو مہینے سلطنت کر کے وہ بھی بلوائیوں کی قید میں جان سے گیا + اُسنے بالکل اختیار اپنے مہتر فراش کو دے رکھا تھا اور اُسی کی صلاح پر چلتا تھا اِسی سبب بلوا ہوا اور علاءالدین مسعود

سنہ ۱۲۴۱ ع جو رکن الدین کے لڑکوں میں سے تھا تخت پر بیٹھا *

---

† رضیہ مردانی پوشاک میں بھاگی تھی راستے میں سو گئی کسی کسان نے اُس کی پوشاک کے تلے زری اور موتی ٹکی انگیا دیکھہ لی جانا کہ عورت ہی مارکر کپڑے اُتار لیئے لاش زمین میں گاڑ دی *

علاءالدين مسعود

کچهه اوپر چار هي برس کا عرصه گذرا هوگا + علاءالدين مسعود بهي مارا گيا * اس کے وقت ميں مغلوں نے تبت کي راه بنگالے پر چڑهائي کي + پر شکست کهائي *

ناصرالدين محمود

يهه شمس‌الدين التمش کا بيٹا تها + جب بادشاه هوا سلطنت کا بالکل کام اپنے بهنوئي وزير غياث‌الدين بلبن کے بهروسے پر چهوڑ ديا اپنا شوق خالي کتاب سے رکها * نام کو بادشاه تها + پر سچ پوچهو تو درويشي کرتا تها * کتاب نقل کرکے اپنا پيٹ بهرتا + اپني بيگم سے کهانا پکواتا اونڈي يا مزدور ني ايک بهي اس کے پاس نه رهنے ديتا * جو کچهه غريب محتاجوں کے کهانے ميں آتا هی وهي آپ بهي کهاتا + نکاح ايک هي کيا تها دوسرے کا کبهي خيال بهي جي ميں نه لاتا * وزير بهت هوشيار تها + شمس‌الدين التمش کا غلام اور داماد تها * پہلے بادشاهوں کي غفلت سے جو خرابياں اور بےانتظامياں ملک ميں پڑگئي تهيں اُن کے دور کرنے کي کوشش کرتا + اُدهر غزنين فتح کي اِدهر کالنجر تک دبدبه جمايا *
سنه ۱۲۵۸ع نرور کا قلعه ليا + چنديري کو بهي جا دبايا * سنه ۱۲۵۸ع ميں جب چنگيزخان کے پوتے هلاکو کا ايلچي آيا + تو دو هزار هاتهيوں کے ساتهه پچاس هزار سوار اور دو لاکهه پيادے ليکر دلي کے باهر اُس کا استقبال
سنه ۱۲۶۶ع کيا * سنه ۱۲۶۶ع ميں اِس نيک بادشاه نے اِس دنيا سے کوچ کيا + اِس کي نيکي يهاں تک بيان کرتے هيں که کسي دن ايک کتاب جو اپنے هاتهه سے نقل کي تهي اپنے کسي امير کو دکهلا رها تها اُس امير نے کئي جگهه غلطي بتلائي بادشاه نے درست کر ديا * ليکن جب وه امير چلا گيا + تو پهر ويسا هي بنا ديا جيسا پہلے تها * لوگوں نے سبب پوچها آپ نے فرمايا که مجهکو پيشتر سے معلوم تها که کتاب غلط نهيں تهي + ليکن ايک خيرخواه صلاح دينے والے کا دل دکهانے سے يهه محنت اپنے اوپر ليني ميں نے بهت مناسب سمجهي *

غیاث الدین بلبن

ہم تو بادشاھي کا یہہ ناصرالدین محمود ھي کے وقت سے کرتا تھا + لیکن اب اِس کے مرنے پر پورا بادشاہ ھو گیا * سنہ ۱۲۶۶ع میں میواتیوں نے سر اُٹھایا + پر جیسا کیا ویسا ھي پھل پایا * کچھہ کم زیادہ ایک لاکھہ آدمي اُن کے مارے گئے سنہ ۱۲۷۹ع میں بنگالے کا صوبہدار تغرل بگرا اور دعوي بادشاھي کا کیا + لیکن جلد ھي اُس کا سر کاٹا گیا * دلي اِس زمانے میں بڑي رونق پر تھي سوائے اُن بادشاہ اور بادشاھزادوں کے جو مغلوں کے ڈر سے اپنے ملک چھوڑ چھوڑ کر پہلے سے یہاں آبسے تھے اور پچیس سے کم نہ تھے پندرہ اِس بادشاہ کے وقت میں آئے + یہہ سب کي خاطرداري اور پرورش کرتا اور وہ سب خوشي سے اِس کے تخت کے گرد ھاتھہ باندھہ کر کھڑے ھوتے * شہر میں ھر ایک کے ملک کے نام سے محلّے بس گئے تھے + اور سمرقندي – کاشغري ختائي – رومي – غوري – خوارزمي وغیرہ پکارے جاتے تھے * یہہ بادشاہ اپنا دبدبہ جمانے اور شان شوکت دکھلانے میں جیسي کوشش کرتا + ویسي ھي عدل اِنصاف میں مستعدي رکھتا * اودھہ کے صوبہدار ھیبت خان نے شراب کے نشے میں کسي غریب کو مار ڈالا تھا اُس کي عورت نے نالش کي + بادشاہ نے ھیبت خان کو پانچ سو کوڑے لگواکر اُس عورت کے حوالے کیا اور کہہ دیا کہ آج تک ھمارا غلام تھا اب تیرا ھوا ھیبت خان جي نے بڑي سفارشوں سے بیس ھزار روپیے دے کر اُس عورت کي غلامي سے آزادي پائي * کہتے ھیں کہ جب سے وہ بادشاہ ھو شراب پینا بالکل چھوڑ دیا + نماز اور روزہ اختیار کیا * ماتم پرسي کے لیئے اپنے امیروں کے گھر جاتا + جمعہ کے دن مسجد سے لوٹتے وقت عالم فاضلوں کے مکان پر اُن سے ملاقات کرتا * اِس دھوم سے سواري نکلتي تھي کہ پانچ سو آدمي ننگي تلوار لے کر اردلي میں چلتے تو بھي راستے میں جہاں دیکھتا کہ وعظ کي مجلس ھی اُتر کر سُنتا اور اکثر رونے لگ جاتا + بےوضو کبھي نہ رھتا بےموزے اور ٹوپي کبھي کسي خدمتگار نے بھي اُسے نہ دیکھا پر سزا بہت سخت دیتا اور سلطنت کي پائداري کے لیئے ناحق بھي بہتوں کي جان لے ڈالتا *

سنہ ۱۲۷۹ع

آخري وقت میں اِس بادشاہ کو پنجاب کي طرف لڑائي میں مغلوں کے ھاتھہ سے اپنے بڑے بیٹے محمد کے مارے جانے کا بڑا رنج ھوا + امیرخسرو مشھور شاعر اِسي شاھزادے محمد کے پاس رھتا تھا جب شاھزادہ مارا گیا امیرخسرو دشمنوں کي قید میں پڑ گیا لیکن پھر چھوٹ آیا * ندان غیاث‌الدین بلبن اسي برس کي عمر میں اِس دار ناپائدار سے کوچ کر گیا + اور جب اُس کے بیٹے † قراخان نے سلطنت سے اِنکار کیا وزیروں نے اُس کے پوتے کیقباد کو تخت پر بٹھایا * سنہ ۱۲۸۶ع

معزالدین کیقباد

اِس کي عمر اٹھارہ برس کي تھي یکبارگي عیش میں ڈوب گیا + پہلے اپنے چچیرے بھائي کیخسرو کو قتل کیا اور پھر اَور بھي بہت سے امیروں کا سر کٹوایا * مسجد اور مندروں میں بھي واھیات اور تماش‌بیني ھونے لگي + ساري دلي بھانڈ بھگتئے ڈھاري کتھک کسبي بھڑوے اِسي قسم کے آدمیوں سے بھر گئي * جب اِس کا باپ قراخان بنگالے کا صوبہ‌دار سمجھانے اور نیک نصیحت دینے کو آیا + یہہ اُس سے لڑنے کے اِرادہ پر فوج لے کر نکلا * اور پھر جب وہ اِس کے دربار میں حاضر ھوا + یہہ پتھر کي طرح تخت پر بیٹھا رھا اور اپنے باپ کو تین تین بار زمین چومتے اور آداب بجا لاتے دیکھہ کر ذرہ بھي نہ ھلا * آخر جب چوبدار پکارا ,, قراخان نگاہ روبرو جہاں پناہ سلامت ,, قراخان سے نہ رھا گیا + ڈاڑھہ مارکر رونے لگا * تب تو کیقباد کے دل پر غیرت نے اثر کیا + تخت سے اُتر کر باپ کے قدموں پر گر پڑا اور ھاتھہ پکڑ کر اپنے برابر بٹھایا * قراخان نے سمجھانے اور نصیحت کرنے کا فائدہ نہ دیکھہ کر اُلٹے پاؤں اپنے صوبے کا راستہ لیا + اور بیٹے کو اُس کي قسمت کے حوالے کیا * ‡ کیقباد تھوڑے ھي دنوں میں اپنے سرداروں کے ھاتھہ سے مارا گیا + بیمار تو تھا ھي ایک کمبل میں سنہ ۱۲۸۸ع

---

† اصلي نام اِس کا بغراخان ھی بغرا ترکي میں شیر کو کہتے ھیں (غ) (ق) سے بدل جاتا ھی بُقرا ھوا اِختصار کے لیئے قراخان پکارنے لگے *

‡ امیر خسرو نے اِسي ملاقات کے حال میں قران‌السعدین لکھي ھی *

لیهت کر لات اور لاٹھیوں سے بُھرتا کر ڈالا * جب دم نکل گیا کھڑکی کي راہ جمنا میں پھینک دیا + اور اُس کي جگہہ سمانے کا نائب ناظم جلال الدین فیروز خلجي تخت پر بیٹھا * ندان غوري بادشاهوں کے غلاموں کي سلطنت کیقباد تک رهي + جلال الدین سے خلجیوں کے گھرانے میں آئي *

جلال الدین فیروز خلجي

خلجي افغانستان کي سرحد پر پہاڑیوں کي ایک قوم هی جلال الدین فیروز جب تخت پر بیٹھا ستر برس کا تها + مزاج اُس
سنہ ۱۲۹۴ع کا سادہ اور رحم دل پرلے سرے کا * سنہ ۱۲۹۴ع میں اُس کے بهتیجے علاءالدین نے آٹھہ هزار سواروں کے ساتهہ دکهن میں دیوگڈهہ † کے راجا رامدیو کو جا گهیرا + اور بہت سا سونا ‡ چاندي اور جواهرات لے کر تب اُس کا پنڈ چهوڑا * یہہ مسلمانوں کي دکهن میں پہلي چڑهائي تهي علاءالدین نے یہہ بڑا بهاري گنہ کا کام کیا + کہ
سنہ ۱۲۹۵ع سلطنت کے لالچ سے اپني آنکهوں کے سامنے اپنے بوڑهے چچا کو دهوکها دے کر مروا ڈالا

علاءالدین خلجي

سنہ ۱۲۹۷ع اِسنے تخت پر بیٹھتے هي پہلے تو جلال الدین کے دو لڑکوں کو قتل کیا + پهر جب گجرات فتح کر کے اپني سلطنت میں ملایا تو فوج سے لوٹ کا مال مانگا فوج نے بلوہ کیا * بہت آدمي مارے گئے + جو بهاگے بادشاہ نے اُن کے بال بچّے اور گهر کے لوگ کٹوا ڈالے * اُن کي عورتوں کو خراب کرنے کے لیئے نوکروں کے حوالے کیا + اُن کے دودهہ پیتے بچوں کو اُن کي ما اور بہنوں کے سر پر پٹکوا پٹکوا کر بُھرتا کر ڈالا * علاءالدین کے وقت میں مغلوں نے اِس ملک پر نئي

---

† جسے دولت آباد کهتے هیں *

‡ تواریخ فرشتہ میں لکها هی کہ هزار من چاندي چهہ سو من سونا سات من موتي اور دو من هیرا پنا اور مانک لیا *

بار چڑھائي کي + اور بڑي ھاے ھوي مچائي * ليکن شکست ھميشہ کھاتے رھے + جو گرفتار ھوئے ھاتھيوں کے پيروں سے پسوائے گئے يا اُن کے گلوں پر چھورے چلوا ديئے * ايک دفع نو ھزار مغل اسي طرح مارے گئے + اِن کے بچّے اور عورتوں کي بھي جان نہيں بخشتے تھے * سال بھر کے محاصرے ميں رنتھنبور کا قلعہ فتح ھوا ھمير وھاں کا راجا بڑي بہادري سے لڑا + اُس کے مارے جانے پر سارا رنواس بے عزتي کے ڈر سے آگ ميں جل مرا * باقي جتنے آدمي اُس قلعے ميں رھے + کيا مرد کيا عورت اور کيا بچّے سب کے سب قتل کيئے گئے * کہتے ھيں کوئي باغي ميرمحمدشاہ ھمير کي پناہ ميں چلا گيا تھا جب بادشاہ نے طلب کيا ھمير نے کہلا بھيجا کہ چاھے سورج پچھم ميں کيوں نہ نکلے اور چاھے سُمير دھرتي سے کيوں نہ مل جاے ميں اپنے پناہ گير کو ھرگز تمھارے حوالے نہ کرونگا + جب تک دم ھي اُسے بچاونگا * اِسي پر بادشاہ نے خفا ھوکر چڑھائي کي قلعہ فتح ھونے پر بادشاہ نے ديکھا کہ مير محمد ميدان ميں گھائل پڑا ھي پوچھا کہ اگر علاج کرا کے چنگا کريں ھمارے ساتھہ کيا سلوک کريگا + جواب ديا کہ تجھے مار کر پھر ميرمحمد ھمير کے بيٹے کو بادشاہ بناويگا بادشاہ نے غُصّے ميں آکر اُسے ھاتھي کے پيروں سے پسوا ڈالا *

سنہ ۱۳۰۰ع

سنہ ۱۳۰۳ع تين برس بعد چتوڑ کا مشہور قلعہ فتح ھوا + راجا رتن سين † مارا گيا * اُس کي پدمني راني جس کا نام پدماوتي تھا اپني سب سکھي سہيليوں کے ساتھہ چتا پر بيٹھہ کر جل گئي + اِسي راني کے روپ کي بڑائي سننے پر بادشاہ نے دھوکھا ديکر راجا کو قيد کر ليا تھا اور حکم دے ديا کہ جب تک راني نہ منگادے رھائي نہ پاوے راني نے چالاکي کي کہلا بھيجا کہ ميں آتي ھوں ميري سکھي سہيلي اور بانديوں کے ليئے ڈولياں بھيجو اور پھر سات سو ڈوليوں ميں اِس ڈھب ھتھيار بند سپاھي چھپا لائي کہ آپ بھي سلامت نکل گئي اور اپنے راجا کو بھي بندي‌خانے سے

† ٹاڈ صاحب اِس راجا کا نام بھيم لکھتے ھيں *

نکل لے گئي * اُس وقت تو بادشاہ سے کچھہ نہ بن پڑا + لاگ کي آگ سے اپني هي چھاتي جلاتا رها * ليکن فتح پانے پر جب قلعے کے اندر گيا + اور چاها کہ اُس سے اپنا جي ٹھنڈا کرے اُس کے بدلے وهاں اُس کا مکان اُس کي چتا کے دھوئيں سے بھرا هوا پايا † *

سنہ ۱۳۰۶ع
ديوگڈھہ کے راجا رامديو نے معمولي نذرانہ بھيجنے ميں کچھہ عذر کيا تھا اِس ليئے دکھن کو فوج بھيجي گئي راجا نے مقابلے کي طاقت نہ ديکھي دلّي ميں آکر حاضر هوا + اور بہت سا نذر نذرانہ دے کر بادشاہ کو راضي کر ليا * ليکن فوج جب ديوگڈھہ کو جاتي تھي اُس کے افسر نے گجرات کے بھاگے هوئے راجا کي راني کملا ديبي کو پکڑ کے بادشاہ کے حضور ميں بھيج ديا + يہہ راني ايسي خوبصورت تھي کہ بادشاہ نے اُسي دم اُسے اپني بيگم بنا ليا * راني نے عرض کي کہ جہاں‌پناہ ميري لڑکي مجھہ سے بھي بڑھہ کر خوبصورت هي وہ بھي راجا سے منگا لي جاوے لڑکي اُس کي ديولديبي اُنھيں دنوں ميں ديوگڈھہ کے راجا کے لڑکے سے بياهي گئي تھي + وداع هوکر باپ کے يہاں سے ديوگڈھہ جاتي تھي * بادشاہ کا حکم هوتے هي راستے سے پکڑي آئي + بادشاہ نے اپنے لڑکے خضرخاں کو دے‌دي * امير خسرو نے اپني ايک کتاب ميں اِسي ديولديبي اور خضرخان کا حال لکھا هي ‡ وہ اِس بادشاہ کے وقت ميں هزار روپيہ سال تنخواہ پاتا تھا +

سنہ ۱۳۱۰ع
سنہ ۱۳۱۰ع ميں پھر دکھن کو فوج بھيجي گئي کرناٹک کے راجا بلال ديو کو قيد کر ليا * اُس کا دارالسلطنت دوارسمدر شري رنگ‌پٹن سے سو ميل گوشہ شمال و مغرب ميں اب تک اُجاڑ پڑا هي بادشاهي فوج

---

† اِس کا حال ملک‌محمد جايسي نے شيرشاہ کے زمانے ميں اپني کتاب پدماوت ميں کہاني کے طور پر دوهے چوپائيوں ميں بہت اچھا لکھا هي جہاں ستي هوئي لکھتا هي

لاگي کنٹھہ آگ دے هوري — چھار بھئي جر انگ نہ موري

‡ اميرخسرو لکھتے هيں کہ علاءالدين کے بعد ملک کافور نے خضرخاں کو اندھا کر کے گوالير کے قلعے ميں قيد کيا تھا ديول‌ديبي اُس کے ساتھہ تھي مبارک‌شاہ نے جب خضرخاں کي قتل کے ليئے جلاد بھيجے لپٹ گئي هاتھہ کٹ گئے چهرہ گھائل هوا پر اپنے خاوند کو نہ چھوڑا اُس کے ساتھہ قتل هوئي *

پهنچي + اور وهاں بهي مسجد بنادي * سنه ۱۳۱۱ع ميں بادشاه نے مسلمان مغلوں کو جو نوکر هوگئے تهے يک قلم موقوف کر ديا + اور جب اُنهوں نے دنگا کيا تو بالکل پندره هزار کو قتل کرکے اُن کے بال بچوں کو لونڈي غلام بنا کے بيچ ڈالا * سنه ۱۳۱۱ع

علاءالدين کو پڑهنا لکهنا کچهه نهيں آتا تها + بادشاه هونے کے بعد پڑهنا سيکهنا شروع کيا پر تو بهي گهمنڈي اِتنا که اپنے تئيں ساري دنيا سے بڑهه کر پڑها لکها اور عقلمند سمجهتا تها * مقدور کيا که کوئي اُس کي بات دُهرا سکے کبهي نيا مذهب چلانا چاهتا کبهي ساري دنيا کو اپنے تحت ميں لانے کا منصوبه باندهتا + بنا اُس کي پروانگي نه کوئي سردار اپنے بيٹا بيٹي کا بياه کر سکتا نه دس پانچ بهائي بند يا دوست آشناؤں کو اپنے گهر بلا سکتا * مالگذاري بڑهائي گئي + زمين کي پيداوار ميں آدهوں آدهه بٹائي هونے لگي کُوتے اور بالاٰخر کے اپنے بهي ايک کوڑي نه چهوڑي * مقرر تعداد سے زياده زمين گاے بهل بکري رکهنے کي مناهي تهي + جب بادشاه نے فوج کي تنخواه گهٹاني چاهي سپاهيوں کي خاطر جنس سستي کر دي * سب چيز کا نرخ † سرکار سے مقرر هو گيا + جو مال ايک روپيه کو بکتا تها وه اب آٹهه هي آنے کا باقي رها * اِس بادشاه کي فوج ميں پونے پانچ لاکهه سوار گنے جاتے تهے + گهوڑے داغے هوئے سرکار سے اور تنخواه ميں دو سو چوتيس روپئے سال پاتے تهے * جب مغلوں نے آکر دلّي کا شهر گهير ليا تها + تين لاکهه سوار اور ستائيس سو هاتهي لے کر اُن کے مقابلے کو نکلا تها * ستّر هزار اِس کے يهاں شاگرد پيشے تهے + اُن ميں سات هزار معمار بيلدار اور گل کار نوکر تهے * بڑي سے بڑي عمارت دو هفتے ميں تيّار کرا سکتا تها + اب کي طرح ٹهيکے ميں کم مضبوط کام نهيں بنواتا تها * وه اپنے تئيں دوسرا سکندر بتلاتا تها + بلکه يهه لقب سکّے ميں بهي کُهدوا ديا تها * بيشک يهه بادشاه بڑا زبردست هو گذرا نظام‌الدين احمد

† تواريخ فرشته ميں لکها هي که اُس وقت دلّي ميں اب کے حساب سے ايک روپئے کا دو من گيهوں بکتا تها اور پونے چار من جو ساڑهے سات سير کي مصري تهي اور تيس سير کا گهي روپئے کي چاليس گز گهٹيا گزي ملتي تهي اور دو سو روپئے سے پانچ روپئے تک غلام اور لونڈي *

نکال لے گئي * اُس وقت تو بادشاہ سے کچھہ نہ بن پڑا + لاگ کي
آگ سے اپني ھي چھاتي جلاتا رھا * ليکن فتح پانے پر جب قلعے کے
اندر گيا + اور چاھا کہ اُس سے اپنا جي ٹھنڈھا کرے اُس کے
بدلے وھاں اُس کا مکان اُس کي چتا کے دھوئيں سے بھرا ھوا پايا † *

سنہ ۱۳۰۶ع دیوگڈھہ کے راجا رامديو نے معمولي نذرانہ بھيجنے ميں کچھہ
عذر کيا تھا اِس ليئے دکھن کو فوج بھيجي گئي راجا نے مقابلے
کي طاقت نہ ديکھي دلّي ميں آکر حاضر ھوا + اور بہت سا نذر
نذرانہ دے کر بادشاہ کو راضي کر ليا * ليکن فوج جب ديوگڈھہ کو
جاتي تھي اُس کے افسر نے گجرات کے بھاگے ھوئے راجا کي راني کملا
ديبي کو پکڑ کے بادشاہ کے حضور ميں بھيج ديا + يہہ راني ايسي
خوبصورت تھي کہ بادشاہ نے اُسي دم اُسے اپني بيگم بنا ليا * راني نے
عرض کي کہ جہان‌پناہ ميري لڑکي مجھہ سے بھي بڑھہ کر خوبصورت
ھی وہ بھي راجا سے منگا لي جاوے لڑکي اُس کي ديولديبي اُنھيں
دنوں ميں ديوگڈھہ کے راجا کے لڑکے سے بياھي گئي تھي + وداع ھوکر
باپ کے يہاں سے ديوگڈھہ جاتي تھي * بادشاہ کا حکم ھوتے ھي راستے سے
پکڑي آئي + بادشاہ نے اپنے لڑکے خضرخان کو دے دي * امير خسرو نے
اپني ايک کتاب ميں اِسي ديولديبي اور خضرخان کا حال لکھا
ھی ‡ وہ اِس بادشاہ کے وقت ميں ھزار روپيہ سال تنخواہ پاتا تھا +
سنہ ۱۳۱۰ع سنہ ۱۳۱۰ع ميں پھر دکھن کو فوج بھيجي گئي کرناٹک کے راجا
بلال ديو کو قيد کر ليا * اُس کا دارالسلطنت دوارسمدر شري رنگ‌پٹن سے
سو ميل گوشہ شمال و مغرب ميں اب تک اُجاڑ پڑا ھي بادشاھي فوج

---

† اِس کا حال ملک‌محمد جايسي نے شيرشاہ کے زمانے ميں اپني کتاب
پدماوت ميں کہاني کے طور پر دوھے چوپائيوں ميں بہت اچھا لکھا ھي جہاں
ستي ھوئي لکھتا ھي

لاگي کنٹھہ آگ دے ھوري — چھار بھئي جر انگ نہ موري

‡ اميرخسرو لکھتے ھيں کہ علاءالدين کے بعد ملک کافور نے خضرخان کو اندھا
کر کے گوالير کے قلعے ميں قيد کيا تھا ديول‌ديبي اُس کے ساتھہ تھي مبارک‌شاہ نے
جب خضرخان کي قتل کے ليئے جلاد بھيجے لپٹ گئي ھاتھہ کٹا چہرہ گھائل ھوا
پر اپنے خاوند کو نہ چھوڑا اُس کے ساتھہ قتل ھوئي *

پهنچي + اور وهاں بهي مسجد بنادي * سنه ۱۳۱۱ع ميں بادشاه نے مسلمان مغلوں کو جو نوکر هوگئے تهے يک قلم موقوف کر ديا + اور جب اُنهوں نے دنگا کيا تو بالکل پندره هزار کو قتل کرکے اُن کے بال بچوں کو لونڈي غلام بنا کے بيچ ڈالا * سنه ۱۳۱۱ع

علاءالدين کو پڑهنا لکهنا کچهه نهيں آتا تها + بادشاه هونے کے بعد پڑهنا سيکهنا شروع کيا پر تو بهي گهمنڈي اِتنا که اپنے تئيں ساري دنيا سے بڑهه کر پڑها لکها اور عقلمند سمجهتا تها * مقدور کيا که کوئي اُس کي بات دُهرا سکے کبهي نيا مذهب چلانا چاهتا کبهي ساري دنيا کو اپنے تحت ميں لانے کا منصوبه باندهتا + بنا اُس کي پروانگي نه کوئي سردار اپنے بيٹا بيٹي کا بياه کر سکتا نه دس پانچ بهائي بند يا دوست آشناؤں کو اپنے گهر بلا سکتا * مالگذاري بڑهائي گئي + زمين کي پيداوار ميں آدهوں آدهه بٹائي هونے لگي گُوتے اور بالاخر کے ايئے بهي ايک کوڑي نه چهوڑي * مقرر تعداد سے زياده زمين گاے بيل بکري رکهنے کي مناهي تهي + جب بادشاه نے فوج کي تنخواه گهٹاني چاهي سپاهيوں کي خاطر جنس سستي کر دي * سب چيز کا نرخ † سرکار سے مقرر هو گيا + جو مال ايک روپيه کو بکتا تها وه اب آٹهه هي آنے کا باقي رها * اِس بادشاه کي فوج ميں پونے پانچ لاکهه سوار گنے جاتے تهے + گهوڑے داغے هوئے سرکار سے اور تنخواه ميں دو سو چوتيس روپئے سال پاتے تهے * جب مغلوں نے آکر دلّي کا شهر گهير ليا تها + تين لاکهه سوار اور ستائيس سو هاتهي لے کر اُن کے مقابلے کو نکلا تها * ستّر هزار اِس کے يهاں شاگرد پيشے تهے + اُن ميں سات هزار معمار بيلدار اور گل کار نوکر تهے * بڑي سے بڑي عمارت دو هفتے ميں تيّار کرا سکتا تها + اب کي طرح ٹهيکے ميں کم مضبوط کام نهيں بنواتا تها * وه اپنے تئيں دوسرا سکندر بتلاتا تها + بلکه يهه لقب سکّے ميں بهي کُهدوا ديا تها * بيشک يهه بادشاه بڑا زبردست هو گذرا نظام الدين احمد

† تواريخ فرشته ميں لکها هے که اُس وقت دلي ميں اب کے حساب سے ايک روپئے کا دو من گيهوں بکتا تها اور پونے چار من جو ساڑهے سات سير کي مصري تهي اور تيس سير کا گهي روپئے کي چاليس گز گهٹيا گزي ملتي تهي اور دو سو روپئے سے پانچ روپئے تک غلام اور لونڈي *

اپني کتاب طبقات اکبري میں لکھتا ھی کہ اِس نے تمام وقف اور اِنعام اور ملک کے گانوں ضبط کر لیئے تھے + اور لوگ یہاں تک محتاج ھوگئے تھے کہ پیٹ بھر روٹي نہیں پاتے تھے * تو بھي مقدور کیا تھا کہ کسي طرح کي شکایت زبان پر لاسکتے + اِتنے جاسوس مقرر تھے کہ شکایت کرنے کي تہمت میں پکڑے جانے کي دھشت سے لوگ آپس میں بات چیت بھي بہت کم کرتے تھے *

سنہ ۱۳۱۶ع ندان اِس نے بیس برس سے اُوپر بادشاھي دي + آخري وقت میں ملک کے درمیان کچھہ کچھہ ھل چل پڑگئي * رامدیو کے داماد ھرپال نے دکھن سے بادشاھي عمال اُٹھا دیا + اور گجرات میں بھي بلوہ ھوگیا *

قطب الدّین مبارک شاہ

ملک کافور کو جسے علاءالدین نے خوجے اور غلام سے پہلے درجے کا امیر بنا دیا تھا اُس کے مرنے پر اب حوصلہ تخت و تاج لینے کا ھوا + علاءالدین کے دو بڑے لڑکوں کي تو آنکھیں نکلوا لیں لیکن تیسرے مبارک خان کي جب جان لیني چاھي بادشاھي سپاھیوں نے کافور

سنہ ۱۳۱۷ع ھي کو مار ڈالا *

مبارک نے تخت پر بیٹھتے ھي اپنے چھوٹے بھائي شہاب الدین عمر کو جو نرا بچہ تھا اور نام کے لیئے ملک کافور کے کہنے سے تخت پر آ بیٹھا تھا اندھا کر دیا + گجرات میں فوج بھیجي دکھن جاکر ھرپال کو قید کر لایا اور جیتے ھوئے کي کھال کھچوا کر بُھس بھروا دیا * جب ملک میں دبدبہ جما + بادشاہ بالکل عیش میں ڈوب گیا * رات دن نشے میں چور رھتا + زناني پوشاک پہن کر امیروں کے گھر ناچنے کو جاتا * جن عیبوں کو آدمي چھپاتا ھی وہ اُن کو خوب ظاھر کرنے کي کوشش کرتا + کسبیوں کو بُلوا کر دربار میں اپنے بڑے بڑے امیروں کے برابر بٹھلاتا کبھي کبھي ننگا مادرزاد باھر نکل آتا * ندان وہ ایسا بدنام ھوا + کہ آخر ھندو کے ایک چھوکرے

سنہ ۱۳۲۱ع خسرو خان † کے ھاتھہ سے جسے اُس نے غلام سے وزیر بنایا تھا مارا

---

† اصل نام اِس ھندو بچے کا کسي تواریخ میں نہیں ملتا ھی لیکن کام تو نیچ پروارِي لکھا ھی اِس کے ماموں کا نام رندھول تھا *

هي گيا * خسرو نے علاءالدين کي اولاد ميں سے کسي کو بھي باقي نہ چھوڑا + علاءالدين کي بيگم کو حرم بنايا اور تاج سلطنت کا اپنے سر پر رکھا * چار مهينے تک دلّي ميں سکّه خطبه اِس هندو کے نام کا جاري رها + اور زبدةُالتواريخ کے مطابق هندؤں نے مسلمانياں رکهه کر اور قرآن کي چوکي اور سيڑهي بناکر مسجدوں ميں اپني مورتوں کا پوجن کيا * ليکن پنجاب کے صوبه‌دار غازي‌خان تغلق نے جلد هي آکر اُس کا کام تمام کيا + اور خلجيوں کے خاندان ميں کوئي لائق آدمي نرهنے کے سبب خلقت کي خواهش بموجب وه آپ هي تخت پر بيٹها *

غياث‌الدّين تغلق

غازي‌خان نے اپنا نام غياث‌الدين رکها + يهه غياث‌الدين بلبن کے غلام کا بيٹا تها * ملک کا اچها بندوبست کيا + دکهن ميں بدر فتح هوا * ورنگول کا راجا قيد هوکر دلّي آيا + دلّي ميں تغلق‌آباد کا قلعه اِسي غياث‌الدين نے بنايا * بنگالے کي طرف بادشاه خود گيا + وهاں اب تک کيقباد کا باپ قراخان صوبه‌دار تها پهرتے وقت ترهت لے کر وهاں کے راجا کو پکڑ لايا * بادشاه کے بڑے بيٹے فخرالدين جونا نے جس کا خطاب الغ‌خان تها دلّي سے نکل کر باپ سے ملنے اور جشن کرنے کے ليئے تين روز ميں ايک کاٹهه کا مکان بنايا + ليکن عين جشن ميں وه مکان گر پڑا اور بادشاه پانچ آدميوں کے سنه ۱۳۲۵ع
ساتهه دب کر مرگيا * † الغ‌خان اُس وقت موجود نه تها + اِس ليئے لوگ اُس پر يهه بهي شبهه کرتے هيں که باپ کے مارنے هي کے واسطے يهه مکان بنايا تها *

محمد تغلق

الغ‌خان محمد تغلق کے نام سے تخت پر بيٹها اِنعام اِکرام ميں خوب روپيه اڑايا + هزار ستون کا محل بنايا * علم اِسے اچها تها اور حوصلے والا بهي بڑا تها شراب نهيں پيتا + اور شرع يعني اپنے دهرم شاستر کو بهت مانتا * شروع سلطنت ميں اِنتظام بهي ملک کا اچها هو گيا

---

† تاريخ وفات غياث‌الدين تغلق خليفه سنه ۷۲۵ هجري *

تھا + دکھن وغیرہ دور دور کے صوبوں کو بھي اِس نے زیر کر لیا تھا * لیکن پھر ایسے پاگل پنے کے کام کیئے + کہ لوگ اِسے جھکّي اور باولا سمجھنے لگے * پہلے تو اِسنے ایران پر چڑھائي کرنے کا منصوبہ باندھا اور تین لاکھہ ستر ہزار سواروں کا لشکر اِکٹھا کیا + لیکن جب خرچ بڑھنے سے خزانہ خالي ہوگیا تو ایک لاکھہ سواروں کو نیپال کے پہاڑوں کي راہ چین لینے کے لیئے روانہ کیا * تانبے کا روپیہ چلایا + اور رعیت پر محصول بے ٹھکانے بڑھایا * نتیجہ یہہ نکلا + کہ لاکھہ سواروں میں سے ایک بھي اُن ہمالے کے جنگل پہاڑوں میں جیتا نہ بچا * بیوپار بیوھار بالکل بند ہو گیا رعیت پھر گئي صوبے اکثر ہاتھہ سے نکل گئے + کھیت بنجر پڑے لوگ مري اور کال سے مرنے لگے * محمد نے اپني فوج کو حکم دیا کہ رعیت کا شکار کریں + شیر کے لیئے جس طرح ہنکوا ہوتا ہی چاروں طرف سے گھیر گھیر کر ماریں اور سر اُن کے کاٹ کاٹ کر قلعہ کے کنگروں سے لٹکانے کے لیئے بھیج دیں * آپ بھي رعیت کے شکار میں شریک تھا اور ہزاروں ہي آدمیوں کا سر کٹوایا + لیکن سب سے بڑھہ کر پاگل پنے کا کام جو اُس نے کیا وہ یہہ تھا کہ دلّي اُجاڑ کر دیوگدھہ کو دولت‌آباد کے نام سے اپنا دارالسلطنت بنانا چاہا کیا آفت گذري ہوگي دلّي‌والوں کے دل پر جب اِس پاگل بادشاہ نے حکم دیا کہ جو آدمي حکم سنتے ہي دلّي چھوڑ کر دولت‌آباد نہ چلا جائیگا + بال بچوں سمیت قتل کیا جائیگا * ندان دولت‌آباد تو نہ بسا + لیکن دلّي
سنہ ۱۳۵۱ع کا شہر البتہ ویران ہوگیا * ۲۷ برس کي بادشاهي کے بعد ٹھٹھے کے پاس بیمار پڑکر مرا † اور یہاں والوں کا اُس کے ظلم سے گلا چھوٹا *

فیروز تغلق

محمدتغلق کے بعد فیروزتغلق اُس کا چچیرا بھائي تخت پر بیٹھا + سندھہ گجرات اور بنگالے پر چڑھائیاں کیں پر اُن سے ایسا

---

† مرتے وقت اُس نے یہہ شعر کہے تھے — بسیار درین جہان چمیدیم * بسیار نعیم و ناز دیدیم * اسپان بلند بر نشستیم * ترکان گران بہا خریدیم * کردیم بسے نشاط و آخر * چون قامت ماہ‌نو خمیدیم *

کنچھہ فائدہ ھاتھہ نہ لگا * بُڑھاپے میں وزیر نے چاھا تھا کہ اُس کا سنہ ۱۳۸۵ع
جي بڑے بیٹے ناصرالدین محمد کي طرف سے کھٹا کر دے لیکن
بیٹے نے چالاکي کي کسي ڈھب سے محلوں میں جاکر اپنے باپ کے
پیروں پر سر رکھہ دیا + باپ نے وزیر کو اُس کے حوالے کیا اور سلطنت کا
کام بھي سب اُسي کو سونپ دیا * لیکن ناصرالدین کو سلطنت کي
عقل نہ تھي دو برس بھي نہیں گذرنے پائے کہ اُس کے دو بھائیوں نے
مل کر بکھیڑا کیا + ناصرالدین سرمور کے پہاڑوں کي طرف بھاگا *

اِس عرصے میں فیروزتغلق نوّے برس کا ھوکر دنیا سے سدھارا + † سنہ ۱۳۸۸ع
جن لوگوں نے بکھیڑا کیا تھا اُنھیں لوگوں نے اُس کے پوتے غیاث‌الدین
تغلق کو تخت پر بٹھایا *

فیروزشاہ تغلق دلّي کے بہت نیک نام بادشاھوں میں تھا کہتے ھیں
کہ اُس نے ۵۰ بندھہ بندھائے ایک سو پچاس پُل طیار کرائے + چالیس
مسجد اور سو سرائے بنوائیں اور تیس مدرسے اور سو شفاخانے یعني اسپتال
مقرر کیئے * سوائے اِس کے اُس نے یہہ بھي ایک بڑا کام کیا + کہ جمنا
کي نہر کرنال ھوکر ھانسي‌حصار کو لایا * اُس کے پاني سے لاکھوں
بیگھے زمین سینچتي ھی + اور ھزاروں آدمي کي روٹي چلتي ھی *

غیاث‌الدین تغلق دوسرا

غیاث‌الدین کي اُنھیں لوگوں سے تکرار ھوئي جنھوں نے اُسے تخت سنہ ۱۳۸۹ع
پر بٹھایا تھا + اور آخر پانچ ھي مھینے بعد اُن کے ھاتھہ سے مارا گیا *

ابوبکر تغلق

یہہ بھي فیروزشاہ کا پوتا تھا + سال بھر بھي بادشاھي نہ کرنے سنہ ۱۳۹۰ع
پایا کہ ناصرالدین نے پہاڑوں سے نکل کر اِسے قید کر لیا اور تخت پر
آپ بیٹھا * لیکن اِنتظام ملک کا کنچھہ نہ بن پڑا + اِس کے مرنے پر
اِس کا بڑا بیٹا ھمایون تغلق سکندرشاہ کے لقب سے بادشاہ ھوا * پر
پینتالیس دن کے بعد جب وہ بھي مر گیا + تو اُس کے چھوٹے بیٹے سنہ ۱۳۹۴ع
محمود تغلق نے تاج سلطنت کا اپنے سر پر رکھا *

---

† تاریخ وفات فیروز تغلق وفات فیروز سنہ ۷۹۰ ھجري *

ناصرالدین محمود تغلق

بادشاہ لڑکا تھا + گجرات مالوہ کھاندیس بالکل دلّي کے تحت سے نکل گیا تھا * جونپور وزیر دبا کر جدا هي بادشاہ بن بیٹھا تھا + ملک میں هر طرف بکھیڑا پڑ گیا تھا * آپس میں ایک دوسرے سے لڑتا تھا + دربار میں بھي ایکا نہ تھا * کہ اِسي عرصے میں سمرقند کے بادشاہ امیر تیمور نے جسے تمرلنگ اور صاحب قران اور گورکان † بھي کھتے ھیں اور جو اُسي خاندان میں تھا جس میں چنگیزخان هوا تاتاریوں کي فوج لے کر هندوستان پر چڑھائي کي کابل سے بنّو هوتا هوا بیڑوں کے پل پر سندھ پار اُترا + اور پھر تُلمبا بھٹنیر اور سمانے کو لوٹتا پھونکتا قتل کرتا دلّي کے سامنے آن پھنچا * راستے سے جن بیچاروں کو پکڑتا لایا تھا + یہاں اِس بےرحم سنگدل نے پندرہ برس تک کے لڑکوں کو غلامي کے لیئے بچا کر ایک لاکھ آدمیوں کا گلا کٹوایا *

محمود گجرات کي طرف بھاگا + دلّي میں تیمور کے نام کا خطبہ پڑھا گیا * سنہ ۱۳۹۸ع

تیمور تو اِس فتح کي خوشیاں مناتا تھا اور بڑا بھاري جشن کر رھا تھا + اور اُس کي فوج کو لوٹ مار سے کام تھا * شھر میں آگ لگا دي تھي شھر والے قتل هوتے تھے + مُردوں کے ڈھیر سے اکثر گلیوں کے راستے بند هو گئے تھے * جب لوٹنے کو کچھہ باقي نہ رھا اور اُس کي فوج بھي گھاس کي طرح آدمیوں کي گردن کاٹتے کاٹتے تھک گئي اور لونڈي غلام بنانے کو لوگوں کي بھو بیٹیاں اور لڑکے بھي خواھش سے زیادہ ھاتھہ آ گئے تیمور لنگ پندرہ دن دلّي میں رہ کر میرٹھہ قتل کرتا هوا اور هردوار اور جمبو هوتا هوا جدھر سے آیا تھا اُسي طرف کو چلا گیا + هندوستان میں اپنے پیچھے کال اور مري اور هر ایک بات کي بےبندوبستي چھوڑ گیا * هماري سمجھہ میں تو چنگیزخان

---

† گورکان شخصے کہ نسبتش بسلاطین رسد و نسبت دامادي هم داشتہ باشد تاریخ ولادت تیمور مولد تیمور سنہ ۷۳۶ هجري تاریخ وفات تیمور تیمورفان سنہ ۸۰۷ هجري انگریزي تواریخوں میں تیمور کو ترک لکھا ھے اُس کے دادا کا پردادا چنگیزخان کے بیٹے چغتائي خان کا امیرالامرا تھا *

اور تیمورلنگ اِن دونوں جلّاد کا نام دنیا کا دشمن رکھنا چاهیئے + بلکه اِن
کو هوبهو قهر خدا کهنا چاهیئے *

تیمور کے جانے کے پیچھے تهوڑے دنوں تو دلّي أجاڑ سي پڑي
رهي آخر محمود گجرات سے آیا + اور پهر کچھه دن نام کي سنه ۱۴۱۲ع
بادشاهي کرکے اِس جهان سے سدهارا * محمود کے مرنے پر پندره
مهینے تک دولت‌خان لودي نے ڈنکا سلطنت کا اپنے نام سے بجایا لیکن
خضرخان سیّد پنجاب کے حاکم نے اِسے نکال باهر کیا + اور کام سلطنت
کا تیمور کے نام سے اپنے هاتهه میں لیا * سلطنت کاهیکو تهي + خالي
نام کو دلّي ره گئي تهي * چار پشت تک سیّدوں نے حکومت کي +
چوتهي پشت میں یعني سیّد علاءالدین کے وقت میں دلّي کي
عملداري کل چهه کوس کے گهیرے میں آ رهي *

بهلول‌خان لودي اُس وقت پنجاب کا مالک بن بیٹها تها
سیّد علاءالدین نے دلّي اُس کے حوالے کر دي + اور آپ بدایوں کي سنه ۱۴۵۰ع
راه لي *

بهلول لودي

بهلول کے تخت پر بیٹهنے سے پنجاب پهر دلّي کے شامل هو گیا +
اور چهبیس برس کي لڑائي میں بهلول نے جونپور بهي فتح کیا *
جب بهلول مرا + تو دلّي کي حد همالے سے لے کر بنارس تک پهنچ سنه ۱۴۸۸ع
گئي تهي بلکه جمنا پار بندیلکهنڈ بهي اِسي کے تابع تها *

سکندر لودي

اصلي نام اِس کا نظام‌خان تها + ایک سُنارن سے پیدا هوا تها *
اِس نے اپنے باپ بهلول کي سلطنت اَوْر بهي بڑهائي بهار فتح کیا
ملک کا کسي قدر بندوبست باندها + عالِم فاضلوں کي قدر کي لیکن
هندوؤں پر بڑا ظلم روا رکها * اِن کي تیرتهه جاترا سب اپني عملداري
بهر میں بند کر دیں + جو شهر قلعه هاتهه لگا مندر مورت اُس میں
کي بالکل توڑ ڈالیں * ایک برهمن نے اِتنا هي کها تها که هندو مسلمان

دونوں کا مت یعني مذهب سچّا هی اِسي پر اُس کي جان لي + متھرا میں هندؤں کي حجامت تک بند کر دي * تو بھي یهہ بادشاہ دلّي کے اچھے بادشاهوں میں گنا جاتا هی کبیر اِسي کے وقت میں هوا اور فرنگیوں کا پهلا جهاز یهاں اِسي کے زمانے میں آیا + اٹھائیس برس سلطنت کرکے دنیا سے سدھارا † *

اِبراهیم لودي

سکندر کے پیچھے اُس کا بیٹا اِبراهیم لودي تخت پر بیٹھا + لیکن اِس میں اپنے باپ کے سے گُن نه تھے جلد هي اپنے شکّي مزاج اور گھمنڈ سے سارے بھائي برادر اور سرداروں کو ناراض کر دیا ملک میں هر طرف بکھیڑا اُٹھنے لگا * صوبهدار سرکش هو گئے + بادشاہ سے مقابله کرنے لگے * پنجاب کے صوبهدار دولتخان ‡ لودي نے اپني مدد کے لیئے کابل سے بابر کو بلایا + بابر نے آتے هي پهلے تو لاهور پھونکا

---

† تاریخ وفات سکندر لودي تاري شد سنه ۹۱۰ هجري *

تاریخ داؤدي میں لکھا هی که سکندر لودي عصر کي نماز کے بعد ملّا لوگوں کے جلسے میں جاتا تھا اور پھر قرآن پڑھتا تھا اور تب مغرب کي نماز مسجد میں پڑھه کر وظیفے کے بعد گھنٹے بھر کے لیئے حرمسرا میں جاتا تھا تمام رات دیوان خاص میں بیٹھه کر سلطنت کا کام کرتا تھا سترہ اهلکار همیشه حاضر رهتے تھے آدھي رات ڈھلنے پر کھانا مانگتا تھا اهلکار هاتھه دھوکر سامنے بیٹھه جاتے تھے وہ دنگل پر رهتا تھا اور کھانا ایک بڑي سي کرسي پر چنا جاتا تھا اُن سترہ اهلکاروں کے آگے بھي رکھا جاتا تھا لیکن وہ کھاتے نه تھے اُٹھا کر گھر لے جاتے تھے سالار مسعود غازي کے جھنڈے کا میله اور مقبروں میں عورتوں کا جانا موقوف کر دیا تھا جو لوگ باقیداري کي علت میں قید هوتے تھے عید پر سب کو چھوڑ دیتا تھا جب کسي کے لیئے کچھه مقرر هو جاتا تھا پھر کبھي اُس میں کچھه فرق نهیں پڑنے پاتا تھا شیخ عبدالغني جونپور سے گرمیوں میں آیا تھا اِس لیئے کھانے کے ساتھه چھه گھڑا شربت اُس کے پاس بھیجا گیا پھر جب وہ جاڑوں میں آیا تب بھي چھه گھڑا شربت اُسے پهنچتا رها امیروں کے سب لڑکوں کو حکم تھا که کچھه کسب سیکھیں اور کارخانے جاري کریں *

‡ کهتے هیں که یهہ دولتخان لودي اُسي دولتخان لودي کي اولاد میں تھا جو محمود تغلق کے مرنے پر کچھه دنوں دلي کا بادشاہ بن بیٹھا تھا *

اور پهر ديبالپور والوں کو قتل کرتا هوا سرهند کے سامنے آن پهنچا *
اِس عرصے میں دولت‌خان بگڑ کر پهاڑوں کي طرف بهاگ گيا + اِسي سنه ۱۵۲۴ع
خيال سے بابر بهي کابل کو لوٹ گيا * ليکن جلد هي بابر نے پهر اپنے
گهوڑے کي باگ هندوستان کي طرف موڑي لاهور سے پهاڑوں میں
دولت‌خان کو سر کرتا هوا روپڑ کي راه جب پاني‌پت میں پهنچا + تو
وهاں اِبراهيم لودي کو ايک لاکهه سوار پيادے اور هزار هاتهي کے ساتهه
مقابلے پر مستعد پايا * بابر کے ساتهه کل باره هزار آدميوں کي جمعيت
تهي ليکن فتح شکست تو خدا کے هاتهه هے اِبراهيم ۲۱ اپريل کو پندره
سوله هزار آدميوں کے ساتهه لڑائي میں مارا گيا + † اور دلّي آگره بابر سنه ۱۵۲۶ع
کے هاتهه لگا *

بابر لکهتا هے* که اُس روز صبح سے تيسرے پهر تک لڑائي هوتي رهي + اِس عرصه میں کئي بار اُس کے توپ‌خانے سے باڑهه دغي * وه اب تو انگريزي گولنداز ايک منٹ میں پانچ فير کرتے هیں + گولے کيا اُولے برساتے هیں * بابر کو فتح اُس کے تيراندازوں کے سبب سے ملي + ليکن هم جانتے هیں که اِبراهيم کے پاس ايک لاکهه سوار پيادے اور ايک هزار هاتهي کے بدلے اگر آدهي کمپني بهي اِنفلڈرفل والے گوروں کي هوتي بابر کے باره هزار تيراندازوں کے بهگانے کو کافي تهي *

ظهيرالدين محمد بابر

بابر تيمور سے چهٹي پشت میں هوا ما اِس کي چنگيزخان کے بيٹے چغتائي‌خان کے خاندان میں محمودخان مغل کي بهن تهي + بابر کي نوجواني بڑے لڑائي جهگڑوں میں کٹي * اور اُس نے زمانے کے بڑے هي اُونچ نيچ اور پهير پهار ديکهے کبهي تو سمرقند اور بخارے کا بادشاه هوتا تها + کبهي پاني پينے کو ايک لوٹا بهي پاس نه رهتا * باپ اِسے باره هي برس کا چهوڑ کر مر گيا تها ايک دفعه مصيبت کي حالت میں اِس نے اِراده کيا که فقير هوکر چين کو چلا جاوے + ليکن خدا کو تو يهه منظور تها که اُسي کا پوتا هندوستان کا بڑے سے بڑا اور اچهے

† نو سَے اُوپر تها بتّيسا — پاني‌پت میں بهارت ديسا
آٹهواں رجب بار سُکروارا — بابر جيت براهيم هارا

سے اچھا بادشاہ ہوئے اور انگریزوں کے پہنچنے تک اُسي کے گھرانے میں یہاں کي سلطنت رہے * ندان بائیس برس کي عمر میں سمرقند کي بادشاهي سے نا اُمید هوکر بابر همالے اِس پار کابل میں چلا آیا + کابل اُس کے بھائي بھتیجوں کے پاس تھا لیکن اُن دنوں بے دخل سا هو رها تھا بابر کو وهاں کي سلطنت حاصل کرنے میں کچھه ایسي دقت نه پڑي بائیس برس کابل کي بادشاهي کرکے تب هندوستان کي طرف قدم بڑهایا *

دلّي آگرہ هاتھه آنے پر بابر نے خوب دل کھول کر دهن دولت بانٹا + اپنے بیٹے همایون کو دو اُوپر ایک سو رتي کا ایک ایسا هیرا دیا که ویسا اُس وقت ساري دنیا میں دوسرا نه تھا اور کابل کے ملک بھر میں مرد عورت بچے غلام لونڈي سمیت سب کو ایک ایک شاهرخي روپیه جو قریب اٹھنی کے برابر هوتا هی بھیجا *

تھوڑے هي دن بعد شاهزادہ همایون کچھه فوج لے کر نکلا + اور بیانا دهولپور گوالیر وغیرہ سب ملک جونپور سمیت بابر کے تابع کرلیا *

چتوڑ یعني میواڑ کا راج اُس وقت اپني پوري اوج پر تھا + سانگا رانا گدي پر تھا * اجمیر سے لے کر پھلسه چندیري تک اُسي کا ڈنکا بجتا تھا + جےپور جودهپور وغیرہ سب جگھه کے راجاؤں کا وہ سرتاج اور پیشوا گنا جاتا تھا * بڑي بھیڑ بھاڑ لے کر بابر کے مقابلے کو آیا + جب بیانے سے آگے بڑھا اور فتحپورسیکري کے برابر بادشاهي هراول کو شکست دے کر پیچھے هٹایا بابر کے ساتھیوں کا دل سُست پڑگیا * اور اِسي عرصے میں کابل سے ایک نامي نجومي نے آکر یهه مشهور کر دیا که منگل سامنے هی بابر کے فوج کي بربادي یقیني هی * بابر منگل سے تو نه ڈرا + لیکن اپني فوج کے بیدل هونے سے بهت هراسان هوا * منت ماني که اگر سانگا پر فتح پاؤں + پھر کبھي شراب نه پیوں اور ڈاڑهي بڑهنے دوں * بلکه شراب پینے کے سونے چاندي کے پیالے اُسي وقت محتاجوں کو بانٹ دئے اور اپنے سپاهیوں سے کها که یارو بے عزتي کے ساتھه پیٹھه دکھلانے سے تو رن میں سامنے هوکر مرنا بهتر هی سب نے قرآن کي قسم کھائي که مرجائینگے پر پیٹھه نه دکھلائینگے ندان بابر نے فتح پائي سانگا مشکل سے اپني جان لے کر بھاگا + جب وہ نجومي بابر کو فتح کي مبارک باد دینے آیا دوسرا کوئي هوتا ضرور قتل کرتا هم بھي اُس کا مُنهه کالا کئے بغیر هرگز نه

چھوڑتے لیکن بابر نے اُسے لعنت ملامت کے ساتھہ بہت سا دھن دے کر خالي اِتنا کہہ دیا کہ جا اب تو میرے ملک سے نکل جا *

سنہ ١٥٢٨ع دوسرے سال بابر میدني راے چندیري والے پر چڑھا + جب بابر کے سپاهي قلعے میں پہنچے قلعے والوں نے جوهر کیا * پہلے اپني عورتوں کو مارڈالا + پھر آپ سب کے سب کوئي بابر کے آدمیوں سے جوجھکے اور کوئي آپس میں ایک دوسرے کے هاتھہ سے کٹ مرے اپني عزت اور دهرم کو بچایا *

اِسي سال بابر نے افغانوں سے اودهہ اور بہار لیا + اور رنتھنبھور کا قلعہ بھي اُس کے هاتھہ آگیا *

سنہ ١٥٣٠ع بابر پچاس برس کي عمر میں آگرے کے درمیان دنیا سے سدهارا + † اُس کے مرنے کا سبب یوں بتلاتے هیں کہ جب همایوں بہت بیمار هوا اور حکیموں نے جواب دیا بابر نے همایوں کے پلنگ کے تین پھیرے دے کر یہہ دعا مانگي کہ یا خدا تو اِس کي جان بخش اور اِس کے بدلے مجھے لے اور اِس دعا کا دونوں کے دل پر ایسا اثر هوا کہ همایوں تو اُسي دم سے اچھا هونے لگا اور بابر بیمار پڑا * اِس کي قبر اِس کے کہنے مطابق کابل میں ایک بہت سندر سوهاوني جگہہ میں بني هی + وهاں بھي اُس سے بڑھہ کر بہتر کوئي دوسري لائق سیر کے نہیں هی *

بابر بیشک ایشیا کے اچھے بادشاهوں میں تھا + اچھا کیا یہہ تو کوئي عجیب بزرگ هو گذرا * سزا کڑي دیتا تھا + پر بے سبب کبھي کسي کو نہیں ستاتا تھا * اپنا سارا حال اپنے هاتھہ سے ایک ترکي کتاب میں لکھہ گیا هی + لائق دیکھنے کے هی * وہ لکھتا هی کہ ایسا سُکھہ میں نے عمر بھر نہیں پایا + جیسا کچھہ دن سمرقند چھوڑنے پر ملا * کہ جب مجھہ کو فکر اور تردد میں ڈالنے کے لیئے کوئي بھي سلطنت میرے پاس نہ تھي پیٹ بھر کر میں نے اُنھیں دنوں میں کھایا + اور گھري نیند کا بھي مزا میں نے اُنھیں دنوں میں پایا * دُکھہ اور سُکھہ طبیعت پر موقوف هی یہہ اُسي کي طبیعت تھي کہ جن حالتوں میں آدمي کو جان کي فکر پڑتي هی وہ اپني کتاب میں جنگل اور پہاڑ کے پھل پھولوں کا حال اور جو خوشیاں اُسے اُن کے دیکھنے سے حاصل هوتي تھیں لکھتا هی یہہ اُسي کا کام تھا کہ بادشاہ

† تاریخ وفات بابر بہشت روزي باد سنہ ٩٣٧ هجري

ہونے پر بھي لڑکپن کے یار دوست اور سنگي ساتھیوں کي یاد میں گھڑیوں رویا کرتا + بیماري سے تھوڑے ھي دن پہلے کالپي سے آگرے ۱۶۰ میل دو دن میں گھوڑے پر چلا گیا اور گنگا جمنا تو تیر کر کئي بار پار اُترا تھا *

همایون

همایون تخت پر بیٹھا + اُس کا ایک بھائي کامران پہلے سے کابل - قندھار کا ناظم تھا باقي ہندال اور مرزا عسکري اِن دو بھائیوں کو همایون نے سنبھل اور میوات کا ناظم بنایا * همایون میں کوئي ایسا عیب نہ تھا کہ هم اُس کو کسي بات کا اِلزام دیں آخر بابر کا بیٹا تھا + لیکن وہ ایسے تھوڑے دن کے حاصل کیئے ہوئے ملک کو دشمنوں سے بچانے اور جھٹ پٹ جوڑ توڑ لگا کر اور قابو نکال کر اِنتظام کرنے کے واسطے نہ تھا * آرام اور اِطمینان کے ساتھہ سلطنت بخوبي کر سکتا + اِسي لیئے جب دشمنوں نے سر اُٹھایا اُن کے دبانے میں اِس نے ایسي بےموقع دیر کي اور اُنھیں فرصت دي کہ وے زور پکڑ گئے سب سے زبردست اِس کا دشمن شیرخان تھا * اُس کا باپ حسن‌خان پٹھان سہسرام میں ۵۰۰ گھوڑوں کا جاگیردار تھا + لیکن سلطنتوں کے پھیر پھار میں یہہ شیرخان ایسا بڑھا کہ بہار اور بنگالہ دبا کر اُس نے همایون کے مقابلہ کا سامان کیا * جب همایون تخت پر بیٹھا چنار کا قلعہ شیرخان کے قبضہ میں تھا + همایون پہلے تو کالنجر اور جونپور میں دشمنوں سے لڑتا بھڑتا گجرات کے بادشاہ بہادرشاہ کو شکست دیتا اور اُس کے ملک میں دخل کرتا کھنبھات تک چلا گیا تھا لیکن جب خبر شیرخان کي سرکشي کي سني گجرات چھوڑ کر مُنہہ پورب کي طرف پھیرا * کہتے ھیں کہ گجرات میں چنپانیر کا قلعہ دیوار کي طرح ایک کھڑے پہاڑ پر بنا ھی همایون تین سو چنے ہوئے سپاھیوں کو لے کر رات کے وقت لوھے کي میخوں پر جو پہاڑ میں گاڑ دي تھیں پیر رکھتا ھوا اُوپر پہنچ گیا + اور دشمنوں سے اُسے خالي کروا لیا * خزانہ بہادرشاہ کا صرف ایک ھي آدمي کو معلوم تھا + اُس نے بتلانے میں اِنکار کیا * لوگوں نے چاھا کہ اُسپر سختي کریں + اور سنہ ۱۵۳۵ع

تکلیف دیں * لیکن همایون نے یهه بات پسند نه کي + اور صلاح دي * که اِسے راضي کرو + اور خوب شراب پلاؤ * جب وه نشے میں آیا + تو اُسي دم جهاں خزانه گڑا تها بتلا دیا *

ندان چنار تک تو همایون اپني عملداري میں چلا آیا + لیکن چنار کا قلعه لینے میں کئي مهینے کا عرصه لگا * شیرخان نے اِس وقت مقابله مناسب نه سمجها + اپنے بال بچوں کو خزانے سمیت رهتاس † + کے قلعے میں بهیج کر قابو کا منتظر رها * همایون کو بنگالے کا دارالسلطنت گوڑ تک چلا جانا سهل هوا + لیکن جب برسات آئي ندي نالے سب بهر گئے همایون کے لشکر میں بیماري پهیلي بهتیرے آدمي بےاِطلاع اور بےپروانگي نوکري چهوڑ چهوڑ کر آگرے کو جانے لگے شیرخان شیر کي طرح ماند میں سے نکلا اور بهار بنارس چنار لیتا هوا جونپور جا گهیرا * همایون کو فکر آگره پهنچنے کي پڑي + بکسر سے اِدهر آکر شیرخان سے جو اب شیرشاه بن گیا تها شکست کهائي * همایون نے گهوڑا گنگا میں ڈالا + گهوڑا پار پهنچنے سے پهلے تهک کر ڈوب گیا * همایون بهي ڈوبنے هي پر تها + لیکن نظام نام ایک سقه یعني بهشتي مشک پر سوار اُس کے پاس پهنچ گیا * اِس لیئے جان بچ گئي + فوج بالکل غارت هوئي * عمادالسّعادت میں یوں لکها هے + که اِس سقے نے اپني خدمت کے اِنعام میں آدهے دن کي سلطنت مانگي اور جب همایون نے اُس کي خواهش پوري کي اُس نے آدهے هي دن میں چمڑے کا سکّه چلا دیا که اُس کا چرچا آج تک چلا جاتا هے * سنه ۱۵۳۹ع

آگرے پهنچ کر همایون نے پهر لڑائي کي تیّاري کي + اِس عرصه میں شیرشاه بهي کنوج کے سامنے پهنچ گیا تها همایون نے پار اُتر کر مقابله کیا لیکن پهر شکست کهائي * اِس بار هاتهي گنگا میں ڈالا + سنه ۱۵۴۰ع

† شیرخان نے یهه قلعه بڑي حکمت سے لیا وهاں کے راجا هرکرشن سے کهلا بهیجا که میں مهم پر جاتا هوں اپنے بال بچے اور خزانه تمهارے پاس بهیج دیتا هوں راجا نهایت خوش هوا شیرخان نے پانچسو چنے هوئے جوان تو ڈولیوں میں عورتوں کي جگهه بٹهلا کر اور پانچسو جوانوں کے سر پر روپئے اشرفي کے نام سے پیسوں کے توڑے رکهه کر روانه کیا اور آپ اپني فوج سمیت گهات میں رها جب اُنهوں نے قلعے میں پهنچ کر دروازوں پر قبضه کیا شیرخان نے جاکر قلعه لے لیا راجا کهڑکي کي راه بهاگ گیا *

کرارا اِس پار بہت اُونچا تھا ھاتھي سمیت ھمایون کے ڈوبنے میں کچھہ باقي نہ رھا تھا * پر دو سپاھیوں نے اپني پگڑي جوڑ کر اُسکا ایک سرا کرارے پر سے ھمایون کي طرف پھینک دیا + اُسے تھام کر وہ کسي طرح اُوپر چڑھہ آیا * تھوڑي دور چلکر ھندال اور عسکري اُس کے دونوں بھائي بھي کچھہ بچي ھوئي فوج لیکر شامل ھو گئے + ڈر زمینداروں کے ھاتھہ سے لٹ جانے کا تھا بڑي مشکل سے آگرے پہنچے آگرے میں بھي اب ٹھہرنا مصلحت نہ جانا جھٹ پٹ گھربار کے لوگوں کو لے کے لاھور میں کامران کے پاس چل دیئے * کامران نے بھائیوں کے لیئے شیرشاہ سے بیر بساھنا مناسب نہ سمجھا + ھمایون نے جب کامران کا رخ اپني طرف نہ پایا مُنہہ سندھہ کي طرف کیا * سندھہ میں بھي ھمایون سے کچھہ نہ بن پڑا + خالي حیران پریشان اِدھر اُدھر گھومتا رھا * جو اُپاو ملک لینے کا کیا + بے فائدہ ھوا * سندھہ میں ھمایون نے بڑي بڑي مصیبت اور سختیاں اُٹھائیں + ریگستان میں پاني بنا پیاس کے مارے اُس کے ساتھیوں میں سے بہتیروں نے جان دیں *

کیا قدرت برحق ھی اُس قادر مطلق کي کہ اِسي آفت اور تکلیف میں ۱۴ اکتوبر کو اکبر سے بادشاہ کا جنم ھوا + کہ جس سے بڑھہ کر اور نیک‌تر آج تک کوئي مسلمان ھندوستان کے تخت پر نہیں بیٹھا * سنہ ۱۵۴۲ع

کہتے ھیں کہ ھمایون ھندوستان میں آنے سے پہلے ایک دن اپني سوتیلي ما یعني ھندال کي ما کے محل میں کھانے کو گیا تھا + وھاں ھندال کے اُستاد ایک سیّد کي کُنواري لڑکي حمیدہ ایسي خوبصورت دیکھي کہ رھا نہ جا سکا اُسي دم اُس کے ساتھہ نکاح کر لیا * اب جس دن امرکوٹ سے کوچ ھوا اُسي کے دوسرے دن وہ اکبر جنی ھمایون کے پاس اُس وقت سواے ایک مُشک نافہ کے اور کچھہ بھي دینے کو موجود نہ تھا + اُسي کو کاٹ کر چُٹکي چُٹکي مُشک بیٹا ھونے کي خوشي میں یہہ کہکر سب کو بانٹا * کہ جیسا یہہ مُشک خوشبو دے + اُسي طرح اکبر کي تعریف اور نیکنامي بھي سب طرف پھیلے *

اُس وقت ھمایون پر جو آفت اور مصیبت تھي اِسي ایک بات سے سمجھہ لیني چاھیئے کہ ھمایون نے اپني بیگم حمیدہ کي سواري کے واسطے کسي عہدہ‌دار سے ایک گھوڑا جو اُس کے پاس خالي تھا منگني لے لیا تھا

لیکن جب اُس عہدہدار کا گھوڑا تھکا تو اُس نے اُسي دم حمیدہ کو اُتروا دیا + اور اپنا گھوڑا لے لیا * همایون نے اپنا حمیدہ کو دیا + اور آپ پیدل هوا * کچھہ دور چل کر بوجھے کا اُونت ملا + ناچار اُسي کے اُوپر بیٹھہ گیا *

ندان جب سندھہ میں کسي بات کي کچھہ اُمید نہ پائي اور دشمن وهاں بھي ستانے لگے تین برس خراب خستہ هوکر همایون سنہ ۱۵۴۳ع
نے اِرادہ قندهار کا کیا + قندهار میں اُس وقت عسکري کامران کي طرف سے تھا * لیکن جب قندهار ۱۳۰ میل رهگیا ایک سوار نے دوڑ کر خبر دي + کہ عسکري فوج لیکر گرفتار کرنے کے لیئے آتا هے همایون کو اکبر کے اُٹھانے کي بھي فرصت نہ ملي * حمیدہ کو لیکر گرمسیر اور سیستان هوتا هوا ایران کي عملداري میں چلا گیا + تھوڑي هي دیر بعد عسکري پہنچا لیکن همایون کو نہ پایا * تب دوستي کي باتیں ظاهر کرنے لگا + اور اکبر کو بڑي محبت سے قندهار لے گیا * اِیران کے تخت پر اُس وقت طہماسپ شاہ صفوي تھا همایون کي بڑي خاطرداري کي + اور ملاقات کے وقت سب بات میں برابر کي عزت دي * لیکن اپنا شیعہ مذهب قبول کرانے کو فائدہ نقصان اور بھلا بُرا سب کچھہ دکھلایا + همایون کو یہہ بہت بُرا لگا * پر علاج کچھہ نہ تھا + منتخب‌التواریخ والا تو لکھتا هے کہ همایون نے ظاهرا اُس مذهب کو قبول کرلیا تھا اور نماز بھي اُسي طور پر پڑھتا تھا * لیکن هم اِتنا هي کہہ سکتے هیں کہ وہ شیخ شفیع‌الدین کي جسے شاہ صفي بھي کہتے هیں درگاہ کي زیارت کو اردبیل بیشک گیا تھا + اور یہہ کام پکّے سنّیوں کے طریق سے البتہ برخلاف تھا *

ندان طہماسپ شاہ نے قندهار ملنے کے وعدے پر ۱۴ هزار سوار سنہ ۱۵۴۵ع
اپنے لڑکے مرادمرزا کے ساتھہ همایون کي مدد کو دیئے قندهار میں اُس وقت کامران کي طرف سے مرزا عسکري حاکم تھا + پانچ مہینے گھرے رهنے کے بعد بےقابو هوکر همایون کے پاس حاضر هوگیا * همایون نے پہلے تو بڑي خاطرداري کي لیکن پھر کسي پُرانے قصور کے بہانے سے اُس کے پاوں میں بیڑي ڈال کر قید کردیا + قلعہ قندهار کا اور جو کچھہ اُس میں خزانہ تھا سب اِیرانیوں کے حوالے کیا * لیکن جب بہت سے اِیراني اپنے ملک کو لَوٹ گئے اور مرادمرزا بھي مرگیا همایون دھوکھا

دیگر قلعے میں گهسا + اور بهتیرے ایرانیوں کو قتل کرکے باقي کو باهر
نکال دیا وے بیچارے ایران چلے گئے قندهار همایون کے قبضه
میں رها * ابوالفضل † همایون کو اِس دغابازي کي بدنامي سے بچانے
کے لیئے لکهتا هی که ایراني قندهار میں ظلم کرتے تهے لیکن اُس کو
شرم نهیں آتي که جب مدد کي قیمت میں قندهار ایرانیوں کو دیدیا
تها + تو پهر اُن کے ظلم اور اِنصاف سے همایون کو کیا مطلب تها *

قندهار لینے کے بعد همایون نے کابل پر چڑهائي کي راستے میں هِندال
بهي آ ملا + کامران سندهه کي طرف بهاگا * همایون نے اکبر کو که اب
دو ڈهائي برس کا هوگیا تها چهاتي سے لگایا + لیکن جب همایون
بدخشان سر کرنے کو گیا کامران نے پهر کابل لے لیا کابل کے ساتهه
اکبر بهي اُس کے هاتهه آیا * جب همایون نے لَوٹ کر کابل گهیرا اور گولا
چلانا شروع کیا + تو کهتے هیں که کامران نے اکبر کو بهالے سے باندهه کر قلعے سنه ۱۵۴۷ع
کي دیوار پر کهڑا کردیا * لیکن کهاوت مشهور هی که مارنے والے سے بچانے والا
زبردست هی اکبر کو کچهه بهي آنچ نه پهنچي کامران کو پهر بهاگنا پڑا +
دوسرے سال تهک کر همایون کے پاس چلا آیا * همایون نے اِس وقت بڑي
همت دکهلائي + مرزا عسکري کو بهي قید سے چهوڑ دیا چاروں بهائیوں نے
ساتهه بیٹهه کر نمک کهایا اور اِس میل ملاپ کي بڑي خوشي منائي * سنه ۱۵۴۹ع

لیکن جب همایون بدخشان کي طرف گیا + کامران نے بگڑ کر
پهر کابل پر قبضه کیا اور اکبر تیسري دفعه اُس کے هاتهه پڑا * جب همایون
لوٹا + کامران لڑائي میں شکست کهاکر هندوستان کي طرف بهاگا * گکروں ‡
کے سردار نے اُس کے ساتهه دغا کي پکڑ کر همایون کے حوالے کر دیا + دو دن سنه ۱۵۵۳ع
تو همایون نے کامران کي بڑي خاطرداري کي لیکن تیسرے دن اُسے
اندها کرنے کا حکم دیا * جهاں تک اُس کي آنکهه میں نشتر لگائے گئے
وه کچهه نهیں بولا لیکن جب نمک ڈال کر نیبو نچوڑا گیا چلّا اُٹها ای
خداوند کریم جو کچهه میں نے گناه کیئے تهے پوري سزا پا چکا اب عاقبت
میں مجهپر رحم کر کامران اندها هوکر مکّے کو چلا گیا + اور همایون
کابل قندهار کي بےکهٹکے حکومت کرنے لگا *

---

† اکبر کا وزیر تها *
‡ گکر وهي هیں جنهیں سنسکرت میں کیکے کهتے هیں اور اب کشمیر کي
عملداري میں ٹکّا کے نام سے شامل هیں *

شیرشاہ سور

همایون کے بھاگنے پر اُس ملک کا بادشاہ شیرشاہ ہوا + کامران کے سنه ۱۵۴۰ع
کابل چلے جانے پر پنجاب بھي جا دبایا * اور جهیلم پار ایک پہاڑي پر
رُهتاس اُسي نام کا اور ویسا هي مضبوط ایک قلعه بنایا + که جیسا اُسکي
جنم بهوم بہار میں تها *

مالوہ فتح ہوئے پر اِس نے راےسین کے قلعےوالوں کے ساتهه بڑي
بےایماني کي اُنهیں جان کي امان دیکر قلعے سے باهر نکالا + لیکن پھر سنه ۱۵۴۲ع
مولویوں سے فتوے لیکر سب کو کٹوا ڈالا * پھل اِس بےایماني کا شیرشاہ
کو اِسي دنیا میں مل گیا + یعني جب اِس نے کالنجر کا قلعه گھیرا اور
قلعےوالوں کو جان کي امان کے وعدے پر قلعه خالي کر دینے کا پیام بھیجا
اُنهوں نے یهي جواب دیا که تونے راےسین والوں سے بهي تو ایسا هي وعده
کیا تها اب تیري بات کا اِعتبار نہیں رہا * اور پھر کچھه کر ایسا گولا
مارنا شروع کیا که شیرشاہ کا میگزین اُڑ گیا + اور اُس کي آگ سے
ایسا جُهلسا که اُسي دن نهایت تکلیف کے ساتهه دنیا سے سدهارا † * سنه ۱۵۴۵ع

شیرشاہ یہاں کے اچھے اور عقلمند بادشاهوں میں گنا جاتا هی زمانے
مطابق ملک کا اِنتظام بهي خوب کیا تها + اور بنگالے سے پنجاب تک
اُونچي سڑک بنوا کر منزل منزل پر سراے اور کوس کوس پر کوا کُهدوا
دیا تها * کہتے هیں که سرایوں میں غریبوں کو کهانا ملنے کا بهي
بندوبست کیا گیا تها هندو کے لیئے هندو اور مسلمان کے لیئے مسلمان
نوکر مقرر تهے + اور سڑک پر دو طرفه درخت بهي لگائے گئے تهے ‡ *

سلیم‌شاہ سور ¶

شیرشاہ کے بعد نو برس تک اُس کے بیٹے سلیم‌شاہ نے جس کا اصلي
نام جلال‌خان تها بادشاهي کي اِسے بهي اِس کے باپ کي طرح نیک

† تاریخ وفات شیرشاہ ز آتش مرد سنه ۹۵۲ هجري *

‡ تاریخ شیرشاهي میں لکها هی که اُس کے باورچي‌خانے کا خرچ پانچ‌سو
اشرفي روز تها هزاروں سوار سپاهي کسان کنگالوں کو سدا اُس کے باورچي‌خانے
سے کهانے کو ملا کرتا تها *

¶ اصلي لقب اِس کا اِسلام شاہ تها *

نام بتلاتے هیں + دلي میں سلیم‌گڈهه اِسي کا بنایا اب تک موجود هی همایون کے خاندان والے اُسے نورگڈهه کہتے هیں *

محمدشاہ عدلي

سلیمشاہ کے مرنے پر اُس کا چچیرا بهائي مبارزخان اُس کے بیٹے کو جو کل بارہ برس کا تها مار کر محمدشاہ عادل کے لقب سے تخت پر
سنه ۱۵۵۳ع بیٹها + یهه بڑا نادان اور بدکار تها * سلطنت کا بالکل کام هیموں نام ایک بنئے کو سپرد کر دیا تها + خزانہ جلد هي خالي هو گیا سرداروں کي جاگیریں ضبط کرنے لگا * لوگ نہایت ناخوش اور بے دل هوگئے + عدلي یعني عادل کے بدلے اُسے اندهلي یعني اندها پکارنے لگے * ملک
سنه ۱۵۵۴ع میں هر طرف بلوہ هوگیا + جہاں جو تها مالک بن بیٹها * اُسي کے خاندان کے ایک آدمي اِبراهیم سور نے دلي آگرہ لے لیا + دوسرے آدمي سکندر سور نے پنجاب میں اپنے نام کا ڈنکا بجایا * محمدشاہ پورب کو چلا + لیکن پورب میں بهي تیسرے آدمي محمد سور نے بنگالہ اپنے قبضے میں کر لیا *

همایون کي دوسري سلطنت

همایون کو یهہ موقع پهر هندوستان میں آنے کا بہت اچها ملا + پندرہ هزار سوار لے کر سندهه ندي پار اُترا پہلے لاهور لیا اور پهر
سنه ۱۵۵۵ع سرهند میں سکندر سور کو شکست دے کر دلي آگرے میں قبضہ کیا * لیکن موت نے اُسے زیادہ دن اِس دوبارہ هندوستان کي سلطنت ملنے کا سُکهہ نہ بهوگنے دیا + دلي لینے سے چهہ هي مہینے کے اندر پیر پهسلنے کے سبب سیڑهي سے گر کر اُنچاس برس کي عمر میں اِس دنیا سے کوچ کر گیا † *

ابوالمظفر جلال‌الدین محمد اکبر شاہ ‡

بادشاہ اکبر اُس وقت کل تیرہ برس چار مہینے کا لڑکا تها + لیکن هوشیاري اور جوانمردي میں بڑے بڑے جوانوں کے کان کاٹتا تها *

---

† تاریخ وفات همایون ع همایون پادشاہ از بام اُفتاد سنه ۹۶۲ هجري *
‡ تاریخ جلوس اکبر ع جلوس خداوند عالم پناہ سنه ۹۶۳ هجري *

بیرم‌خان † خانخانان جو همایون کا بڑا معتبر سردار تها + سلطنت
کا کام انجام دینے لگا اکبر نے اُسے خان بابا کا خطاب دیا *

بیرم اکبر کے ساتهه پنجاب میں سکندر سور کو قابو میں لانے کي فکر
کر رها تها + لیکن جب خبر سني که هیموں ‡ بنیا محمدشاه عدلي
کا وزیر محمد سور کو مار کر اور آگرے دلي کو اپنے قبضے میں لاکر تیس
هزار فوج کے ساتهه لاهور کي طرف بڑها آتا هی ترت پاني‌پت کے میدان
میں لڑائي کے درمیان اُسے جیت کر قید کر لیا * بیرم نے چاها که اکبر
اپني تلوار اُس کے خون سے لال کرے اور غازي کهلوے لیکن اکبر دعوی
مردمي کا رکهتا تها + بولا که گهائل قیدي پر تو میں هرگز هاتهه نهیں
اُٹهاؤنگا * تب بیرم نے غصے میں آکر ناچار اپنے هاتهه سے اُس کا سر کاٹ
ڈالا + دلي آگره پهر اکبر کے قبضے میں آیا *

بیرم بڑے دبدبے کا آدمي تها یهه خالي اِس کي همت اور مستعدي
تهي + که سلطنت تیمور کے گهرانے میں رهي * لیکن اپنے آگے کسي
دوسرے کو کچهه چیز نهیں سمجهتا تها دشمن دربار میں بڑهه گئے +
جب باهر کے لڑائي جهگڑوں کا ایسا خوف باقي نه رها بادشاه کے کان
بهرنے لگے * بادشاه بهي اب جوان هوتا چلا تها + بالکل بیرم کے هاتهه
میں رهنا پسند نهیں کرتا تها * اور بیرم نے شیخي میں آکر دو چار کام
بهي ایسے کیئے + که وه بادشاه کو بهت بُرے معلوم هوئے * ندان اکبر
شکار کے بهانے بیرم کے قابو سے نکل کر دلي چلا گیا اور ایک اشتهار
جاري کیا + که اب سلطنت کا کام میں نے اپنے هاتهه میں لیا * سواے سنه ۱۵۶۰ع
میرے حکم کے کوئي کسي دوسرے کا حکم نه مانے تب تو بیرم کي
آنکهیں کهلیں مکے چلے جانے کا اِراده کیا لیکن گجرات کے پاس پهنچ کر
دل بدل گیا + کچهه سپاهي جمع کر کے پنجاب پر چڑهه دوڑا *
اور جب بادشاهي فوج نے اُسے شکست دي + تو اکبر سے اپنے قصور
کي معافي چاهي * آکر پیروں پر گر پڑا + اور رونے لگا * اکبر نے اُسے
اپنے هاتهه سے اُٹهایا + اور داهني طرف بٹهایا * اور کها که چاهو کوئي
صوبه لو چاهو پهلے درجے کے سردار هوکر دربار میں رهو + چاهو

† اصلي نام بیرام خان هی ترکي میں بیرام عید کو کهتے هیں *

‡ ریواڑي کا رهنے والا دهوسر بنیا تها *

مت مانتی پنشن لے کر مکے کو جاؤ * بیرم کی غیرت نے ہندوستان کا رهنا قبول نہ کیا + مکے جانے کی اِجازت مانگی لیکن گجرات پہنچ کر ایک پٹھان کے ھاتھہ سے جس کے باپ کو اُس نے کسی لڑائی میں مارا تھا مارا گیا *

اکبر نے جو اِس اٹھارہ برس کی نو جوانی میں ساری سلطنت کا بوجھہ اپنے سر پر اُٹھایا + لوگوں کو اُس کی طاقت سے بالکل باھر معلوم ھوگا * لیکن یاد رکھنا چاھیئے کہ کیسی آفت میں تو اُس کا جنم ھوا + اور کیسی قید میں وہ پالا گیا * اپنے باپ کے ساتھہ لڑائیوں میں رهکر وہ دلیر کیونکر نہ ھوتا + اور بیرم سے سخت مزاج آدمی کے تحت میں رہ کر وہ ھوشیار رھنا کیونکر نہ سیکھتا * بدن اُس کا بہت سڈول اور زوراور پھرتی سے بھرا ھوا تھا + رنگ گورا تھا * باتیں اُس کی دل کو لبھانی تھیں + دل لگیاں بھی اُس کی ھاتھی گھوڑوں کے پھیرنے اور شیروں کے شکار کرنے میں تھیں * لیکن اُس نے اپنی نیکنامی کی اُمید ایسی لڑائیوں کے جیتنے پر نہیں باندھی + جیسی اپنی رعیت کے سکھہ چین دینے سے رکھی *

غزنین اور غور والے بادشاہ تو پاس ھونے کے سبب اپنے ملک والوں سے بھی مدد لے سکتے تھے + لیکن تیمور کے خاندان والے تب تک یہاں نرے پردیسی تھے * اکبر اپنی آنکھوں سے دیکھہ چکا تھا + کہ یہاں والوں نے کیسا جھٹ پٹ اُس کے باپ کو نکال دیا * ندان اکبر نے اپنی نیک مزاجی سے یہہ پکا منصوبہ باندھا کہ نہ تو مذھب کا کچھہ خیال کرے + اور نہ رنگ اور قوم کا جو لوگ اِس دیس میں بستے ھیں سب کو دل جان سے اپنا کر لے * اُس کے وقت میں مسلمان اور ھندو دونوں کو اپنی اپنی لیاقت بموجب بڑے سے بڑے عہدے ملتے رھے + اور یہی سبب تھا کہ تمام آدمی باپ سے بھی زیادہ اُسے چاھنے لگے *

بیرم کے رھتے ھی اکبر کا عمل پورب میں جونپور تک پہنچ گیا تھا + اور گوالیر اور اجمیر کا قلعہ بھی ھاتھہ آگیا تھا *

مالوہ اب تک پٹھان بادشاھوں کے صوبہدار بازبہادر کے قبضے میں تھا + اکبر نے آدم‌خان کو کچھہ فوج کے ساتھہ اُدھر روانہ کیا * بازبہادر سنہ ۱۵۶۱ع

جب شکست کھاکے بھاگا اُس کي عورت جسے لوگ پدمني کہتے ہیں ادہم‌خان کے ہاتھہ پڑ گئي + اُس نے اُسے اپنے محلوں میں داخل کرنا چاہا لیکن وہ بیچاري اِس خبر کے سنتے ہي زہر کھا کر سو رہي * مالوہ سنہ ۱۵۶۱ع میں بالکل فتح ہو گیا + اور بازبہادر اکبر کے امیروں میں داخل ہوا *

اکبر نے آمیر یعني جےپور کے راجا کي بیٹي بیاہي تھي اِس لیئے وہ اور اُس کا بیٹا بھگوانداس † اور بھگوانداس کا بھتیجا اور راس‌نشین مان‌سنگھہ سدا اکبر کے طرفدار رہے جودھپور کے راجا کي لڑکي سے بھي اکبر نے بیاہ کیا تھا + جب تک مالدیو گدي پر رہا کچھہ سرکشي سي کرتا رہا لیکن اُس کے پیچھے اُس کا بیٹا اکبر کي خدمت میں حاضر ہو گیا * چتوڑ یعني اُدےپور کے رانا پر اکبر نے چڑھائي کي رانا اُدےسنگھہ جي کا بودا تھا + قلعہ چھوڑ کر جنگل پہاڑوں میں جاگھسا * لیکن جیمل قلعےدار نے اکبر کا خوب مقابلہ کیا + آخر ایک دن رات کو جیمل مشعل کے اُجالے سے برجوں کي مرمت کرا رہا تھا اکبر نے جو قلعہ گھیرے ہوئے پڑا تھا پہچان لیا * تک کر ایسا نشانا مارا + کہ جیمل اُسي جگہہ لوٹ گیا * ایسے بہادر قلعےدار کے مارے جانے سے رانا کي فوج بالکل بے دل ہو گئي عورتوں کو جو قلعہ میں تھیں جیمل کي لاش کے ساتھہ چتا پر بٹھلا کر جلا دیا اور آپ تلواریں سونت کر اور کیسریئے باگے پہن کر قلعے سے باہر نکل آئے + کہتے ہیں کہ اُس وقت کم سے کم آٹھہ ہزار آدمي مسلمانوں کے ہاتھہ سے قتل ہوئے * جیتا ایک بھي نہ بچا ‡ ہاں کچھہ تھوڑے سے آدمي اپنے لڑکے اور اپني عورتوں کو قیدیوں کي طرح باندھہ باندھہ کر بادشاہي فوج کے بیچ سے ہوتے ہوئے البتہ

† بھگوانداس کي بیٹي سلیم کو بیاہي تھي اکبر آپ بارات کے ساتھہ بھگوانداس کے مکان پر گیا تھا اور وہاں ہندؤں کے دستور مطابق آگ کے گرد پھیري پھر کر بیاہ ہوا تھا بہو کے ڈولے پر روپئے اور اشرفیاں لٹاتا آیا بھگوانداس نے ۱۰۰ ہاتھي کئي طویلے گھوڑے بہتیرے لونڈي غلام سونے چاندي جواہر کے اسباب ہتھیار برتن جہیز میں دیئے امیروں کو جو براتي تھے عراقي ترکي تازي سونے چاندي کے ساز سمیت گھوڑے دیئے *

‡ ٹاڈ صاحب اپني کتاب میں لکھتے ہیں کہ مردوں کے جنیؤ ساڑھے چوہتر من تولے گئے تھے جنھیوں پر اب تک وہي طلاق لکھا جاتا ہے لیکن من چار سیر کا تھا *

نکل گئے + بادشاهي فوج والوں نے یهه جانا که همارے هي آدمي قلعے والوں
کے بال بچے پکڑے لیئے آتے هیں اِس لیئے کچهه نه بولے * رانا چتوڑ
ٹوٹ جانے پر بهي جنگل پهاڑوں میں گهسا رها + نو برس پیچهے اُس
کے بیٹے اور جانشین رانا پرتاب کو وه جنگل پهاڑ بهي چهوڑ کر سندهه
کي طرف بهاگنا پڑا * پر جو اُس نے همت کي + تو خدا کي
طرف سے اُسے مدد پهنچي * اکبر کے مرنے سے پهلے هي اُس نے اپنا
بهت سا ملک پهر اپنے قبضے میں کر لیا + اور اپنے باپ کے نام پر
اُدےپور کا شهر بسایا *

گجرات جو مدت سے جدا بادشاهوں کے قبضے میں چلا آتا تها
سنه ۱۵۷۳ع میں اکبر کے هاتهه آیا + اور سنه ۱۵۷۶ع میں بنگاله سنه ۱۵۷۳ع
اور بهار بهي فتح هو گیا * پٹهان بادشاه جو وهاں تهائي چاول کي جدا سنه ۱۵۷۶ع
کهچڑي پکاتے تهے + اب نام نشان کو بهي باقي نرهے *

کشمیر چودهویں صدي کے شروع سے مسلمانوں کے قبضے میں چلا
آتا تها + هندؤں کا راج بالکل ناش هو گیا تها * سنه ۱۵۸۶ع میں سنه ۱۵۸۶ع سنه
اکبر نے اُسے هندوستان کي سلطنت میں ملایا + اِسي سال راجا بیربل
جو اکبر کا نامي مصاحب تها سندهه پار یوسف زئیوں کي لڑائي میں
مارا گیا *

سنه ۱۵۹۲ع میں سندهه کے حاکم نے جو اب تک خود مختار رها سنه ۱۵۹۲ع
تها زیر هوکر اکبر کي اِطاعت قبول کي + اور وه بهي میراث اِس
بادشاه کے اختیار سے باهر نرهي * کهتے هیں که یهه سندهه کا حاکم
لڑائي کے لیئے پرتگیز سپاهي بهي ساتهه لایا تها + اور دو سو هندوستانیوں
کو انگریزي جامه پهنایا تها * یعني گورے اور تلنگے † اُسکي فوج میں
موجود تهے + اِن کے نام اِس ملک کي فوج میں اِسي جگهه سے سننے
میں آئے *

دکهن میں جو مدت سے احمدنگر اور وجےپور یعني بیجاپور اور سنه ۱۵۹۵ع
گولکنڈے کے جدا جدا بادشاه هوتے چلے آتے تهے + احمدنگر میں اِتفاق
سے چار دعویدار کهڑے هوئے * ایک نے جو اُس وقت احمدنگر میں تها

---

† پهلے مندراج میں تیلنگ دیس کے آدمي انگریزي فوج میں بهرتي هوئے
تهے اِسي لیئے یهاں والے پلٹن کے سپاهیوں کو تلنگا پکارنے لگے *

اکبر سے مدد مانگي اِس نے ایسے موقع کو غنیمت سمجھه کر شاھزادے مرزامراد کو بیرم کے بیٹے مرزا عبدالرحیم‌خان خانخانان کے ساتھه فوج لیکر احمدنگر جانے کا حکم دیا + لیکن جب تک یے لوگ پہنچے احمدنگر دوسرے دعویدار بہادر نظام‌شاہ کے قبضہ میں آ گیا * یہه تو بچه تھا لیکن اِس کي چچي چاند سلطانا بڑي دانا اور دل کي دلیر تھي + اِس قسم کي عورت اِس ملک میں کم سني گئي ھیں جس وقت اکبر کي فوج سرنگ اُڑاکر قلعے پر چڑھنے لگي چاند سلطانا مُنهه پر نقاب ڈال کر اور ھاتھه میں ننگي تلوار لےکر جہاں سرنگ اُڑائي گئي تھي آکر کھڑي ھو گئي * اور چلاکر اپنے آدمیوں سے کہنے لگي که اب ایسے وقت میں عورت نه بنو + ندان اُس دم احمدنگر میں ایسا کوئي نه تھا جو اُسکي مدد کو نه پہنچا ھو * اکبر کي فوج قلعے پر نه چڑھه سکي + اور براز کا علاقه لے کر جو احمدنگر والوں نے کچھه دنوں سے اپنے قبضہ میں کر لیا تھا چاند سلطانا سے صلح کر لي * لیکن چاند سلطانا نے محمدخان کو پیشوا کے خطاب سے اپنا وزیر مقرر کیا تھا وہ اُس سے پھر گیا + اور اُس نے پھر شاھزادے مرزامراد کو احمدنگر میں بلایا * شاھزادے مرزامراد سے تو کچھه نه بن پڑا لیکن جب اکبر نے شاھزادے دانیال اور خانخانان کو بھیجا اور برھان‌پور تک آپ بھي آیا + تو اِس دفعه احمدنگر کے سپاھیوں نے بلوہ کر کے چاندسلطانا کو مار ڈالا * اکبر کي فوج کو قلعے میں گھس جانا اور اُسے اپنے دخل میں کر لینا پہلي بار کا سا مشکل نه رھا + قلعے والے سب مارے گئے اور بہادر نظام‌شاہ قید رھنے کے لیئے گوالیر کے قلعے میں بھیجا گیا * اکبر ابھي برھان‌پور ھي میں تھا که اُسے اپنے بڑے لڑکے ولي عہد شاھزادے سلیم کے باغي ھو جانے کي خبر پہنچي یہه اب تیس برس کا ھو گیا تھا اور سب طرح سے لائق تھا + لیکن شراب اور افیون نے اُس کا دماغ بگاڑ دیا تھا * وہ آپ اپني کتاب میں لکھتا ھی که میں جواني کي حالت میں ھر روز کم سے کم بیس پیالے شراب پیتا تھا اگر گھنٹے بھر بھي بے شراب گذرتا + تو میرا ھاتھه کانپنے لگتا * لیکن جب سے میں تخت پر بیٹھا کل پانچ پیالے پر کفایت کرتا ھوں + اور سو بھي رات کے وقت پیتا ھوں *

تدان اکبر تو دکھن کي لڑائیوں کا بندوبست کر رہا تھا شہزادے سلیم نے ڈنکا بغاوت کا بجایا + اور الہآباد لیکر صوبۂ اودھہ اور بہار میں بھي اپنا قبضہ کر لیا * اکبر نے لڑکے پر سختي کرنا مناسب نجانا + نرمي کے ساتھہ فہمایش کا خط لکھا اور آپ بھي جلد آگرے کو چلا آیا * سلیم نے بہت منت سماجت کے ساتھہ اپنے باپ کو جواب لکھا + اور قدمبوسي حاصل کرنے کو آگرے روانہ ہوا * لیکن جب اِتاوے میں پہنچا اکبر نے معلوم کیا کہ سلیم کے ساتھہ سپاہ بہت ہی حکم بھیجا کہ اگر مجھے دیکھا چاہتے ہو جریدہ چلے آؤ + نہیں تو الہآباد لوٹ جاؤ * سلیم الہآباد لوٹ گیا + اور پھر تھوڑے ہي دنوں بعد اکبر نے صوبۂ بنگالہ اور اُڑیسہ اُس کے حوالے کیا *

سلیم کو اکبر کے وزیر ابوالفضل سے بڑي دشمني تھي جب وہ دکھن کي مہم سے لوٹ کر آگرے کي طرف آتا تھا سلیم کي مرضي بموجب اُرچھا کے راجا نرسنگھدیو نے اُس کا سر کاٹ کے سلیم کے پاس بھیج دیا + اکبر کو ابوالفضل کے مارے جانے کا بڑا رنج ہوا دو دن رات نہ کچھہ کھایا نہ سویا پر اُسے یہہ نہ معلوم ہوا کہ ابوالفضل کا خون
اُسي کے بیٹے کي گردن پر تھا * سنہ ١٦٠٢ع میں سلیم اکبر کے پاس سنہ ١٦٠٢ع
حاضر بھي ہوا تھا اکبر بہت مہرباني کے ساتھہ پیش آیا + سنہ
١٦٠٤ع میں پھر حاضر ہوا * سنہ ١٦٠٤ع

اکبر کا دوسرا لڑکا مراد کئي برس ہوئے مر گیا تھا + اب تیسرے سنہ ١٦٠٥ع
لڑکے دانیال کے مرنے کي خبر پہنچي یہہ بھي شراب بہت پیتا تھا * جب بیمار پڑا اور اکبر نے اُس کے پاس شراب جانا بند کیا وہ اپنے نوکروں سے بندوق کي نلیوں میں بھر کر شراب منگواتا تھا + مر گیا پر اِس سے پرھیز نہ کر سکا * یہہ بُري بلا ہی جب بڑھتي ہی + جان ہي لیکر چھوڑتي ہی * تدان اکبر کو اپنے عزیزوں کے مرنے کا اِتنا رنج ہوا + کہ آخر بیماري نے اُس کے بدن میں گھر کیا * بھوکھہ بالکل جاتي رہي + دس دن تک سواے پلنگ پر لیٹے رہنے کے اور کسي کام کي طاقت نرہي * آخر وقت میں سلیم موجود تھا اکبر نے حکم دیا کہ میرے سب امیروں کو یہاں حاضر کرو + میں نہیں چاہتا کہ جن لوگوں نے جنم بھر میري خدمت کي اب کسي

طرح پر تمھارے ساتھہ اُن کي نااِتفاقي ہو * جب سب امیر حاضر ہوئے بہت سي پند اور نصیحت کرنے کے بعد سب کي طرف دیکھکر کہا بھائیو اگر میں نے کچھہ قصور کیا ہو معاف کیجیو سلیم سے نہ رہا گیا پیروں پر گر پڑا + اور ڈاڑھہ مارکر رونے لگا * اکبر نے اپني تلوار کي طرف اِشارہ کیا + اور کہا کہ میرے سامنے اپني کمر پر باندھو اور پھر ایک بڑے مُلا کو بلا کر اُس کے سامنے مسلمانوں کا کلمہ پڑھتے پڑھتے اِس ناپائدار دنیا سے کوچ کیا † *

آگرے کو بیانے کے تخت سے نکال کر سکندر لودي نے اپنا پاے تخت بنایا تھا + لیکن رونق اُسے اکبر نے دي اِسي لیئے وہ اکبرآباد کہلایا * قلعہ اُس میں لال پتھر کا اکبر ہي کا بنایا ہی الہآباد بھي اکبر نے بسایا اور وہاں گنگا جمنا کے سنگم پر قلعہ بنایا + انگریزوں نے اب اُسے بہت مضبوط کر لیا *

اکبر سال میں چھہ مہینے سے اُوپر گوشت نہیں کھاتا تھا + اُس کے دربار میں سدا گنگاجل پیا جاتا تھا * گاوکشي کي مناھي تھي + رات دن میں تین گھنٹے سے زیادہ کبھي نہیں سوتا تھا اِتني لڑائیاں لڑتے اور ایسے بڑے بڑے کام کرنے پر بھي وقت جیسا چاھیئے بانٹ دینے سے اور کام کے نکاس کي ترکیب جاننے سے اُسے پڑھنےلکھنے اور کھیل تماشا دیکھنے کي بھي بہت فرصت ملا کرتي تھي * وہ پندرہ بیس کوس بخوبي پیدل چل سکتا تھا + ایک بار خالي اپنے شوق سے دو دن میں گھوڑے کي ڈاک پر دو سو بیس میل اجمیر سے آگرے چلا آیا * برسات کے موسم میں احمدآباد سے خبر پہنچي کہ دشمنوں نے قلعے کو چالیس ہزار فوج سے گھیر لیا اور اب اُس کے بچنے کي کچھہ اُمید نہیں ہی اکبر اُس وقت آگرے میں تھا + اِتني دور سے ایسے موسم میں فوج کا روانہ کرنا نرا بے فائدہ تھا * فوراً سانڑني پر سوار ہو بیٹھا + اور تین سو سانڑنیوں پر جو اُس وقت شتر خانے میں موجود تھیں سرداروں کو تیر کمان بندھواکر ساتھہ سوار کر لیا ایک اٹھوارے میں ۲۲۵ کوس چل کر احمدآباد کے سامنے ڈنکا جا بجایا * بادشاھي نشان دیکھتے ھي دشمنوں کا ہوش اُڑ

† تاریخ وفات اکبر فوت اکبر شہ سنہ ۱۰۲۴ ہجري *

گیا + بہتیرا ہاتھہ پیر پیٹتا پر سواے مرنے اور بھاگنے کے کچھہ بھي نہ بن پڑا * آپس میں سلام کا قاعدہ اکبر نے بالکل بدل دیا تھا سلام علیکم کے بدلے ایک کہتا تھا اللہ اکبر دوسرا جواب دیتا تھا جلّ جلالہ بات اِس میں یہہ تھي کہ اکبر اور جلال دونوں اُس بادشاہ کا نام تھا بادشاہ کے سامنے سب کو زمین چومنے کا حکم تھا * مسلمانوں کو اِس طرح کي باتیں بہت بُري لگتي تھیں کیونکہ سلام علیکم اُنکے مذہب کا حکم ہی + اور آدمي کے سامنے زمین پر گرنا بالکل اُنکے مذہب کے برخلاف ہی * اکبر نے بہت سے آئین رعیت کے نہایت فائدے کے جاري کیئے تھے اُسنے گولہ اُٹھانا اور جلتے تیل میں ہاتھہ ڈالنا ایسي قسموں پر مقدموں کا فیصل ہونا بالکل بند کر دیا تھا + ہوش سنبھالنے سے پہلے لڑکا لڑکي دونوں کا بیاہ منع تھا * دوسرا بیاہ کرنے کي ہندو بیواؤں کو بھي پروانگي تھي + بنا اپني پوري رضامندي کے کسي کي زبردستي سے کبھي کوئي ستي نہیں ہونے پاتي تھي * جزیہ کا محصول اُس نے ایک قلم موقوف کردیا کیوں کہ ہندو اور مسلمان اُس کے نزدیک دونوں برابر تھے + جاتریوں سے محصول لینا بھي بالکل بند کیا کیوں کہ سب لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق اُسي ایک بیچون و چرا خالق ارض و سما کي پوجا کرتے تھے * شہر کے باہر دو مکان بنوادیئے + جس مکان کا نام دھرم پور تھا اُس میں ہندو سادھہ سنت اور جس کا نام خیرپور تھا اُس میں مسلمان فقیر نت کھانے کو پاتے تھے * زمین کي پیداوار سے اکبر کل ایک تہائي لیتا تھا + اور لڑائي کے قیدیوں کو لونڈي غلام بنانے کا دستور بالکل اُٹھا دیا تھا * اکبر کے دخل میں ہندوستان کے اٹھارہ صوبے تھے + اُس کے لشکر کے ڈیرے پانچ میل کے پھیلاو میں کھڑے ہوتے تھے * سالگرہ کے روز بڑي دھوم دھام سے تیاري ہوتي تھي + اِنگلستان کي ملکہ الیزبتھہ کي چٹھي لے کر فیچ صاحب جو اُس کے دربار میں آئے تھے لکھتے ہیں کہ ایسي دولت ہمنے کبھي آنکھہ سے نہیں دیکھي * سونے کي تُلا پر سونے اور پھر چاندي اور پھر اور چیزوں سے بادشاہ تُلتا تھا + اور وہ سب اُسي جگہہ لُٹا دیا جاتا تھا * بادشاہ لوگوں کو اِنعام بھي بہت دیتا تھا + اور سونے چاندي کے بادام درباریوں پر پھینکتا تھا + اُس کے درباري سب سر پر کلغیاں باندھتے تھے + اور اِنھیں فیچ صاحب کے لکھنے

بموجب جیسا آسمان تاروں سے چمکتا ہی وے ہیروں سے چمکتے تھے * پانچ ہزار اُس کے فیل‌خانے میں ہاتھي تھے + اور بارہ ہزار اصطبل میں خاصے کے گھوڑے * اُن کے ساز دیکھنے سے آنکھیں چوندھیاتي تھیں + اور سواروں کے بدن پر کمخاب کي وردیاں جگ مگاتي تھیں * پر تو بھي اکبر نہایت سیدھا سادا تھا + اکثر تخت کے نیچے بیٹھہ کر اور کبھي کھڑا بھي رہ کر اپني رعیت کا اِنصاف کرتا تھا * اُس کي نیک مزاجي کي ہم کہاں تک تعریف لکھیں ایک دفعہ سواري میں کسي نے اکبر پر ایک تیر چلا دیا + اور وہ آکر اُس کے کندھے میں لگا * مجرم پکڑا گیا لوگوں نے عرض کي کہ ابھي اِس کو قتل نہ ہونے دیجئے تو اِس سے اُس اصل مجرم کا نام معلوم کریں جس کے کہنے سے اِس نے ایسے کام کا ہواو کیا + اکبر نے کہا کہ اِس کو دھمکانے سے اصل مجرم کے بدلے کسي بے گناہ کے پھنس جانے کا ڈر ہی اور اُس کو اُسي دم قتل ہونے دیا *

ایک مرتبہ اکبر جب لڑائي میں جانے کے لیئے پوشاک پہن رہا تھا دیکھا کہ کسي راجا کا لڑکا اپنے ڈیل ڈول سے زیادہ زرہ بکتر پہنے ساتھہ چلنے کو تیار ہی + اور اُس کے بوجھہ سے دبا جاتا ہی * بادشاہ نے اُس کي عمر موافق ایک ہلکا سا زرہ بکتر اپنے توشےخانے سے منگوا دیا + اور جب اُس نے وہ بھاري اپنے بدن سے اُتارا ایک دوسرے راجا کو جو بے زرہ بکتر تھا پہن لینے کا اِشارہ کیا * لیکن یہہ راجا اُس لڑکے کے باپ سے کچھہ دشمني رکھتا تھا اِس سبب لڑکے کو بہت بُرا لگا اکبر کا دیا ہوا زرہ بکتر ترت اُتار کر پھینک دیا + اور کہا کہ میں لڑائي میں بے زرہ بکتر ہي جاؤنگا اکبر نے اِس بے ادبي پر ذرہ بھي خیال نہ کیا * اور خالي اِتنا ہي بولا کہ تب آج ہم بھي زرہ بکتر نہ پہنیں + کیوں کہ ہمکو یہہ مناسب نہیں کہ اپنے سرداروں کو اپنے سے زیادہ خطرے میں پڑنے دیں *

بابا تلسي‌داس † اِسي کے زمانے میں ہوئے + جو ایسي اچھي بھاکھا راماین بنا گئے *

---

† سمبت سورہ سے اسي اِسي گنگ کے تیر * ساون سکلا ستمیں تلسي تجیو سریر * کوئي کوئي ساون سیاما تیج کر ایسا بھي کہتے ہیں اور اُسي دن اُنکي برسي مانتے ہیں *

نورالدین محمد جہانگیر

اکبر کے بعد سلیم تخت پر بیٹھا + اور لقب اپنا جہانگیر رکھا * اکثر محصول جن سے رعیّت کو تکلیف پہنچتي تھي اور اکبر کے وقت میں بھي جاري رہ گئے تھے + بند کر دیئے * حکم دیا کہ کوچ کے وقت کوئي سپاھي یا بادشاھي نوکر زبردستي کسي رعیت کے گھر میں نہ اُترے ناک کان کاٹنے کي سزا بھي جہانگیر نے موقوف کي + آپ جیسي شراب پیتا تھا وہ تو معلوم ھی پر اَوروں کو سخت مناھي تھي * اپنے رھنے کے محلوں میں ایک زنجیر سونے کے گھنٹیاں باندھہ کر لگا دي تھي اور اُس زنجیر کا دوسرا سرا قلعے کے باھر لٹکوا دیا تھا + کہ فریادي کو اگر کوئي چپراسي چوبدار بادشاہ تک نہ پہنچنے دے تو وہ اُس زنجیر کو ھلادے جہانگیر گھنٹیاں بجتے ھي باھر نکل آتا تھا * لیکن اِن سب اچھے کاموں سے یہہ نہ سمجھنا چاھیئے کہ جہانگیر کا دل بھي اکبر کا سا نرم تھا جب اِس کا بڑا بیٹا خسرو اِس سے بگڑ کر کابل کي طرف بھاگا + اور جھیلم میں ناو اَٹک

سنہ ۱۶۰۶ع جانے کے سبب پکڑا آیا * جہانگیر نے اُس کے ساتھیوں میں سے سات سو آدمیوں کي کھال کھچواکر اُنھیں لاھور کے باھر کھڑا کروا دیا + اور خسرو کو ھاتھي پر بٹھلاکر اُنھیں دیکھنے کے لیئے بھجوایا اور نقیب کو حکم دے دیا کہ ایک ایک کا نام لے کر معمول مطابق "نگاہ روبرو" پکارتا جاوے خسرو نے تین دن تک کچھہ نہ کھایا اور رویا اور کڑھا کیا *

سنہ ۱۶۱۱ع تخت پر بیٹھنے کے چھہ برس بعد جہانگیر نے نورجہان کے ساتھہ نکاح کیا + نورجہان کا دادا اِیران میں بڑے درجے کا آدمي تھا لیکن اُس کا باپ مرزا غیاث ایسا غریب ھو گیا کہ اُسے روزگار کي تلاش میں ھندوستان کي طرف آنا پڑا اور قندھار میں جب نورجہان پیدا ھوئي اُس نے اُسے سڑک پر پھینک دیا * قافلے والوں نے رحم کھاکر اُٹھا لیا + اور اُسي کي ما کو اُس کي دھاے مقرر کر دیا * اُس کے باپ سے بھي قافلے والے کام کاج لینے لگے اور پھر ھوتے ھوتے وہ بادشاہ کے یہاں نوکري پا گیا اپني ما کے ساتھہ جب نورجہان اکبر کے محل میں جاتي + وھاں جہانگیر کي بھي اُس پر آنکھہ پڑتي * جب جہانگیر اُس سے چھیڑ چھاڑ کرنے لگا اور اِس کا چرچا اکبر تک پہنچا اکبر

نے اُس کے باپ سے کہہ کے اُس کا نکاح شیرافگن‌خان سے کہ جس کے
ساتھہ منسوب ہو چکي تھي کرا دیا + جہانگیر جب تخت پر بیٹھا
نورجہان کي یاد نے اُسے بیچین کیا * شیرافگن‌خان کو اکبر نے بنگالے
میں جاگیر دي تھي جہانگیر نے بنگالے کے صوبہ‌دار کو لکھا کہ جس طرح
سے بنے نورجہان کو شیرافگن سے لے کر بھیج دو صوبہ‌دار کا سمجھانا
شیرافگن نے کچھہ بھي نہ مانا + اور جب صوبہ‌دار نے دھمکانا شروع کیا
شیرافگن نے اُس پر ہتھیار چلایا * صوبہ‌دار کے مرتے ہي اُس کے نوکروں
نے شیرافگن کو ٹکڑے ٹکڑے کرڈالا اور نورجہان کو پکڑ کر جہانگیر کے
پاس بھیج دیا + پہلے تو جہانگیر نے اُس کے ساتھہ بڑي دھوم دھام
سے بیاہ کیا اور پھر خالي نام کو آپ بادشاہ رہا حقیقت میں سارا کام
بادشاہي کا اُسي کے حوالے کر دیا * بادشاہي کیا وہ تو جہانگیر کي بھي
مالک تھي + اور عقلمند ایسي کہ اُس سے بھي اچھي سلطنت کرتي
تھي * سکے پر بھي جہانگیر کے ساتھہ اُس کا نام رہتا تھا + اور بے اُس
کے ایک دم جہانگیر کو آرام نہ تھا *

جہانگیر نے کچھہ فوج شاہزادے خرم یعني شاہجہان کے ساتھہ
اُدےپور کو بھیجي تھي + لیکن رانا شاہجہان کے پاس حاضر ہوگیا
سنہ ۱۶۱۴ع اِس لیئے شاہجہان نے اُس کي بہت خاطر کي * اکبر کي چڑھائي سے
جو کچھہ اُس کا ملک بادشاہي قبضے میں آ گیا تھا وہ بھي چھوڑ دیا +
اور رانا کے لڑکے کو دلّي لاکر اپنے باپ جہانگیر سے بڑا درجہ دلایا *

شاہجہان کو جہانگیر نے بہت سي فوج دیکر دکھن کي مہم پر سنہ ۱۶۱۶ع
روانہ کیا + اور آپ بھي اُس کي مدد کے اِرادے پر مانڈو تک آیا *
اِنگلستان کے بادشاہ پہلے جیمس کے ایلچي سر ٹامس رو صاحب
بادشاہ کے ساتھہ تھے + لکھتے ہیں کہ باربرداري نہ ملنے کے سبب ہم
اور اِیران کے بادشاہ کا ایلچي دونوں کچھہ دن تک اجمیر میں پڑے
رہے * اور بادشاہ کو بھي اپني فوج کا بہت سا ڈیرہ ڈنڈا جلوا دینا پڑا +
نہیں تو اُنکا بھي کوچ ہونا مشکل تھا * وہي صاحب لکھتے ہیں کہ
جہانگیر فرنگیوں کي بڑي خاطر کرتا ہی رعیت ہندي بولتي
ہی + پر دربار میں فارسي بولي جاتي ہی * میں نے بادشاہ کو ایک
عمدہ ولایتي گاڑي اور تصویر دي تھي بادشاہي کاریگروں نے تھوڑے

هي دنوں میں اُس سے بہتر گاڑي بنالي + اور تصویر کي تو ایسي نقل اُتاري که مجھکو اصل سے نقل جدا کرني مشکل پڑ گئي *

شاهجہان جلد هي فتح فیروزي کے ساتھه دکھن کي مہم ختم کر کے اپنے باپ کے پاس حاضر هوگیا + اور پھر تھوڑے هي دنوں پیچھے کانگڑے کا نامي قلعه جہانگیر کے قبضے میں آیا * شاهجہان کو نورجہاں کي بھتیجي بیاهي تھي + اِس لیئے وہ اب تک شاهجہان کي طرفدار تھي * لیکن اب اُس نے اپني بیٹي جو شیرافگن کے گھر میں هوئي تھي + جہانگیر کے چھوٹے لڑکے شہریار کو بیاہ دي * اور اِس فکر میں پڑي که شاهجہان کو خراب کر کے جہانگیر کے بعد شہریار کو تخت پر بٹھاوے ندان جب شاهجہان کو یهه بات معلوم هوئي اور اُس نے دیکھا که نورجہان نے میرے باپ کا دل میري طرف سے پھیر دیا نه مجھه کو باپ کے پاس آنے دیتي هی + اور نه یہاں دکھن میں رهنے دیتي هی * جاگیریں میري جو تھیں ضبط هوکر شہریار کو مل گئیں اور فوج بھي جو میرے تحت میں هی اب شہریار کو ملا چاهتي هی ڈنکا بغاوت کا بجایا + اور مانڈو سے آگرے کي طرف روانه هوا * لیکن جب قریب پہنچا اور بادشاهي فوج اِس کے مقابلے کو آئي یهه هٹ کر پھر مانڈو کي طرف روانه هوا + بادشاهي فوج نے وهاں بھي اُس کا پیچھا کیا * شاهجہان تیلنگ دیس یعني تلنگانے کي طرف بھاگا + اور پھر مچھلي بندر هوتا هوا پورب میں آکر بنگاله اور بہار اپنے قبضے میں کیا * لیکن جب زمینداروں سے مدد نه ملنے کے سبب اِس طرف بھي اُس نے بادشاهي فوج سے شکست کھائي پھر دکھن کي طرف بھاگا + اور آخر تھککر اپنے باپ کو عرضي لکھي که اب میرا قصور معاف هو بہت سزا پا چکا * وهاں سے حکم آیا که داراشکوہ اور اورنگزیب اپنے دونوں لڑکوں کو حاضر رهنے کے لیئے دربار میں بھیج دو + اور پھر کبھي ایسا کام مت کرو * شاهجہان نے کچھه عذر نه کیا اور فوراً اپنے دونوں لڑکوں کو بادشاہ کے پاس بھیج دیا *

اِسي عرصے میں کیا جانیئے نورجہان کو کیا سوجھا + مہابت‌خان کو بنگاله کي صوبه‌داري کا حساب سمجھانے کے لیئے بُلا بھیجا * مہابت‌خان آیا + لیکن پانچ هزار راجپوتوں کو ساتھه لیتا آیا * بادشاہ سنه ۱۶۲۶ ع

کے پاس حاضر ہونے سے پہلے بنا بادشاہ کي پروانگي اُس نے اپني بيٹي ايک جوان سردار برخوردار کو بياہ دي + جہانگير کو يہہ بات بہت بُري لگي * برخوردار کو بُلا کر اُس کي ننگي پيٹھہ پر کوڑے لگوائے اور گھر بار اُس کا بالکل ضبط کر ليا + جب مہابت‌خان پاس پہنچا جہانگير کابل کو جاتا تھا جہيلم ميں پُل باندھہ کر فوج تو پار اُتر گئي تھي جہانگير اپنے خيمے ميں ابھي اِسي پار تھا * مہابت‌خان نے سورج نکلنے سے پہلے دو ہزار رجپوت تو پل پر بھيج ديئے اور آپ دو سو رجپوت ليکر جہانگير کے ديرے ميں چلا گيا + جہانگير گھبرا کر اُٹھا اور اِتنا ہي کہنے پايا نمک‌حرام مہابت‌خان يہہ کيا ہي مہابت‌خان نے زمين چومي اور عرض کيا کہ ميرے دشمنوں نے مجھکو حضور تک نہيں پہنچنے ديا تب ميں ناچار اِس گستاخي کے ساتھہ حاضر ہوا * ندان جب جہانگير نے اپنے تئيں مہابت‌خان کے اختيار اور اُس کي قيد ميں پايا + نرمي اور ملائمت کے ساتھہ باتيں کرنے لگا مہابت‌خان جہانگير کو اپنے ديرے ميں لے آيا * نورجہان بھيس بدل کر ٹوٹي سي ڈولي پر سوار مہابت‌خان کے سپاہيوں کے درميان سے پل پار اپني فوج ميں چلي گئي دوسرے روز دريا پاياب اُتر کر ساري فوج مہابت‌خان پر چڑھا لائي * آپ تير کمان ليکر ہاتھي کے ہودے پر سوار تھي + ليکن مہابت‌خان کے سامنے کچھہ پيش نہ گئي * آدمي بہت مارے گئے + بادشاہ کو نہ چھڑا سکے * نورجہان کا ہاتھي فيل‌بان کے مرنے اور سونڈ کے کٹنے پر دريا ميں بھاگ گيا + اور بہہ بہت دور بہہ کر کنارے پر لگا * نورجہان کے ساتھہ ہودے پر اُس کي نواسي بھي تھي ننھي بالک اور تير سے گھائل نورجہان ہاتھي سے اُتري اور اُس لڑکي کے گھاو ميں پٹي باندھي + آخر تھک‌کر وہ بھي اپني قسمت کے بھروسے پر جہانگير کے پاس مہابت‌خان کي قيد ميں چلي آئي *

مہابت‌خان جہانگير کو لے کر کابل کي طرف چلا + جہانگير ظاہر ميں اُس سے ايسا ہل مل گيا کہ مہابت‌خان کو اُس کي طرف سے کچھہ بھي کھٹکا باقي نرہا * جہانگير نے نورجہان کي صلاح بموجب مہابت‌خان سے کہہ کر حکم دلوا ديا کہ سب جاگيردار اپنے اپنے سواروں کو موجودات ديويں نورجہان بھي جاگيردار تھي + اپنے سواروں کو درست کرنے لگي اور نئے سوار اِس حکمت سے بھرتي کيئے کہ موجودات کے دن تک کسي کو اُن کي تعداد سے خبر نہ ہوئي * مہابت‌خان کو نورجہان

کي طرف سے کھٹکا ہوا لیکن جہانگیر نے یہہ کہہ کے مٹا دیا کہ نورجہان کے سوار ہم جا کر دیکھہ آوینگے تم اُن کے نزدیک مت جانا + لیکن جب جہانگیر نورجہان کے ساتھہ اُس کے سواروں کو دیکھنے گیا وہ اِتنے تھے کہ فوراً اُنھوں نے اُن کے ھاتھیوں کو گھیر لیا اور مہابت‌خان کے آدمیوں کو جو بادشاہ کے ساتھہ تھے کاٹ ڈالا * جب مہابت‌خان نے دیکھا کہ بادشاہ اور بیگم دونوں ھاتھہ سے نکل گئے وھاں سے کوچ کیا + اور پھر دکھن میں شاھجہان سے جا ملا *

جہانگیر کابل سے کشمیر گیا وھاں اُس کا دمے کا مرض ایسا بڑھہ گیا کہ لاھور آنا پڑا + لیکن موت نے راستے ھي میں آ لیا ساٹھویں برس میں
سنہ ۱۶۲۷ع دنیا سے کوچ کر گیا † *

شہاب‌الدین محمد شاھجہان (صاحب قران ثاني)

جہانگیر کے بعد شاھجہان بڑي دھوم دھام سے تخت پر بیٹھا جیسي اُس کے وقت میں سلطنت نے رونق پائي + کبھي کسي کے سُنّے میں نہیں آئي * جو جو عمارتیں اُس نے بنائیں + کبھي کسي کے
سنہ ۱۶۲۸ع دیکھنے میں نہیں آئیں * شاھجہاناباد کي عمارتوں کو دیکھو قلعہ کیسا عمدہ اور جامع‌مسجد کس شان کي بني ھی آگرے میں تاج‌گنج کا روضہ دیکھو کہ ویسي دوسري عمارت آج تک کسي کو دنیا میں نہیں ملي + ایک تخت طاؤس ‡ اُس نے سات کروڑ دس لاکھہ روپئے کا

† تاریخ وفات جہانگیر ع جہانگیر از جہان عزم سفر کرد سنہ ۱۰۳۶ ھجري *

‡ طول اِس تخت کا چھہ فٹ اور عرض چار فٹ ۱۰۸ لعل اُس میں سوا سو رتي سے لیکر اڈھائي سو رتي تک کے لگے تھے اور ۱۶۰ پنّے چھتیس رتي سے لے کر بہتّر رتي تک کے جڑے تھے اُس کے سائبان میں تمام ھیرے اور موتي ٹکے ھوئے تھے اور جھالر ڈرے موتیوں کي لٹکتي تھي اُس تخت کي محراب پر ایک مور دُم پھیلائے سونے کا جواھر سے جڑا ھوا رکھا تھا دم میں بالکل نیلم اور چھاتي پر ایک بڑا سا لعل تھا گردن میں ترسٹھہ رتي کا موتي لٹکتا تھا ایک ھیرے کا آویزہ بھي اُس میں ۱۱۷ رتي کا تھا بارہ چوبیں جن پر اُس تخت کا سائبان کھڑا ھوتا تھا تمام آب‌دار گول نو رتي سے بارہ رتي تک کے موتیوں سے جڑي تھیں اور اُس کے دونوں طرف جو دو چتر رھتے تھے اُن کي ڈنڈیاں آٹھہ آٹھہ فٹ اُنبي ساري نیچے سے اُوپر تک ھیروں میں ڈوبي تھیں *

بنوایا تھا که جسکے دیکھنے سے چکاچوندھ آ جاتي تھي * شاھجہان کي سالگرہ میں سواے معمولي تلدانوں کے جواھرات سے بھر بھر کر پیالے صدقے اُتارے جاتے تھے + خفي‌خان لکھتا ھی که اِنعام اِکرام خلعت تلدان صدقے وغیرہ سب ملاکر اِس سالگرہ میں ایک کروڑ ساٹھہ لاکھہ روپئے سے کم خرچ نہیں پڑتے تھے * ٹیورنیر فراسیسي سوداگر جو اُس وقت یہاں آیا تھا اپني کتاب میں لکھتا ھی که شاھجہان لوگوں پر بادشاھي نہیں کرتا ھی + بلکه اپنے لڑکوں کي طرح اُنھیں پالتا ھی * اُس کے اِنتظام کي خوبي اِسي بات سے جان لیني چاھیئے که اِس شاہ‌خرچي پر بھي وہ سواے سونے چاندي اور جواھرات کے چوبیس کروڑ روپیه نقد چھوڑ مرا + اور کبھي رعیت سے ایک پیسا معمول سے زیادہ نہیں مانگا * خفي‌خان شاھجہان کي آمدني تیئیس کروڑ روپیه سال لکھتا ھی + لیکن ٹیورنیر بتیس کروڑ بتلاتا ھی *

سنه ۱۶۳۱ ع اِسي بادشاہ کے زمانے میں یعني سنه ۱۶۳۱ ع میں پُرتگالوالوں نے کلکتے کے پاس ھگلي میں جو قلعه بنایا تھا + بنگالے کے صوبه‌دار نے گھیر کر لے لیا *

قندھار اکبر کي سلطنت کے شروع میں ایرانیوں نے لے لیا تھا + لیکن کچھہ دن بعد پھر اکبر کے قبضے میں آگیا اب جہانگیر کے زمانے سے پھر ایرانیوں کے ھاتھہ میں تھا * لیکن اُن کا صوبه‌دار علي‌مردان‌خان شاھجہان سے آملا + اِس لیئے قندھار پھر ھندوستان کے شامل
سنه ۱۶۳۷ ع ھوگیا * یہه علي‌مردان‌خان بڑا نامي ھوا دلّي کي نہر اِسي نے بنوائي + اور دولت اُس کے پاس اِتني تھي که لوگوں کي سمجھه
سنه ۱۶۴۷ ع میں اُسکے کہیں سے گڑي ھوئي پائي * سنه ۱۶۴۷ ع میں اِیرانیوں نے پھر زور مارا + اور قندھا اُن کے دخل میں چلا گیا *

میرجمله پہلے تو دکھن میں ھیرے کي تجارت کرتا تھا + لیکن اب بہت دنوں سے عبدالله قطب‌شاہ گول‌کنڈے کے بادشاہ کا وزیر ھوگیا تھا * عبدالله نے کئي باتوں سے ناراض ھوکر اِس کے بیٹے محمدامین کو قید کیا تب اِس نے شاھجہان سے مدد مانگي + شاھجہان کي فوج نے عبدالله کو بہت زیر کیا شاھزادے اورنگ‌زیب کے اِشارے مطابق

بھوکھا دے کر اُس کے علاقہ میں گھس گئي * عبدالله نے تو اورنگ‌زیب کے آدمیوں کو سابق صلحنامے کے موافق دوست سمجھا اُن کے کھانے پینے کا بندوبست کرنے لگا لیکن اِنھوں نے اچانک اُس کي دارالسلطنت حیدراباد کو لوٹنا اور پھونکنا شروع کیا + ناچار عبدالله نے محمدامین کو بھي قید سے چھوڑ دیا اور اورنگ‌زیب کے لڑکے سلطان‌محمد کو اپني بیٹي بیاہ میں اور ایک کروڑ روپیہ نذر بادشاہ کے لیئے دے کر اپنا پنڈ چھڑایا * میرجملہ نے شاھجہان کو وہ مشہور ۳۱۹ رتي کا کوہ‌نور ھیرا † نذر دیا جو اُس کے کسي کسان کو گوداوري کنارے کولور کي کھان میں خربوزے کا کھیت جوتتے ہوئے ملا تھا اور اب پنجاب سے ملکہ معظمہ اِنگلستان یعني ھند کي قیصر امپرس وکتوریا کي خدمت میں پہنچا + وہ برابر اورنگ‌زیب کا معتمد مصاحب بنا رہا *

سنہ ۱۶۵۷ ع

شاھجہان کے چار لڑکے تھے داراشکوہ ۴۲ برس کا شجاع ۴۰ برس کا اورنگ‌زیب ۳۸ برس کا اور چوتھا مُراد بھي جوان ھوچکا تھا داراشکوہ بہت نیک تھا ھر مذھب کے اچھے فقیروں سے صحبت رکھتا مذھب اُس کا بیدانت تھا + اُپنشدوں کا فارسي میں ترجمہ اُسي کے حکم سے ھوا تھا * اورنگ‌زیب بڑا دوراندیش حکمتي مطلب کا یار اور ظاھر میں بڑا کڑا مسلمان تھا شجاع شرابي اور عیاش اور مُراد کنچھہ بیوقوف سا گنا جاتا تھا + اورنگ‌زیب کو شاھجہان کے منصوبوں کا حال اپني بہن روشن‌آرا ‡ سے ملا کرتا تھا * داراشکوہ ولیعہد تھا + جوں جوں شاھجہان اُس کا اختیار بڑھاتا جاتا تھا اورنگ‌زیب چھت پٹاتا تھا * اِس کے دل میں تخت کي پوري آرزو تھي + اُمید نري مذھب کے بہانے سے تھي * سدا مولویوں کي طرح رہا کرتا + جو کچھہ ھاتھہ کي محنت سے ملتا اُسي سے اپني گذران کرتا * ساتھیوں سے سدا کہا کرتا کہ میں تو فقیر ھوکر مکے چلا جاؤں لیکن کیا کروں داراشکوہ کافر ھی اگر اِس کا اختیار ھوگا + دین کو بہت

---

† شاھجہان کے جوھریوں نے اُسے ۷۸۱۵۵۲۵ کا آنکا تھا اور کولور کي کھان میں ملا کون جانے شاید اِسي سبب اُس کا نام کوہ‌نور رکھا گیا *

‡ شاھزادیاں بھي تعلیم پاتي تھیں اکبر کے چار جہانگیر کے دو شاھجہان کے پانچ اور اورنگ‌زیب کے بھي پانچ تھیں لیکن اِن ۱۶ میں بیاھي خالي تین گئي تھیں *

خراب کریگا * ندان یہي سبب تھا که مسلمان اُس کو جي سے چاھتے تھے اور اِس میں شک نہیں که اُنھیں کي مدد سے اُسے سلطنت ھاتھہ لگي + لیکن ساتھہ ھي یہہ بھي یاد رکھو که ھندؤں کے بیدل ھو جانے سے وہ سلطنت بالکل بے زور ھوگئي * اُس وقت تو نه معلوم ھوا + لیکن اورنگ‌زیب کے بعد اُس کا نتیجہ بخوبي دکھلائي دیا *

شاھجہان اِس عرصے میں سخت بیمار ھوگیا تھا اُمید بچنے کي نه تھي داراشکوہ نے بہتیرا چاھا که خبر نه پھیلے + ڈاک بند کر دي مسافروں کو چلنے سے روکا لیکن یہہ نه سوچا که بھلا ھندوستان میں بھي کبھي ایسا ھو سکتا ھی که بھید نه کُھلنے پاوے * شجاع بنگالے کا صوبہدار اور مُراد گجرات کا صوبہدار دونوں اپني اپني فوجیں لے کر دلي کو روانه ھوئے اورنگ‌زیب دکھن کا صوبہدار تھا مُراد کو لکھہ بھیجا + که تخت آپ کو مبارک ھو میں مکے جانے کي بالکل تیاري کر چُکا ھوں لیکن دین کا کام سمجھہ کر جب تک که اِس کافر دارا کا کچھہ بندوبست نه ھو جاوے میں بھي تمھارا مددگار ھوں اور پھر مالوے میں آکر مُراد سے مل گیا *

شجاع تو بنارس کے پاس داراشکوہ کے لڑکے سلیمان شکوہ سے شکست کھاکر بنگالے کو لوٹ گیا + مُراد اورنگ‌زیب کے ساتھہ اُجین کے پاس راجا جسونت‌سنگھہ کو جسے داراشکوہ نے اُن کے مقابلے کو بھیجا تھا شکست دے کر آگرے سے ایک منزل کے تفاوت پر آن پہنچا * داراشکوہ تخمیناً ایک لاکھہ سوار لے کر اُن کے سامنے آیا + بڑي بھاري لڑائي ھوئي مراد کا ھودہ تیروں سے ساھي کي پیٹھہ بن گیا * وہ آپ بھي کئي جگہہ گھایل ھوا + ھاتھي نے میدان سے بھاگنا چاھا تو پیروں میں کٹنےبندھن ڈلوا دیا * راجارام‌سنگھہ کیسریا باگا پہنے موتیوں کا ھار سر میں لپیٹے مُراد کے ھاتھي سے جا بھڑا + اور بھالا چلایا * مُراد نے اُس کا بھالا تو ڈھال پر روکا + اور راجا کو ایک ھي تیر سے مار ڈالا * اُس کے مرتے ھي رجپوت بڑے جوش میں آئے + اور ڈھیر کے ڈھیر وھاں اُن کي لاش کے لگ گئے * اورنگ‌زیب چلّا چلّا کر اپنے سپاھیوں کو یہي سناتا تھا اَللّٰہ معکم یعني الله تمھارے ساتھہ ھی راجا روپ‌سنگھہ گھوڑے پر سے اُتر پڑا اور دوڑکر اپني تلوار سے اورنگ‌زیب کے ھودے کا رسا کاٹنے لگا + اورنگ‌زیب اُس کي بہادري دیکھہ کر ایسا خوش ھوا که پُکارا یہہ

مارا نہ جاوے لیکن اُس ھجوم میں کون سنتا تھا * بات کي بات میں اُس کي دھجیاں اُڑا دیں دارا کي فوج کو غلبہ تھا + لیکن اُس کے ھاتھي کو ایک بان آلگا اِس سبب سے اُس نے بھاگنا چاھا داراشکوہ نیچے کود پڑا * فوج نے جانا کہ وہ مارا گیا فوراً سب کي سب بھاگ گئي دارا کو بھي بھاگنا پڑا + مارے شوم کے باپ کے سامنے تو نہ گیا اپني بیگم اور لڑکوں کو لیکر سیدھا لاھور کو روانہ ھوا * اورنگ‌زیب نے آگرے پھنچ کر بھت منت سماجت کے ساتھہ شاھجھان کے پاس پیام بھیجا کہ یہہ مقام ناچاري کا تھا میں آپ کا وھي فرمان‌بردار لڑکا ھوں لیکن ساتھہ ھي قلعہ میں جابجا چوکي پھرا بھي بیٹھا دیا + کہ جس میں شاھجھان کسي کے ساتھہ بات چیت یا خط کتابت نہ کر سکے شاھجھان سات برس تک اِس کے بعد جیا * اورنگ‌زیب اُسکي بڑي عزت اور خاطر کرتا رھا + لیکن سلطنت اُس کي اِسي تاریخ تک گني جاتي ھی آگے سکّہ خطبہ اورنگ‌زیب کا چلا * شاھجھان نے تیس برس بادشاھي کي + ۶۷ برس کي عمر میں بادشاھي اُس سے چھیني گئي اور ۷۴ برس کي عمر میں اُسنے وفات پائي *

جب مُراد کا کچھہ کام باقي نرھا اورنگ‌زیب نے ایک روز اُس کي ضیافت کي اور اِتني شراب پلائي کہ وہ بیھوش ھوگیا + تب اُس کے ھتھیار اُترواکر اور پیروں میں بیڑیاں ڈلواکر گوالیر کے قلعے میں بھیجدیا *

مُحي الدین محمد اورنگ‌زیب عالمگیر

اورنگ‌زیب نے تخت پر بیٹھہ کر اپنا لقب عالمگیر رکھا + مُلتان کے پاس تک داراشکوہ کا پیچھا کیا * لیکن جب سنا کہ داراشکوہ مُلتان سے سندھہ کي طرف بھاگ گیا اور شجاع بنگالے سے آتا ھی فوراً الہ‌آباد کي طرف مُڑا + کھجوے میں شجاع کے ساتھہ لڑائي ھوئي شجاع شکست کھاکر پھر بنگالے کي طرف بھاگا اور جب وھاں بھي پیر نہ جم سکا تو اراکان میں جاکر وھاں والوں کے ھاتھہ سے اپنے کُنبے سمیت مارا گیا * سنہ ۱۶۵۹ع

داراشکوہ مُلتان سے بھاگ کر سندھہ اور کچھہ ھوتا ھوا گجرات میں پھنچا + اور وھاں کے صوبہ‌دار سے مل کر بیس ھزار آدمي اجمیر میں جمع کر لایا * لیکن وھاں اورنگ‌زیب سے شکست کھاکر قندھار کي

طرف بھاگا + راستے میں سختیاں بہت اُٹھائیں جب سندھ کی سرحد پر پہنچا اجودھن کے حاکم ملک جیون نے دغا کی اور اِس کو اِس کے لڑکے سمیت قید کرکے اورنگ‌زیب کے پاس لے آیا † * اورنگ‌زیب نے بڑی خوشیاں منائیں داراشکوہ کو پہلے تو ہاتھوں میں ہتھکڑیاں اور پیروں میں بیڑیاں ڈال کر بےجھول کے ہاتھی پر بازار میں گھومایا + اور پھر قیدخانے میں بھیج کر اِس بہانے سے کہ اُس نے مسلمانوں کا دین چھوڑ دیا مولویوں سے فتویٰ لیکر جلّادوں کے ہاتھہ سے قتل کروا ڈالا اور اُس کے لڑکے سپہرشکوہ کو قید رہنے کے لیئے گوالیر کے قلعے میں بھیج دیا *

سنہ ۱۷۰۰ع کے شروع تک مرہٹوں کا نام کچھہ ایسا مشہور نہ تھا دکھن کے بادشاہوں کی فوج میں سواروں کی نوکری البتہ کرنے لگے تھے + لیکن حکومت کے درجے کو نہیں پہنچے تھے * مالوجی بھوسلا دکھن کے حاکموں میں سے ایک کے یہاں کچھہ سواروں کے ساتھہ نوکر تھا + اور لوک‌جی یادوراو اُسی حاکم کے تحت میں دس ہزار آدمیوں کا افسر تھا * ایک دن مالوجی بھوسلا کے لڑکے ساہ‌جی کو اپنی لڑکی کے ساتھہ گود میں بٹھاکر ہنسی کی راہ سے کہنے لگا کہ یہہ تو اچھا جوڑا بیاہنے لائق ہی مالوجی بھوسلا نے اُسی دم برادری والوں کو جو وہاں موجود تھے گواہ ٹھہرا دیا اور کہا کہ دیکھو بھائیو لوک‌جی یادوراو نے میرے بیٹے کو اپنی بیٹی دی + ناچار لوک‌جی یادوراو کو اپنی بیٹی ساہ‌جی کے ساتھہ بیاہنی پڑی * کہتے ہیں کہ یادوراو کے گوت والے یدبنشی رجپوتوں سے نکلے تھے + اور مسلمانوں کی چڑھائی سے پہلے دیوگدھہ کے راجا بھی یدبنشی کہلاتے تھے * تو اگر لوک‌جی یادوراو کا نکاس اِنھیں دیوگدھہ والے راجاؤں کے گھرانے سے ہوا ہو کچھہ اچرج نہیں ندان مالوجی بھوسلا کی قسمت زور پر تھی دیکھتے ہی دیکھتے احمدنگر کے بادشاہ کی نوکری میں پانچ ہزار سواروں کا جاگیردار ہو گیا + اور پونا اُسے جاگیر میں ملا * مالوجی بھوسلا کا پوتا یعنی لوک‌جی یادوراو کا ناتی سیواجی بڑا نامی اور اِقبال‌مند ہوا + وہ سنہ ۱۶۲۷ع میں جنما تھا اور اُسی سے مرہٹوں کا راج قائم ہوا *

---

† یہہ وہی ملک جیون ہی جسکو شاہجہان نے کسی جرم میں قتل کا حکم دیا تھا اور داراشکوہ نے سفارش کرکے بچا لیا تھا *

سیواجي ابهي پورا ١٦ برس کا بهي نهيں هونے پايا تها که بدن ميں اُس کے جوانمردي کا خون جوش ميں آيا + رات دن شکار کهيلنے اور ڈاکا مارنے سے کام تها اور وهي وهاں کے جنگل پهاڑوں ميں جنگلي اور پهاڑي آدميوں کے ساتهه اُسے آرام تها * وه اُن بکمت جنگلوں کي راه اور تيڑهے پهاڑوں کے گهاٹوں سے خوب واقف هوگيا تها اور ايک ايک جنگلي آدمي کا نام تک جان ليا تها + بيجاپور کي سلطنت کمزور پڑگئي تهي سيواجي ڈاکا مارتے مارتے بيجاپور کي عملداري کے قلعے لينے لگا + پهلا قلعه جو اُس نے اپنے دخل ميں کيا پونا سے دس کوس پر تورنا نام تها * بيجاپور کے بادشاه نے دغا کرکے سيواجي کے باپ ساهجي کو قيد کر ليا + تب سيواجي نے شاهجهان کو عرضي لکهي شاهجهان نے اُس کے باپ کو بهي چهڑوا ديا اور اُسے پنج هزاري يعني پانچ هزار سواروں کے افسر کا خطاب ديا * جب باپ چهوٹ گيا + سيواجي پهر اپنا علاقه بڑهانے لگا * بيجاپور کے بادشاه نے افضل خان کے تحت ميں ايک بڑا بهاري لشکر اُس کے زير کرنے کو بهيجا سيواجي نے کهلا بهيجا که آپ اِتنا لشکر کيوں لائے هيں ميں تو آپ کا چاکر هوں + لشکر سے خوف کهاتا هوں اگر آپ اکيلے چلے آويں جو فرماويں ميں بجا لانے کو موجود هوں * افضل خان ململ کا جامه پهنے ايک تيغه هاتهه ميں ليئے اکيلا اپنے لشکر سے باهر نکلا + سيواجي بهي پرتاب گڈهه کے پهاڑي قلعه سے باهر آيا * ليکن انگرکهے کے نيچے فولادي زره پهنے هوئے + اور هاتهوں ميں شيرپنجه † چڑهائے هوئے * سوائے اِس کے اُس نے ايک چهرا بهي کمر ميں چهپا ليا + جب افضل خان نے سيواجي کو گلے سے لگايا سيواجي نے اُسے شيرپنجے سے بهينچ ليا اور فوراً چهرے سے اُس کا کام تمام کيا * سيواجي کا اِشاره پاتے هي اُس کي تمام فوج جو پهاڑوں ميں چهپي تهي نکل آئي + اور افضل خان کي فوج پر جو بالکل غافل تهي اِس تيزي کے ساتهه گري که وه اُسي دم تين تيره هو گئي *

سيواجي کو تو لوٹ مار سے کام تها + کون کس کا علاقه هی يهه اُسے کهاں خيال تها * جب اورنگ زيب کے قلعوں پر بهي اُس نے هاتهه ڈالا +

---

† ايک طرح کا هتهيار هی شير کے پنجے کي طرح *

اورنگ‌زیب کا ماموں شایستہ‌خان جو اُس وقت دکھن کا صوبہ‌دار تھا
فوج لیکر مقابلہ کو بڑھا * سیواجي سنگار یا سنگھہ‌گڈھہ کے پہاڑي قلعے
پر چڑھہ گیا + شایستہ‌خان چھہ کوس پر پونا میں اُسي مکان کے
درمیان ٹھہرا جس میں سیواجي کچھہ دنوں رہ چکا تھا * ندان
ایک دن وہ رات کو ۲۵ آدمي ساتھہ لے کے بھیس بدلے ہوئے کسي
بارات کے ساتھہ شہر میں گھس آیا + اور ایک چور دروازے کي راہ
پہرے والوں سے بچ کر ٹھیک اُس جگہہ جا پہنچا جہاں شایستہ‌خان
پلنگ پر سوتا تھا * سیواجي کي تلوار سے شایستہ‌خان کي صرف دو
اُنگلیاں کٹنے پائیں کھڑکي کي راہ کود کر جان بچا گیا + لیکن لڑکا
اُس کا کام آیا * سیواجي اُسي دم پھُرتي کے ساتھہ وہاں سے نکل کر
ساتھیوں سمیت مشعلیں جلائے اپنے پہاڑي قلعے پر چڑھہ گیا + اور
سنہ ۱۶۶۵ع شایستہ‌خان کا لشکر سارا دیکھتا ھي رہ گیا * سنہ ۱۶۶۵ع میں
اورنگ‌زیب نے راجا جےسنگھہ اور دلیرخان کو دکھن کي مہم پر
بھیجدا + سیواجي نے پیام صلح کا دیا اور راجا جےسنگھہ کے پاس
چلا آیا * راجہ جےسنگھہ نے اُس کي ایسي خاطرداري کي اور اورنگ‌زیب
سے اُس کے نام ایسا ایک فرمان منگوایا کہ وہ بالکل تابع ھو گیا + اور
اپنے لڑکے سنبھا کو لے کر بادشاہ کي قدمبوسي کے لیئے دلّي میں چلا آیا *
لیکن وہاں اُس کي خاطرداري کچھہ اچھي نہ ھوئي اور اِس
بات سے جب اُس نے اپني دلگیري ظاھر کي اورنگ‌زیب نے اُس پر پہرے
بٹھلا دیئے سیواجي بڑے بڑے کھانچوں میں † فقیروں کو کھانے کے لیئے
بھیجا کرتا تھا ایک روز بیٹے سمیت دو کھانچوں میں بیٹھہ کر پہروں کے
بیچ سے نکل گیا + اور کچھہ دنوں بعد فقیري بھیس میں پونا جا پہنچا
اور پھر دھیرے دھیرے اُس نے اپنا علاقہ بہت بڑھایا اور بڑا نام پایا *

سنہ ۱۶۶۶ع اِسي سال میں شاھجہان کا اِنتقال ھوا + اگرچہ وہ قلعے سے باھر
نہیں نکلنے پاتا تھا لیکن وہاں اورنگ‌زیب اُسے بہت عزت اور ادب کے
ساتھہ رکھتا تھا *

یہہ زمانہ اورنگ‌زیب کي پوري ترقي کا تھا اُدھر کشمیر کے
صوبہ‌دار نے ھمالے پار چھوٹا تبت فتح کر لیا تھا + اور اِدھر بنگالے کے

† یعني دورا یعني ٹوکرا *

صوبہدار نے چٹگاؤں کا علاقہ بادشاھي عملداري میں ملادیا تھا * اور پھر اِس لنبے چوڑے ملک کے درمیان جھگڑا فساد کہیں کچھہ نہ تھا عرب اور حبش سے لےکر ایران توران تک کے ایلچي † اُس کے دربار میں حاضر تھے لیکن ایسي سلطنتوں میں کیا یہہ امن چین کچھہ عرصہ تک ٹھہر سکتا تھا ؟ *

اورنگ زیب نے جزیہ پھر جاري کیا + اِس کام کے لیئے ایک مُلّا مقرر ھوا کہ ھندو لوگ اپنے دھرم کے کاموں میں کچھہ دھوم دھام نہ کرنے پاویں تیوھار اور پربوں پر جو میلے ھوتے تھے وہ بھي بند کر دیئے اُس نے تو یہاں تک حکم دے دیا تھا کہ سواے مسلمانوں کے کہیں کوئي ھندو بادشاھي نوکري نہ پاوے لیکن تعمیل نہ ھو سکي تعمیل تو کسي حکم کي پوري نہ ھوئي لیکن دل ھندؤں کا مسلمانوں کي سلطنت سے پورا ھٹ گیا * جو کچھہ کہ اُس وقت اِن کي سلطنت کا حال تھا اُسي ایک خط سے ظاھر ھو جاتا ھی جو کسي راجہ نے اورنگ‌زیب کو لکھا تھا اور خفي‌خان نے اپني تواریخ میں درج کر دیا ھی + خلاصہ اُس کا یہہ ھی * کہ دیکھئے اکبر جہانگیر اور شاھجہان کے وقت میں اِس ملک کا کیا حال تھا اور اب کیا ھو گیا ھی + جب سب فرقے اور سب مذھب کے آدمي ناراض ھیں اور آمدني دن پر دن گھٹتي جاتي ھی جب رعیت پر ظلم ھوتا ھی اور خزانہ خالي پڑتا جاتا ھی پولس کي کوئي خبر نہیں لیتا اور خود شہروں میں خطرہ رھتا ھی تو یہہ بیڑا کے دن چل سکتا ھی ؟ *

راجہ جسونت‌سنگھہ جودھپور والا کابل کي مہم پر مر گیا تھا اُس کي راني اور دو بالک لڑکے بادشاہ کي پروانگي کا اِنتظار نہ کر کے دلّي

---

† ایک سال پانچ بادشاھوں کے ایلچي آئے بڑا بھاري دربار ھوا ایران کے ایلچي کي بڑي خاطر ھوئي شہر کي آئین بندي کي گئي سڑک پر کوسوں تک سوار کھڑے کیئے گئے اُمرا اِستقبال کو گئے توپوں کي سلامي ھوئي شاہ کا خریطہ اورنگ‌زیب نے اپنے ھاتھہ سے لیا ۲۵ گھوڑے ۲۰ شتر ایراني کمخاب پارچے قالین بیدمشک کے گھوڑے تحفہ میں گذرے مکے کے شریف نے عربي گھوڑے اور ایک جھاڑو جس سے کعبہ جھاڑا جاتا تھا بھیجي یمن کے بادشاہ اور بصرے کے حاکم نے بھي گھوڑے بھیجے تھے اِنگلستان کے بادشاہ جیمس کے ایلچي نے ایک بیل کا سینگ کچھہ ھاتھي دانت ایک گورخر اور ۲۵ غلام کہ ضرور حبشي رھے ھونگے نذر کیئے *

نچلے آئے بادشاہ نے اُنھیں قید کرنے کا اچھا بہانا پاکر گھیر لینے کا حکم
دیا + اگرچہ رانی اور لڑکوں کو تو اُن کے ساتھی رجپوت بھیس بدلاکر
نکال لے گئے پر ھندؤں کا دل رھا سھا اور بھی توت گیا * بڑا لڑکا
اجیت سنگھہ جودھپور کی گدّی پر بیٹھا + اور جب تک اورنگ زیب جیتا
رھا وہ اجیت سنگھہ چاکری بجالانے کے بدلے لڑبھڑ کر سدا اُسے تنگ کرتا رھا *
رانا راج سنگھہ اُدے پور والا † بھی اُس سے مل گیا + اور جزیہ دینے سے اِنکار
کیا * فوجیں جودھپور اور اُدے پور پر بھیجی گئیں بادشاہ کا اُنکو حکم تھا سنه ۱۶۷۹ ع
که ملک ویران کرڈالیں + گانوں سب پھونک دیں * درخت پھلدار
کاتنے سے باقی نه چھوڑیں + بال بچے اور عورتیں سب کی پکڑ لاویں *

سنه ۱۶۸۰ ع میں سواجی ۵۳ برس کا ھوکر پرلوک کو سدھارا + سنه ۱۶۸۰ ع
بیتا اُس کا سنبھاجی ‡ بد چلن تھا *

تھوڑے ھی دنوں بعد اورنگ زیب نے دکھن پر بڑی بھاری فوج لے کر
چڑھائی کی گولکنڈے کے بادشاہ ابوالحسن نے جو تاناشاہ کے نام سے
مشہور ھی سنبھاجی سے آپس کی مدد کا قول قرار کیا تھا اِسی لیئے
اورنگ زیب نے پہلے کچھہ فوج گولکنڈے پر بھیجی * بادشاہ تو قلعے
میں جا چھپا + اور حیدرآباد تین دن تک برابر لُتا کیا * آخر بادشاہ نے
بہت سا روپیہ دے کر کسی طرح اُس دم یہہ بلا اپنے سر سے تالی +
اور اورنگ زیب کے ساتھہ صلح کر لی * اورنگ زیب کو اِدھر سے
جو فرصت ملی ساری فوج لے کر بیجاپور پر گرا + اور اُس
شہر کو جا گھیرا * تھوڑے ھی دنوں میں دیواریں توت گئیں
اورنگ زیب تخت رواں پر اندر گیا بالک بادشاہ کو قید کر دیا + سنه ۱۶۸۶ ع
اور اُس کا سارا علاقه اپنی عملداری میں ملا لیا * جب بیجاپور قبضے
میں آگیا اِس بہانے سے که گولکُنڈے کا بادشاہ کافروں کو پناہ دیتا ھی پھر
یکایک اُسے جا دبایا + سات مہینے کے محاصرے میں گولکنڈا بھی توت سنه ۱۶۸۷ ع
گیا اور بیجاپور کی طرح یہہ علاقه بھی اورنگ زیب کے ھاتھہ لگا * سنه ۱۶۸۷ ع

---

† کہتے ھیں که اُدے پور والوں نے کبھی اپنی لڑکی بادشاہ کو نہیں دی لیکن اورنگ زیب رقعات عالمگیری میں اپنے لڑکے کام بخش کو لکھتا ھی — اُدے پوری والدۂ شما در بیماری باصن بودہ اِرادۂ رفاقت دارد *

‡ سواجی اور سنبھاجی کا ٹھیک نام شیواجی اور شنبھوجی معلوم ھوتا ھی *

اِن دونوں علاقوں کا هاتهه لگنا گویا اورنگ‌زیب کي ساري آرزؤں کا پورا
هونا تها + پر سچ پوچهو تو هم اِسي تاریخ سے دلّي کي سلطنت کا
گهٹنا قرار دیتے هیں اِس میں کسي طرح کا شک نهیں که
تیموري خاندان کے زوال کا بیج اِسي وقت میں دویا گیا ٹهنیاں اور
پتّے اُس میں چاهے جب نکلے بیجاپور اور گولکنڈے کي بادشاهیوں
سے دکهن میں ایک طرح کا اِنتظام بندها هوا تها اور مرهٹوں پر
بڑا دباو تها * اِن کے ٹوٹتے هي وهاں هر طرف غدر مچ گیا + جو
سوار سپاهي اُن کے نوکر تهے وہ بهي اکثر مرهٹوں سے جا ملے
مرهٹوں نے جي کهول کے لوٹ مار کرنا شروع کیا * اورنگ‌زیب کي
بهي بڑي تعریف هی که اُسے اپنے جیتے جي سلطنت میں خلل
بهیں پڑنے دیا پر آثار زوال کے اُسے معلوم هو گئے تهے اکبر کے وقت
تک بهي بُو سپاهگري کي باقي تهي + اُس کے سرداروں میں
سرد ملک کي چالاکي دیکهنے میں آتي تهي * لشکر بادشاہ کا سب
سے بڑا زیور تها + اور اُسي کي درستي کا سدا اُسے خیال تها * لیکن
جهانگیر اور شاهجهان کے زمانے میں خوف خطر کم اور اَمن چین
بهت رهنے کے سبب عیش عشرت تو بڑهه گئي + پر جسکو سپاهگري
کهتے هیں بالکل جاتي رهي * سدا سے یهي دستور چلا آتا هی که
کنگلوں کو جب حوصله هوتا هی بڑے بهادر بن جاتے هیں + اور جو
کنچهه چاهتے هیں پاتے هیں * اور جب بهت مل جاتا هی عیش میں
پڑکر ایسے بودے هو جاتے هیں + که پهر اُسي طرح جیسا اُنهوں نے
اَوروں کو دبایا تها نئے حوصلے والے اُنهیں دبا لیتے هیں * اِسي طرح ڈانیوب
پار والوں نے رومیوں کو دبایا + اِسي طرح عرب والوں نے اِیرانیوں کو
دبایا * اِسي طرح تاتار والوں نے چینیوں کو دبایا + اور اب آخري زمانه
میں اِسي طرح فرنگستان والوں نے ساري دُنیا کو دبایا * کارخانه اِن کا
بهي اب بهت بڑهه گیا هی پر علم کا اِن میں ایسا رواج هی
اور دن پر دن اور بهي ایسا هوتا چلا جاتا هی که عیاشي میں نه پڑکر
بیچ سپاهگري کے درمیان اور بهي زیادہ درست هوتے جاتے هیں + اگر دولت
حشمت بڑهه جانے کے سبب آرام طلبي سے کچهه بدني طاقت گهٹ
بهي جاتي هی تو علم کے وسیلے سے ایسي ایسي توپ بندوق جهاز
اور نئے نئے طرح کے اوزار اور هتهیار بناتے چلے جاتے هیں که جن سے ایک

ایک آدمي میں سو سو هزار هزار بلکه لاکهه لاکهه کا زور حاصل کرلیتے
هیں *

نداں اب ذرا اورنگزیب کي فوج پر نگاه کرني چاهیئے + ذرہ
اس کے سرداروں کے گهوڑوں کو دیکهنا چاهیئے * دُم اور یالیں بالکل رنگي
هوئیں + سونے چاندي کے ساز سر سے پیر تک لدے هوئے کلغیاں
بهت لنبي لنبي پیروں میں جهانجهنیں بجتي هوئیں * موٹے اِتنے که
جتنے لنبے شاید اُسي کے قریب قریب چوڑے + اور پهر چارجامے اُن پر
مخملي زردوزي بڑے بهاري پڑے هوئے اور اُن میں سُرا گاے کي دُم کے
چور دونوں طرف لٹکتے هوئے * سوار گهوڑوں سے بهي زیادہ دیکهنے کے لائق
هیں کوئي اپنے سے زیادہ بهاري دگلا اور زرهبکتر پهنے هوئے + کوئي گهیردار
جامه اور شال دوشالے لپیٹے هوئے * لیکن چهرے زرد رات کے جاگے
نشے میں چور یا دوا کهاتے پیتے + دس قدم گهوڑا چلا گهوڑے کو پسینا
آیا سوار بیهوش هوگیا اگر دور چلنا پڑا دونوں بےدم هوکر گر پڑے *
جیسے سردار ویسے هي اُنکے پیادے اور سوار لشکر میں جهاں دس سپاهي
تو سو بنئیے دوکاندار بهانڈ بهگتئیے رنڈي چهوکرے نوکر خدمتگار
خانساماں رسد کاهے کو مل سکتي + ڈیرے ڈنڈے عیش عشرت
کے ساز سامان اِتنے نه کبهي اچهي طرح بار برداري کي تدبیر نه
هو سکتي * تلوار پیچهے رہ جاے مضائقه نهیں پر تنبورا ساتهه رهنا
چاهیئے + دشمن وار کیئے جاے پروا نهیں پر چلم نه جلنے پاوے *
اُس وقت کا ایک فرانسیسي اِس فوج کي خوب تعریف لکهتا هی وہ
لکهتا هی که تنخواهیں بهت بڑي بڑي اور چاکري کچهه بهي نهیں نه
کوئي پهرا چوکي دیتا هی + نه کوئي دشمن سے مقابله کرتا هی * اور
بڑي سے بڑي سزا هوئي + تو ایک دن کي تنخواه کٹ گئي * † جمیلي
کریري نے مارچ سنه ١٦٩٥ع میں اورنگزیب کي چهاوني گلگلے میں سنه ١٦٩٥ع
دیکهي تهي وہ لکهتا هی که دس لاکهه سے اُوپر آدمي تهے + اور ڈیڑهه
کوس میں تو نرے بادشاه اور شاهزادوں کے ڈیرے کهڑے تهے ‡ * اِن کو
کام پڑا اُن مرهٹوں سے جو انگرکها جانگهیا ایک پیچي پگڑي پهنے

† *Gemelli carreri*

‡ برنیر لکهتا هی که اِن سب کو شکست دینے کے لیئے ٢٥٠٠٠ فرانسیس
کافي هیں *

کمر کسے هاتهه میں بهالا دکهني گهوڑوں پر سوار تیس کوس تو هوا کهانے کو گهوم آتے تهے + نه تهکتے نه ماندے هوتے تهے * جو باجرے کي روٹي پیاز کے ساتهه اُن کا کهانا تها + اور گهوڑے کا زین تکیه زمین بچهونا اور آسمان شامیانه تها *

ندان اورنگ‌زیب اِن کي فکر هي میں تها که اِس کے ایک سردار نے کهیں سے پتا ٹهکانا لگا کر سنبهاجي کو بےخبر سنگمیشور کے باغ میں جا گهیرا + وهاں وه تهوڑے هي سے آدمیوں کے ساتهه جي بهلا رها تها نشے میں هونے کے سبب بهاگ نه سکا * یهه اُسے اورنگ‌زیب کے پاس قید کر لایا + اورنگ‌زیب نے اُس سے کها که تو مسلمان هو جا لیکن اُسنے ایسا کڑا جواب دیا که اورنگ‌زیب نے گرم لوهے سے اُس کي آنکهه نکلواکر اور جیبهه کٹوا کر اُسي دم مروا ڈالا *

سنبهاجي کا لڑکا ساهو بهي کچهه دنوں بعد قید میں آگیا + لیکن اس کا بهائي راجارام اُسي طرح لڑتا بهڑتا رها * جوں جوں اورنگ‌زیب اِن مرهٹوں کو دبانے کي فکر کرتا تها ووں ووں یے اور بهي زور پکڑتے جاتے تهے اورنگ‌زیب کي فوج گهٹتي تهي اِن کا شمار بڑهتا تها + اورنگ‌زیب کوئي تدبیر باقي نهیں چهوڑتا تها لیکن اِن سے دن پر دن تنگ هوتا جاتا تها *

یهاں تک که ۲۱ فبروري سنه ۱۷۰۷ع کو احمدنگر میں ۵۰ برس بادشاهي کرکے نواسي برس کي عمر میں دنیا سے سدهارا †۰+ اور هندوستان کا آخري مسلمان بڑا بادشاه هو گیا * سنه ۱۷۰۷ع

یهه اِتنا بوڑها تها پر تو بهي سلطنت کے کاموں سے کبهي جي نهیں چراتا + ذره ذره کام آپ دیکهتا آنے جانے والوں سے سب طرف کي خبر لیتا رهتا * بےاُس کے حکم کچهه بهي نه هوتا + دکهن کي لڑائیوں میں وه جوان سپاهیوں سے بهي زیاده سختیاں سهتا * اِس بادشاه کے عقلمند اور همت والے هونے میں کسي طرح کا شک نهیں لیکن دل

† تاریخ تولد عالمگیر آفتاب عالم تاب سنه ۱۰۲۸ هجري
تاریخ جلوس عالمگیر آفتاب عالم تابم سنه ۱۰۶۸ هجري
تاریخ وفات عالمگیر آفتاب عالم تاب من سنه ۱۱۱۸ هجري *

اُس کا بہت چھوٹا تھا + مذھب کي ضد سے ھندؤں کو یکبارگي ناراض کر دیا بنارس میں بشویشور اور بندمادھو کا اور متھرا میں گوبندديو کا مشھور مندر توڑا * جو رجپوت جي سے اکبر کي چاکري کرتے تھے اُنھیں نے اِس کا مقابلہ کیا + مرھٹوں کا جي بڑھہ گیا وقت پاکر یہي مسلمانوں کي سلطنت کے زوال کا بہت بڑا سبب ھوا * آدمي کا دل بھي خدا نے کیسا بنایا ھی باپ کو قید کرکے اور بھائیوں کو مار کے تخت پر بیٹھا + اِس میں کچھہ گناہ نہ سمجھا * اور مرتے دم لکھہ گیا کہ توپیاں سي کر جو میں بیچتا تھا اُس میں کا ساڑھے چار روپیہ باقي ھی رھي میرے کفن میں خرچ کرنا + اور قران لکھہ کر جو میں نے ۸۰۵ روپیہ جمع کیا ھی اُسے فقیروں کو بانٹ دینا * گویا اِسي بات سے وہ نیکي کا جھنڈا بن گیا + جو ھو مرتے وقت اُس کے جي میں بڑا پچھتاوا تھا * اپنے لڑکے کام‌بخش کو لکھتا ھی میں نے بڑے گناہ کئے ھیں دیکھا چاھیئے کیا سزا ملتي ھی + موت دم پر دن نزدیک آتي جاتي ھی *

جمیلي کریري نے اورنگ‌زیب کو ۷۸ برس کي عمر میں دیکھا تھا + لکھتا ھی کہ قد ناٹا تھا بدن دُبلا پیٹھہ جھکي ھوئي ناک لنبي ڈاڑھي گول بالکل سفید سادا کپڑا پہنے پگڑي میں ایک بڑا سا پنّا لگائے چھڑي کے سھارے سے اپنے امیروں کے درمیان کھڑا لوگوں سے عرضیاں لے کر بےچشمے آپ پڑھتا اور اُن پر حکم لکھتا جاتا تھا اور چھرہ اُس کا اِس کام میں بہت خوش معلوم ھوتا تھا *

بہادر شاہ

اورنگ‌زیب کے تین لڑکے تھے اعظم معظم اور کام‌بخش یہاں لشکر میں تو اعظم تخت پر بیٹھا + اور وھاں کابل میں معظم نے تاج بادشاھي کا سر پر رکھا * آخر آگرے کے پاس دونوں میں بڑي سخت لڑائي ھوئي اعظم مارا گیا + معظم بہادرشاہ کے نام سے ھندوستان کا بادشاہ ھوا * کام‌بخش بھي دکھن میں اِس سے لڑکر ایسا گھائل ھوا + کہ اُسي دن دنیا سے سدھارا * اعظم نے دکھن سے معظم کے مقابلے کو آتے وقت ساھو کو صلح کے وعدے پر قید سے چھوڑ دیا تھا + اور پھر وھاں کے صوبہ‌دار نے اُسے چوتھہ دینے میں کچھہ حجت تکرار نہ

کي اِس ليئے بہادرشاہ کو دکھن کي طرف سے خاطر جمعي رهي ليکن اُتر ميں تردد کا ايک نيا سامان پيدا هوا *

پندرهويں صدي ميں کبير کي طرح نانک‌شاہ نے سکھوں کا ايک نيا مذهب نکالا + غرض اُس کي شايد يہہ تھي کہ هندو مسلمان ايک هو جاويں مسلمانوں کو يہہ بہت بُرا لگا اکبر کے بعد سال هي کے اندر اُن کے گُرو کو مار ڈالا * تب تو سکھہ بگڑے + مسلمانوں کو ملانے کے بدل اُن کے ناش کرنے پر مستعد هو گئے * چاهے جتنے کاٹے مارے گئے + پر بادشاهي علاقوں ميں بکھيڑا اُٹھانے سے باز نرهے * جب فوج جاتي پہاڑوں ميں بھاگ جاتے + جب قابو پاتے پھر لوٹ مار مچاتے * اِن کا دسواں گُرو گوبندسنگھہ جو سنہ ۱۶۷۵ع ميں گدّي پر بيٹھا + بڑا نامي اور حوصلے والا هوا * پر تب تک جماعت کي کمي کے سبب اِن کا ستارہ چمکنے نہ پايا + آخر وہ کسي اپنے دشمن کے هاتھہ سے ناندیڑ ميں مارا گيا *

ندان اب اِن سکھوں نے سرهند کے حاکموں کو شکست دے کر وہ شہر لوٹا اور پھونکا اور قتل کيا -- اور سہارنپور تک هر طرف غدر مچا ديا *

بہادرشاہ کو اِن کے مقابلے کے ليئے آپ جانا پڑا يے پھر پہاڑوں ميں بھاگ گئے بہادرشاہ لاهور پہنچ کر ۷۱ برس کي عمر ميں دنيا سے سدهارا + يہہ پورے پانچ برس بھي بادشاهي نہيں کرنے پايا * سنہ ۱۷۱۲ع

جہاندار شاہ

ليکن اِس کا بڑا بيٹا جہاندار شاہ تخت پر بيٹھنے سے سال هي بھر کے اندر مارا گيا اِس نے ايک کسبي رکھہ لي تھي + اُس کے رشتہداروں کا درجہ سب سے اُوپر کر ديا يہہ بات دربار والوں کو بہت بُري لگي * جب اِس کا بھتيجا فرّخ‌سير بنگالے سے چڑهہ کر آيا اور يہہ آگرے کے پاس ايک بھاري لڑائي ميں شکست کھا کر دلّي کو بھاگا + اِسي کے وزير ذوالفقارخان نے اِسے پکڑ کر فرخ‌سير کے حوالے کر ديا فرخ‌سير نے دونوں کي جان لي اور آپ تخت پر بيٹھا * سنہ ۱۷۱۳ع

فرّخ‌سیر

فرّخ‌سیر نے راجا اجیت‌سنگھہ جودھپور والے کي لڑکي کے ساتھہ شادي + بڑي دھوم دھام سے کي *

سکھوں نے پھر سر اُٹھایا + لیکن بادشاهي فوج نے اُنھیں پھر جا دبایا * بہتوں کو کاٹا مارا + اور اُن کے سردار بندے گُرو کو ۷۴۰ آدمیوں کے ساتھہ پکڑ کر دلّي بھیج دیا * اور تو سب بھیڑ کي کھال پہنا کر اُونٹوں پر سارے شہر میں گھومائے گئے اور پھر سات دن تک قتل ہوتے رهے لیکن بندے کو تاش کا جامہ پہنا کر لوهے کے پنجرے میں بند کیا + اُس کے گرد بھالوں پر اُس کے ساتھیوں کے سر تھے ایک بِلّي اُس نے پالي تھي اُسے بھي مار کر ایک بھالے سے لٹکا دیا * جلّاد ننگي تلوار لیئے سامنے کھڑا تھ + اُس کے بالک لڑکے کو اُسے دے کر کہا که تو هي اپنے هاتھه سے ما ڈال اور جب اُس نے اِنکار کیا تو جلّاد نے اُسي کے سامنے اُس بیچارے بےگناہ بچے کو ذبح کر کے اُس کا کلیجہ اُس کے باپ کے اُوپر پھینکا اور پھر گرم چمٹوں سے نوچ نوچ کر اُسے بھي ٹکڑا ٹکڑا کر ڈالا * یہہ سب سکھہ بڑي جوانمردي سے مرے + اور اپنے مذهب سے ذرہ نه ڈگے *

فرّخ‌سیر کو بادشاہ ہونے کے پہلے الہ‌آباد کے صوبہ‌دار سید عبداللّٰه اور بہار کے صوبہ‌دار سید حسین‌علي اِن دونوں بھائیوں سے بہت مدد ملي تھي اِسي لئیے پہلے کو وزیر اور دوسرے کو امیرالامرا مقرر کیا + لیکن دلوں میں فرق پڑ گیا * بادشاہ کو اُن کي طرف سے کھٹکا تھا اور اُن کو بادشاہ کي طرف سے نه بادشاہ میں اِتني عقل تھي که اُنھیں اپنا خیرخواہ بنا لیتا + اور نه اِتني جرات نه اُنھیں دور کر دیتا * ندان سنه ۱۷۱۹ ع
اِن سیّدوں نے فرّخ‌سیر کي جان لي اور جب رفیع‌الدرجات اور رفیع‌الدّوله دونوں شاهزادے جن کو اُنھوں نے تخت پر بٹھایا تھا چار هي چار مہینے کے اندر اِس دنیا سے اُٹھہ گئے تو اُنھوں نے روشن‌اختر نام اورنگ‌زیب کے ایک پوتے کو تلاش کرکے تخت پر بٹھایا جہاندارشاہ اور فرّخ‌سیر نے اِتنے شاهزادوں کو قتل کر ڈالا تھا که صرف محلوں میں جو چھپے چھپائے بچ رهے تھے + وے هي ضرورت کے وقت تلاش کرکے نکالے جاتے تھے *

محمّد شاہ

روشن‌اختر نے تخت پر بیٹھہ کر اپنا لقب محمد شاہ رکھا † لیکن اِن سیّدوں سے وہ بھي بیزار تھا + کٹھہ پُتلي کي طرح کب کوئي آدمي کسي دوسرے کے هاتھہ میں رهنا پسند کرتا هی پر اُن سے چھٹکارا پانے کي کوئي صورت نہیں دیکھتا تھا * سیدوں کے دشمنوں نے جو بادشاہ کي مرضي معلوم کي آپس میں اُن کے مار ڈالنے کا ایکا کیا چین‌قلیچ‌خان آصف جاہ جسکا باپ غازي‌الدین اورنگ‌زیب کے نامي توراني سرداروں میں تھا + اور جس کي اولاد میں اب تک حیدراباد کي نوّابي چلي آتي هی دکھن میں بادشاہ تو نام کا تھا اِن سیدوں سے بگڑ گیا تھا * اِسي لیئے حسین‌علي بادشاہ کو لے کر فوج سمیت دکھن کو روانہ هوا + اور عبداللّٰہ کو دلّي میں چھوڑا * پر واستے میں ایک قلماق ‡ نے عرضي دینے کے بہانے پالکي کے پاس آکر اُسے ایسا ایک خنجر مارا + کہ وہ لوتھہ هوکر باهر گر پڑا * محمدشاہ دلّي کو مُڑا + عبداللّٰہ نے نکل کر مقابلہ کیا * راجا چوڑامن جات اُس کے ساتھہ تھا + پکڑا گیا * آصف‌جاہ کو بادشاہ نے وزیر کیا + لیکن جس نے اورنگ‌زیب کا دربار دیکھا تھا بھلا وہ محمدشاہ سے عیاش بادشاہ کے پاس کب ٹھہر سکتا تھا * مُہر تو محمدشاہ کي محلوں میں رهتي تھي اور چھوکرے مصاحبي کرتے تھے دن رات عیش سے کام تھا + بادشاهي کا تو خالي ایک نام تھا * وزارت سے اِستعفا دے کر دکھن کو اپني حکومت پر چلا گیا + نذرانہ همیشہ بھیجتا رها لیکن اور کسي بات میں دلّي کے دربار سے کچھہ علاقہ نرکھا * مرهٹوں کا زور اِس عرصہ میں بہت بڑھہ گیا تھا + نرمدا تک اُنھیں کا ڈنکا بجتا تھا * ساهو نے بالاجي وشواس‌ناتھہ کو جو کوکن میں کسي گانوں کا پشتیني پٹواري تھا پیشوا بنایا + اُس کا بیٹا باجي‌راو ¶ پیشوا بڑا حوصلے والا هوا * اُس نے دیکھا کہ دلّي کي سلطنت میں اب کچھہ دم باقي نرها + اور مرهٹوں

---

† تاریخ جلوس مُحمّدشاہ سریر آرائے جاہ دولت سنہ ۱۱۳۱ هجري *

‡ تاتار کي ایک قوم کا نام هی *

¶ یہہ باجي‌راو وہ نہیں هی جو بٹھور میں مرا *

کو بے لوٹ مار چھین پڑنا یا سپاہگری میں درست رہنا کٹھن ہوتا * فوج کو نرمدا پار اُتار دیا + اور مالوہ بُندیل کھنڈ لوٹتا پاٹتا عین دلّی کے دروازے پر دیرہ آ ڈالا * پر دلّی لینی یا بادشاہ کو چھیڑنا اُسے منظور نہ تھا + اور اُدھر سے آصف جاہ نے بھی دلّی کی طرف کوچ کیا تھا * ندان باجی راو پھر دکھن کی طرف مُڑ گیا + ملک پر چمبل تک اپنا قبضہ رکھا * ملہارراو ھُلکر اور راناجی سیندھیا دونوں اُس کے تحت میں بڑی بڑی فوجوں پر حکم چلاتے تھے + اور بھاری بھاری مہمیں سر کرتے تھے * کہتے ہیں کہ ملہارراو ھلکر گڈریئے کا لڑکا تھا اور کسی وقت میں بھیڑ بکریاں چراتا تھا + اور سیندھیا بھی پہلے خدمتگاروں میں نوکر رہا تھا *

نادرشاہ کون تھا اور کس طرح ایران کا بادشاہ ہوا یہہ ایران کی تواریخ سے علاقہ رکھتا ہی یہاں ہمکو اِتنا ہی لکھنا چاہیئے کہ کچھہ قندھاری افغان اُس سے پھر کر کابل کی طرف چلے آئے تھے اور جب اُس نے اُن کی گرفتاری کے لیئے محمدشاہ کو لکھا تو یہاں سے کچھہ بھی جواب نگیا + اور پھر تاکید کے لیئے جب اُس نے دوسرا ھرکارہ روانہ کیا تو وہ پہاڑوں میں افغانوں کے ھاتھہ سے مارا گیا * اِسی پر خفا ھوکر اُس نے ھندوستان پر چڑھائی کر دی + اصل بات یہہ ہی کہ اگر کوئی سونے کی کھان بے مالک اور بے پھرے چوکی پڑی ھو تو وہ کون ھی جس کا جی اُس پر ھاتھہ ڈالنے کو نہ چاھے ؟

جب دلّی میں خبر پہنچی کہ نادرشاہ یہاں کے حاکموں کو شکست دیتا سندھہ ندی پار اُتر آیا اور جیسے کوئی باز بٹیر پر گرتا ھی بڑھا ھی چلا آتا ھی بڑی گھبراھٹ پڑ گئی * محمدشاہ کا حال واجدعلی شاہ لکھنؤ کے بادشاہ سے بھی جو ملک کھوکر کلکتے میں تشریف رکھتے ھیں بدتر تھا + ھمارے پاس اُس وقت کے ایک میلے کی تصویر موجود ھی اُسی کو دیکھنا محمدشاہ کا سارا زمانہ دیکھہ لینا ھی وہ اُس میلے کی تصویر ھی جو محمدشاہ نے مہادیو کا کیا تھا واجدعلی شاہ کے جوگی جوگن والے میلے کا بھلا اُس کے سامنے کیا رتبہ تھا * اُس میں ننگے مرد اور ننگی عورتیں اِس طرح پر بنائی ھیں کہ ھرگز بیان نہیں کر سکتے شرم دامنگیر ھی ندان

جو کچھہ ٹوٹي پھوٹي سڑي گلي فوج بہم پہنچي اِکٹھا کرکے کرنال پہنچا + آصفجاہ اور سعادتخان دونوں ساتھہ تھے سعادتخان پہلے تو خراسان کا ایک سوداگر تھا لیکن اب سرداري کرتا تھا * لکھنؤ کے بادشاہ اِسي کي بیٹي کي اولاد میں ھیں کرنال میں نادرشاہ سے لڑائي ھوئي بھلا کہاں نادرشاہ کے منجھے ھوئے جرّار سپاھي اور کہاں محمدشاہ کي گڑیاں مرھٹوں سے تو کچھہ بس چلتا ھي نہ تھا + نادرشاہ سے کب کھیت ھاتھہ لگتا تھا * شکست کھائي + علاج کچھہ باقي نرھا سرداروں سمیت نادرشاہ کے پاس جاکر حاضر ھوا نادرشاہ نے بڑي عزت اور خاطرداري کي * دونوں بادشاہ مل کر دلّي کے قلعے میں داخل ھوئے + اور اُسي میں ایک ساتھہ رھنے لگے * پر دوسرے ھي دن شہروالوں نے افواہ اُڑا دیا کہ نادرشاہ مرگیا + اور بدمعاشوں نے اُس کے ساتھہ والوں کو جو شہر میں تھے قتل کرنا شروع کیا * نادرشاہ نے بہتیرا چاھا کہ بلوہ دبجاوے + اور خونریزي نہ ھونے پاوے * بلکہ صبح ھوتے ھي خود گھوڑے پر سوار ھوکر نکلا + اور لوگوں کو فہمایش کرنے لگا * لیکن جب ھر گلي کوچے میں اپنے سپاھیوں کي لاشیں پڑي ھوئي دیکھیں اور ھر طرف سے پتھر اور ڈھیلے خود اُس پر پڑنے لگے خون جوش میں آیا + گھوڑے سے اُتر کر روشن‌الدولہ والي سنہري مسجد میں بیٹھہ گیا اور قتل عام † کا حکم دیا * دوپہر سے اُوپر قتل ھوئي + اور لاکھہ سے اُوپر آدمي مارے گئے کئي جگہہ آگ بھي لگ گئي * ‡ آخر محمدشاہ اپنے وزیروں سمیت سامنے آکر کھڑا ھوا + اور جب نادرشاہ نے بولنے کي اِجازت دي تو محمدشاہ رو پڑا * نادرشاہ نے اُسي دم قتل کي موقوفي کا حکم دیا لیکن واہرے حکم اِس ظالم کا کہ اگر کسي نے کسي کي گردن پر کاٹنے کو تلوار رکھي تھي اور موقوفي یعني امان کے حکم کي منادي کان میں پہنچ گئي + ترت اُٹھا لي *

---

† تاریخ نادرشاھي دلي خراب شد سنہ ۱۱۵۱ ھجري *

‡ اِس کتاب کے مولف کے پردادا راجا ڈالچند کے دربھائي اِسي نادرشاھي میں مارے گئے *

نادرشاہ کو ھندوستان میں خالي دولت کا لالچ لایا تھا + اُسے مال درکار تھا مُلک سے کچھہ بھي سروکار نہ تھا * جو کچھہ زر جواھر مال اسباب بادشاھي خزانے میں موجود تھا اور جہاں تک سردار اور شہر والوں سے ھاتھہ لگ سکا لے لوا کر ۵۸ دن رھنے کے بعد دلّي سے پھر اپنے ملک کي طرف چلا گیا + کہتے ھیں کہ اُس کو یہاں ستّر کروڑ سے اُوپر اِس لوٹ کا مال ھاتھہ لگا سات کروڑ کا تو نرا ایک تخت طاؤس تھا * نادرشاہ نے لوگوں سے روپیہ لینے میں بڑي زیادتي کي بڑے بڑے عزّتداروں کو کوڑوں سے پٹوایا + بہتیروں نے اِس خوف سے زھر کھا لیا *

ندان سندھہ ندي پار تو نادرشاہ نے سب علاقوں پر اپنا قبضہ رکھا + اور سندھہ وار کا ملک محمدشاہ کو چھوڑ دیا *

ایک تواریخ والا یہہ بھي لکھتا ھی کہ نادرشاہ کو ھندوستان میں آصف‌جاہ اور سعادت‌خان نے ملکر بُلایا تھا + اور اُنھیں کي دغابازي سے محمدشاہ نے شکست کھائي لیکن اِس کا کچھہ پکّا ثبوت نہیں مِلتا *

کچھہ دنوں پیچھے جب نادرشاہ اپنے ملک میں بلوائیوں کے ھاتھہ سے مارا گیا † + اُس کے سرداروں میں سے احمدخان ابدالي جسے لوگ اب احمدشاہ دُرّاني کہتے ھیں قندھار کا بادشاہ بن بیٹھا * اور بلخ سندھہ کشمیر پر صبر نہ کرکے رخ ھندوستان کي جانب پھیرا اور لاھور لیتا ہوا سرھند میں آ داخل ھوا + لیکن وھاں بادشاھي فوج سے شکست کھاکر پنجاب کے صوبہدار سے کچھہ خراج ٹھہراتا ھوا اپنے وطن کو مُڑ گیا * سنہ ۱۷۴۷ع

تھوڑے ھي دنوں بعد محمدشاہ ‡ اِس دنیا سے سدھارا + اور اُس کا ولیعہد احمدشاہ تخت پر بیٹھا * سنہ ۱۷۴۸ع

---

† تاریخ وفات نادرشاہ في‌النار والسقر مع‌الجد والپدر سنہ ۱۱۶۰ ھجري *

‡ اِس کتاب کے مؤلف کے پردادا کے چچیرے بھائي فتح‌چند کو اِسي نے جگت سیٹھي کا خطاب دیا تھا *

احمدشاہ

اِسنے سعادت‌خان کے داماد صفدرجنگ کو وزیر بنایا لیکن صفدرجنگ کي آصف‌جاہ کے پوتے غازي‌الدین سے لاگ پڑ گئي اور دربار کے سب لوگ غازي‌الدین کي طرف تھے نِت دلّي کے گلي کوچوں میں طرفین کے آدمیوں سے دنگا فساد ہونے لگا اور خانہ‌جنگي کا بازار خوب هي گرم هوا + اِس سبب سے صفدرجنگ وزارت سے اِستعفا دے کر اودھہ کي طرف اپني صوبہ‌داري پر چلا گیا * لیکن بادشاہ کي میزان غازي‌الدین سے بھي نہیں پٹي جب وہ جاٹوں کے قلعے بھرت‌پور اور ڈیگ سے لڑ رها تھا بادشاہ شکار کے بہانے اُس پر فوج لے کر چڑھا + غازي‌الدین نے بیچ هي میں بادشاہ کو پکڑواکر ما سمیت اُس کي آنکھیں نکلوالیں اور جهاندارشاہ کے بیٹے کو تخت پر بٹھلا کر
سنہ ۱۷۵۴ع اُسکا لقب عالمگیر ثاني رکھہ دیا *

عالمگیر ثاني

اِس بادشاہ کے تخت پر بیٹھنے کے تھوڑے هي دنوں بعد غازي‌الدین اُس صوبہ‌دار کي بهن سے جو احمدشاہ دُرّاني کي طرف سے پنجاب میں تھا شادي کرنے کے بہانے سے لاهور میں گھس گیا + اور اُس کي ما کو
سنہ ۱۷۵۶ع اپنے لشکر میں قید کر لایا * احمدشاہ دُراني اِس خبر کو سُنتے هي آگ بگولا بن گیا + اور فوراً اپني فوج لیکر هندوستان پر چڑھہ دوڑا اور سیدھا دلّي چلا آیا * غازي‌الدین نے اِس عرصے میں صوبہ‌دار کي ما کو بھي چھوڑ دیا + اور خود بھي احمدشاہ دُرّاني کے حضور میں حاضر هوا * لیکن بے کچھہ لیئے وہ کب پھرتا تھا اُسنے لوگوں سے روپیہ وصول کرنے میں نادرشاہ سے بھي زیادہ سختي اور زیادتي کي اُدھر شجاع‌الدولہ سے روپیہ وصول کرنے کو اُسپر فوج بھیجي اِدھر جاٹوں سے روپیہ وصول کرنے کو آپ چڑھا + پہلے بلم‌گڈھہ والوں کو قتل کیا اور پھر متھرا میں قتل عام کیا دن میلے کا تھا بیچارے بھتیرے جاتري مرد عورت لڑکے بالے بے گناہ کاٹے گئے موسم گرمیوں کا آگیا تھا اِسي لیئے جو کچھہ هاتھہ لگا لے لوا کر پھر اپنے وطن کو چلتا هوا * چلتے وقت بادشاہ نے اُس سے یہہ کہا کہ آپ مجکو

غازي الدين کے هاتهه میں نه چهوڑ جائیئے اِس لیئے وہ نجیب الدوله روهیلے کو اپني طرف سے سپهسالار مقرر کر گیا + جب غازي الدین بے قابو هوا اُس نے اپني مدد کے لیئے مرهٹوں کو بُلایا * باجي راو کے تین بیٹے تهے + بالاجي راو رگهناتهه راو اور ایک مسلماني کے پیٹ سے شمشیربهادر باجي راو کے مرنے پر بالاجي راو پیشوا هوا اور شمشیربهادر کے هاتهه میں بالکل بُندیلکهنڈ رها باندے کے نواب اِسي شمشیربهادر کي اولاد میں هوئے *

پرسوجي بهوسلا ستارے کے گرد نواح کا رهنے والا پهلے تو سواروں میں نوکري کرتا تها + لیکن ساهو نے درجه بڑهاکر اُسے براڑ کا حاکم بنا دیا اب اُس کا چچیرا بهائي رگهوجي اُس کي جگهه پر بیٹهه کر پیشوا سے خار کهاتا تها * جب رگهوجي نے اپنے منتري بهاسکر پنڈت کو بنگاله لوٹنے کے لیئے بهیجا + بادشاهي اهلکاروں نے قابو چلتا نه دیکهه کر پیشوا کو اُس کے مقابله کے لیئے اُبهارا * یهه فوراً مرشدآباد پهنچا + اور اُس وقت تو جو کچهه قرار هوا تها لیکر بنگاله بهاسکر سے بچا دیا * لیکن جب دوسري دفعه بهاسکر نے بنگاله میں لوٹ مار مچائي + اور پیشوا سے کچهه مدد نه پائي * صوبهدار نے فریب دے کر بهاسکر کو ملاقات کے لیئے بُلایا + اور ملاقات کے وقت اُس کا کام هي تمام کر ڈالا * پر آخر رگهوجي کو کٹک کا علاقه دے کر بنگالے کي آمدني سے بهي چوتهه کے نام سے کچهه سالانه مقرر کرنا پڑا + ندان اِدهر بهي سمندر تک مرهٹوں کا قدم آگیا * سنه ١٧٤٣ع

ساهو بے اولاد مرا راجارام کي بیوہ عورت تارابائي اب تک جیتي تهي بالاجي راو نے اپنا مطلب گانٹهنے کے لیئے اُس سے کهلا دیا که میں نے ایک آپ کا پوتا رام راجا چهپا رکها هی اور ساهو سے مرتے وقت ایک کاغذ لکهوا لیا که نام کو تو راج سواجي کے خاندان میں رهے + پر کام بالکل راج کا پیشوا کرے * ندان رام راجا ستارے میں رها + اور پیشوا کا دربار پونا میں جما * سنه ١٧٤٩ع

غازي الدین کي مدد کے لیئے پیشوا کا بهائي رگهناتهه راو آیا + مهینے بهر تک دلّي کا قلعه گهرا رها * بادشاہ نے اپنے ولیعهد عالي گهر کو تو جان بچانے کے لیئے پهلے سے کسي طرف کو بهیج دیا تها اب نجیب الدوله

کو بھي بھاگنا پڑا + بادشاہ نے قلعے کا دروازہ کُھلوا دیا غازي‌الدین کو پھر وزارت کا اختیار ملا *

احمدشاہ دُرّاني اپنے لڑکے تیمورشاہ کو پنجاب میں چھوڑ گیا تھا جب رگھناتھ‌راو نے دلّي سے فرصت پائي قابو غنیمت سمجھہ کر پنجاب پر بھي قبضہ کیا + اور مرهٹوں کا نشان کٹک سے اٹک تک پہنچا دیا * همالے سے سمندر تک اِنھیں کا ڈنکا بجتا تھا + اور سارے هندوستان پر اِنھیں کا حکم چلتا تھا * جو تھا اِنھیں کي خوش‌آمد کرتا تھا + اور جو آفت
میں پڑتا تھا اِنھیں سے مدد مانگتا تھا * رگھناتھ‌راو تو کسي مرهٹے کو پنجاب سنہ ۱۷۵۸ ع
کي حکومت پر چھوڑ کر دکھن کو چلا گیا + اور احمدشاہ دُرّاني نے یہہ خبر سن کر پھر هندوستان پر چڑھاو کیا * مرهٹے اُس کے سندھہ ندي
پار اُترتے هي پنجاب چھوڑ بھاگے اور وہ فراغت سے اپني فوج لئے سنہ ۱۷۵۹ ع
سہارنپور کے سامنے جمنا آ اُترا + غازي‌الدین نے اُسي دم بادشاہ کے مار ڈالنے کا حکم دیا اور آپ جاتوں کي عملداري میں چلا گیا * غازي‌الدین کے آدمیوں نے بادشاہ کو چُھریوں سے مارکر جمنا کي ریت میں ڈال دیا + بدمعاشوں نے وهاں اُس کا کپڑا تک اُتار لیا *

پیشوا کو جب یہہ حال معلوم هوا بڑي دهوم دهام کا لشکر احمدشاہ دُرّاني کے مقابلے کو روانہ کیا اُس کا چچیرا بھائي سداشیوراو بھاؤ اُس لشکر کا سردار تھا + اور اُس کا بیٹا بشواس‌راو بھي ساتھہ تھا * راستے میں بہت سي فوجیں رجپوتوں کي آ ملي تھیں اور چورامن کي اولاد میں راجا سورج‌مل کے ساتھہ ۳۰ هزار جاٹ بھي شامل تھے اُس بڈھے نے بھاؤ کو صلاح دي کہ آپ اسباب اور توپخانہ پیدل سپاهیوں کے ساتھہ میرے قلعے میں رکھہ دیجیئے + اور خالي سواروں سے اپني قوم کے دستور بموجب دشمن کو تنگ کیجیئے * بھاؤ گھمنڈ میں ڈوبا تھا اِس نیک صلاح پر کچھہ بھي خیال نہ کیا + سورج‌مل † تھوڑے هي دنوں بعد دلّي کے دیروں سے جدا هوکر اپنے علاقہ کو چل دیا *

احمدشاہ دُرّاني انوپ‌شہر میں چھاوني ڈالے هوئے تھا + دلّي میں کچھہ تھوڑے سے سپاهي چھوڑ رکھے تھے اُنسے مرهٹوں کا مقابلہ

† بھرت‌پور کے راجا اِسي کي اولاد میں هیں *

نه هو سکا * بهاؤ نے وهاں بہت زیادتي کي + دیوان خاص میں جو
چاندي کي چھت لگي تھي بالکل اُکھاڑ لي * مسجد اور مقبروں کو
بھي لوٹ پاٹ اور توڑ پھوڑ سے باقي نه چھوڑا + وہ تو بشواس راو کو
تخت پر بٹھانا چاھتا تھا لیکن پھر صلاح یہي ٹھہري که احمدشاہ دُرّاني
کا کام تمام هو لیئے دو بھاؤ دلّي سے کنج‌پورے کي طرف گیا *
احمدشاہ دُرّاني نے بھي انوپ‌شہر سے کوچ کیا بھاؤ نے اپنے مورچے پاني‌پت
میں قائم کیئے ستر هزار تو اِس کے ساتھه سوار تھے اور دو سو
توپ بہیر سمیت مورچوں کے اندر تین لاکھه آدمي سے هرگز کم
نه تھے + اِس میں نو هزار آدمي اِبراهیم‌خاں گاردي کے تحت میں
پلٹن کے سپاهي تھے * انگریزوں کے دیکھا دیکھي اب یہاں والے بھي
پلٹن رکھنے لگے تھے + احمدشاہ دُرّاني کے ساتھه ترپن هزار سوار اور
اڑتیس هزار پیدل سپاهي تھے لیکن توپیں تیس هي تھیں اُس نے بھي
مورچے قائم کیئے رسد کي دونوں طرف تکلیف تھي + چھیڑ چھاڑ
همیشه آپس میں چلي جاتي تھي * پر یہه جگرا کسي کا نه هوتا تھا که
ایک دوسرے کے مورچوں پر هلّا کر دے + هندوستاني رئیسوں نے جو
احمدشاہ دُرّاني کي طرف تھے اُس سے بہت کہا که آپ هلّا کر دیجیئے *
لیکن اُس نے یہي جواب دیا که یہه معامله لڑائي کا هی آپ لوگ
اِس سے نامحرم هیں اور بات میں جو چاهیئے سو کیجیئے +
لیکن اِس کو میرے بھروسے پر چھوڑ دیجیئے * سچ هی طبلے
سارنگي کا معامله هوتا تو یہه محرم هوتے لڑائي کا بھید دلّي لکھنؤ
والے کیا جانیں اُس نے ایک چھوٹا سا لال خیمه اپنے مورچوں کے
آگے کھڑا کر رکھا تھا + اُسي میں صبح کو نماز پڑھنے کے لیئے اور
شام کو کھانا کھانے کے لیئے آتا تھا باقي دن بھر گھوڑے پر سوار فوج
میں گھوما کرتا تھا * هندوستاني رئیسوں سے کہتا که آپ مزے سے
پیر پھیلا کر سوئیے اگر آپ کا بال بھي بیکا هو تو میرا ذمه لیکن
تعریف هی اِس بات کي که اُس کا حکم اُس کے لشکر میں قضا کے حکم
کي طرح مانا جاتا تھا مقدور کیا که وہ حکم دے + اور پھر کوئي بے اُسے
کیئے سانس لے سکے * شجاع‌الدوله احمدشاہ دُرّاني کي طرف تھا +

اُسي کي معرفت بھاؤ نے صلح کا پیام بھیجا تھا * لیکن احمدشاہ دُرّاني نے یھي جواب دیا کہ میں تو مدد کو آیا ھوں صِرف لڑنے کا مالک ھوں صلح کرنے کے مالک ھندوستاني رئیس ھیں ھندوستاني رئیسوں کي مرضي تھي کہ صلح ھو جاوے لیکن نجیب‌الدولہ نے نھیں مانا اُس نے یھي کہا کہ اگر بے مرھٹوں کا زور توڑے احمدشاہ دُرّاني چلا جاویگا + تو پھر ھم سب کا کہیں پتا بھي نہ لگیگا * اُدھر مرھٹوں نے بھاؤ کا ڈیرہ گھیرا + اور واویلا مچایا * کہ بھوکھوں مرنے سے تو لڑکر مرنا بھتر ھی بھاؤ کو وعدہ کرنا پڑا کہ کل صبح کو ضرور لڑونگا سب نے پیٹھہ نہ دکھانے کي قسم کھائي اور بیڑا لے لے کر رخصت ھوئے بھاؤ نے پھر شجاع‌الدولہ کو لکھا + کہ اب پیالہ پُر ھو گیا * بوند بھر بھي سمانے کي جگھہ نھیں جو کرنا ھی جھٹ پٹ کرو + نھیں تو یھي آخري پیام سمجھو * شجاع‌الدولہ کا منشي پھر رات رھے اِس خط کو پڑھہ کر سنا ھي رھا تھا کہ مخبروں نے مرھٹوں کے تیار ھونے کي خبر دي شجاع‌الدولہ نے اُسي وقت جاکر احمدشاہ دُرّاني کو جگایا + وہ ڈیرے میں سے تیار نکلا * اُسي دم گھوڑے پر سوار ھوکر دشمن کي طرف چلا + اور فوج کو ساتھہ آنے کا حکم دیا * جب اندھیرا دور ھوا دیکھا کہ مرھٹوں کي ساري فوج توپ‌خانہ آگے کیئے ھوئے جھنڈے اُڑاتي ڈنکے بجاتي ھر ھر پکارتي جمے قدموں سمندر کي طرح اُمڈتي چلي آتي ھی لیکن توپیں جو اُن کي چھٹتي تھیں گولے بالکل افغانوں کے سر پر سے پار چلے جاتے تھے + لگتے کسي کو بھي نھیں تھے * آخر اِبراھیم‌خان گاردي نے جُھک کے بھاؤ کو سلام کیا اور کہا کہ آپ ھمیشہ جب میں اپنے سپاھیوں کي تنخواہ کا تقاضا کرتا تھا بُرا مانتے تھے لیکن اب آج اِن کا تماشا دیکھئے اور یہہ کہہ کے جھنڈا ھاتھہ میں لے لیا + اور اپنے سپاھیوں کو حکم دیا * کہ بندوقیں بند کریں + اور سنگینوں سے دشمن پر ھلّا کر دیں * روھیلوں کو اِن سے بھت نقصان پھنچا + ٹھھر نہ سکے اُن کے ھٹنے سے احمدشاہ دُرّاني کا وزیر سامنے پڑ گیا * اور اُدھر سے بھاؤ اور بشواس‌راو نے بھي چُنے ھوئے آدمي لے کر اُس پر ھلّا کیا + وزیر کا بھتیجا عطائي‌خان اُس کے برابر ھي مارا گیا *

اور ساتھي بھي بھاگنے لگے تھے لیکن وہ گھوڑے سے نیچے اُتر پڑا + اور اِس بات پر جي سے مستعد ہوگیا * کہ مرجانا + لیکن میدان نہیں چھوڑنا * ندان وزیر کے مارے جانے میں کچھہ باقي نہ رہا تھا کہ اِسي عرصے میں احمدشاہ دُرّاني کچھہ تازي فوج لے کر اُس طرف آگیا + اِس سبب سے لڑائي تھم گئي پر تو بھي غلبہ مرھٹوں کي جانب تھا * یہاں تک کہ اُس نے اپني فوج کو آگے بڑھنے کا حکم دیا + اور ساتھہ ھي یہہ بھي کہہ دیا * کہ جو جسے بھاگتے دیکھے + تُرت اُس کا سر کاٹ ڈالے * اور کچھہ کسي قدر سپاہ جو بائیں بازو پر تھي اُسے موڑکو بغل سے مرھٹوں پر بھیجي اِس حکمت نے کام کر دیا بھاؤ اور بشواس‌راو لڑتے ھي رھے فوج ساري سپنا ھو گئي * میدان میں مُردوں کے ڈھیر البتہ دکھائي دیتے تھے + افغانوں نے دس کوس تک مرھٹوں کا پیچھا کیا زمیندار بھي مرھٹوں کي جان نہیں چھوڑتے تھے * اور جو جیتے ھاتھہ لگتے تھے + ذبح کیئے جاتے تھے * بائیس ہزار لونڈي غلام بندئے گئے + اکثر اُن میں سردار اور درجے والے تھے * اِبراھیم‌خان گاردي قید میں مرا + کہتے ھیں کہ اُس کے زخموں میں زھر بھر دیا تھا * بشواس‌راو کي تو لاش مل گئي پر بھاؤ کي لاش میں شبہہ رہا + اِس میں شک نہیں کہ سب مل کر دو لاکھہ آدمي سے اُوپر اِس لڑائي میں مارے گئے مہاجي سیندھیا † جس نے گوالیر کي ریاست قائم کي جنم کو لنگڑا ھوا * ملہارراو ھُلکر جس کے گھرانے میں اِندور کي ریاست چلي آتي ھی لڑائي کے شروع ھي میں بھاگ کے بچا + اِس سے بڑھہ کر کبھي کسي فوج کو شکست نہیں ملي اور اِس سے بڑھہ کر کسي شکست کے سبب ماتم بھي نہیں پھیلا * سارے دکھن میں گویا سیاپا بیٹھہ گیا + اِس دھکّے سے پھر مرھٹوں کا زور کبھي نہیں پورا اُبھرنے پایا * احمدشاہ دُرّاني نے اِس فتح سے کچھہ فائدہ نہیں اُٹھایا + اپنے وطن کي طرف چلا گیا * اور پھر کبھي ھندوستان کا کچھہ خیال نہیں کیا + شجاع‌الدولہ نے عالمگیر ثاني کے لڑکے عالي‌گہر کو بنگالے سے بلاکر تخت پر بٹھایا ‡ *

† بعضے اِس کو مہداجي بھي کہتے ھیں *

‡ تاریخ جلوس شاہ‌عالم فضل رباني سنہ ۱۱۷۳ ھجري تاریخ فوت شاہ‌عالم آہ مریغا سنہ ۱۲۲۱ ھجري *

شاہ عالم

سنہ ۱۷۷۱ع اِس نے اپنا لقب شاہ عالم رکھا + دلّي کا آخري مسلمان بادشاہ هوا *

آٹھہ دس برس اِس نے الہاباد کي طرف کاتے + دلّي والے نجیب الدولہ کي حکومت میں رهے * جب نجیب الدولہ مر گیا + بادشاہ مرهٹوں کي مدد لے کر دلّي میں داخل هوا * تھوڑے هي دن نجف خاں کي مختاري میں چین سے کاتے تھے + کہ نجیب الدولہ کے پوتے غلام قادر نے جس کے باپ کو نجف خان نے بگاڑا تھا اپنے روهیلے قلعے کے دروازے پر لا جمائے * بادشاہ کو زمین پر پٹک کر چھاتي پر چڑھہ بیٹھا + اور اُس کي

سنہ ۱۷۸۸ع آنکھیں کٹار سے نکال کر باهر پھینک دیں پھر قلعے کو خوب لوٹا * باقي کچھہ نہ چھوڑا + بیگموں کے بدن سے کپڑا تک اُتروالیا *

ندان اِس واردات کي خبر جب مہاجي سیندھیا کو پہنچي فوراً دلّي پر چڑھہ آیا + اور غلام قادر کو پکڑ کر بڑي بُري حالت سے مارا † * جیسا اُس نے کیا تھا + ویسا هي پھل پایا * سیندھیا نے بادشاہ کو هر دیگي چمچہ سمجھہ کر قلعے میں بند کیا + اور باهر سب اپنا قبضہ رکھا * بادشاہ بیچارہ بھوکوں مرتا تھا + رعیت کا حال بھي پریشان تھا * کہ اِسي عرصے میں لارڈ لیک انگریزي فوج لے کر وهاں

سنہ ۱۸۰۳ع پہنچ گیا بادشاہ کو پینشن مقرر کر دي وہ چین سے اپنے دن کاتنے لگا + انگریزوں کا مفصل حال دوسرے حصے میں لکھا جائیگا *

---

† ناک کان اور هاتھہ پیر کاٹ کر اور آنکھیں پھوڑ کر غلام قادر کو ایک لوهے کے پنجرے میں بند کیا اور وہ اُسي میں تھوڑي دیر بعد تڑپ تڑپ کر مر گیا *

فہرست دلّی کے مسلمان بادشاہوں کی

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۱	قطب الدین ایبک ...	قطب الدین ...	۱۲۰۶	گھوڑے سے گر کر مرا	۱۲۱۰	شہاب الدین محمد غوری کا غلام تھا اِسی نے مسلمانوں کی سلطنت کی جڑ جمائی
۲	آرام شاہ ...	...	۱۲۱۰	...	...	نمبر ۱ کا بیٹا تھا ایک سال کے اندر تخت سے اُتارا گیا
۳	شمس الدین التمش	التمش ...	۱۲۱۰	موت سے مرا ...	۱۲۳۶	نمبر ۱ کا غلام اور داماد تھا نامی بادشاہ ہوا قطب منار بنایا چنگیز خان کی چڑھائی ہوئی
۴	رکن الدین فیروزشاہ ...	رکن الدین ...	۱۲۳۶	...	...	نمبر ۳ کا بیٹا تھا سات ہی مہینے میں تخت سے اُتارا گیا بڑا عیاش اور غافل تھا
۵	رضیہ سلطان بیگم ...	رضیہ ...	۱۲۳۶	ماری گئی ...	۱۲۳۹	نمبر ۳ کی بیٹی تھی عورت یہی یہاں تخت پر بیٹھی ہوشیار تھی
۶	معزالدین بہرام ...	بہرام شاہ ...	۱۲۳۹	قید میں مرا ...	۱۲۴۱	نمبر ۳ کا بیٹا تھا
۷	علاءالدین مسعود ...	مسعود شاہ ...	۱۲۴۱	مارا گیا ...	۱۲۴۶	نمبر ۴ کا بیٹا تھا برا بادشاہ تھا
۸	ناصرالدین محمود ...	...	۱۲۴۶	موت سے مرا ...	۱۲۶۶	نمبر ۳ کا بیٹا تھا نہایت نیک بادشاہ تھا
۹	غیاث الدین بلبن ...	بلبن ...	۱۲۶۶	موت سے مرا ...	۱۲۸۶	نمبر ۸ کا بہنوئی اور وزیر تھا بڑے دبدبے والا بادشاہ ہوگیا نیک نام تھا دلّی بڑی رونق پر تھی

نمبر	پورا نام	مشہور نام	سنہ جلوس عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۱۰	معزالدین کیقباد ...	کیقباد ...	۱۲۸۶	مارا گیا ...	۱۲۸۸	نمبر ۹ کا پوتا تھا غلاموں کی سلطنت کا آخری بادشاہ ہوا نہایت عیاش تھا
۱۱	جلال الدین فیروز خلجي	جلال الدین خلجي	۱۲۸۸	مارا گیا ...	۱۲۹۵	سمانے کا نائب ناظم پٹھان سادا اور رحمدل تھا دکہن پر پہلا حملہ ہوا
۱۲	علاءالدین خلجي ...	علاءالدین ...	۱۲۹۵	موت سے مرا	۱۳۱۶	نمبر ۱۱ کا بھتیجا تھا بہت بڑا بادشاہ ہوا مزاج کا سخت تھا
۱۳	قطب الدین مبارک شاہ	مبارک شاہ ...	۱۳۱۶	ہندو غلام کے ہاتھہ سے مارا گیا	۱۳۲۱	نمبر ۱۲ کا بیٹا تھا نہایت عیاش اور بدنام تھا دلی میں ہندؤں کا کچھہ دنوں زور رہا آخری خلجي بادشاہ ہوا
۱۴	غیاث الدین تغلق ...	...	۱۳۲۱	کاٹھہ کے مکان تلے دب کر مرگیا	۱۳۲۵	پہلے پنجاب کا صوبہدار تھا اچھا بادشاہ تھا کیقباد کا باپ قراخان اب تک بنگالے میں اپنے کام پ: تھا
۱۵	محمد تغلق ...	الغ خان ...	۱۳۲۵	موت سے مرا ...	۱۳۵۱	نمبر ۱۴ کا بڑا بیٹا تھا بڑا بادشاہ بڑا سخی بڑا عالم بڑا بہادر بڑا اقبالمند بڑا بیوقوف بڑا ظالم بڑا جھکی بڑا پاگل تھا
۱۶	فیروز تغلق ...	فیروزشاہ ...	۱۳۵۱	موت سے مرا ...	۱۳۸۸	نمبر ۱۵ کا رشتہ میں بہائی تھا بہت اچھا نیکنام بادشاہ تھا بہت سي عمارتیں بنوائیں جمنا سے نہریں نکالیں

۱۷	غياث‌الدين تغلق ...	(دوسرا) ...	۱۳۸۸	مارا گيا ...	۱۳۸۹	نمبر ۱۶ کا پوتا تها
۱۸	ابوبکر تغلق ...	...	۱۳۸۹	قيد ميں مرا ...	...	نمبر ۱۶ کا پوتا ايک سال کے اندر قيد هوا
۱۹	ناصرالدين محمد تغلق	ناصرالدين تغلق	۱۳۹۰	موت سے مرا ...	...	نمبر ۱۶ کا بيتا تها
۲۰	همايون تغلق سکندرشاه	سکندرشاه ...	...	موت سے مرا ...	۱۳۹۴	نمبر ۱۹ کا بيتا تها کل ۴۵ دن بادشاه رها
۲۱	ناصرالدين محمود تغلق	محمود تغلق	۱۳۹۴	موت سے مرا ...	۱۴۱۲	نمبر ۲۰ کا بيتا تها اِس کے زمانے ميں يعني سنه ۱۳۹۸ع ميں تيمور آيا
۲۲	دولت‌خان لودی ...	...	۱۴۱۲	...	...	۱۵ مهينے بعد تخت سے اُتارا گيا
۲۳	خضرخان سيد ...	...	۱۴۱۳	موت سے مرا ...	۱۴۲۱	پنجاب کا حاکم تها
۲۴	معزالدين ابوالفتح مبارکشاه سيد	مبارکشاه سيد	۱۴۲۱	مارا گيا ...	۱۴۳۴	نمبر ۲۳ کا بيتا تها
۲۵	محمدشاه سيد ...	...	۱۴۳۴	موت سے مرا ...	۱۴۴۶	نمبر ۲۳ کا پوتا تها
۲۶	علاءالدين سيد ...	...	۱۴۴۶	...	...	نمبر ۲۵ کا بيتا تها سنه ۱۴۵۰ع ميں دلی کی بادشاهي بهلول‌خان لودی کے حواله کرکے بداؤں چلا گيا بادشاهي نري دلي کے گردنواح ميں ره گئی تهی
۲۷	بهلول‌خان لودي ...	بهلول لودي ...	۱۴۵۰	موت سے مرا ...	۱۴۸۸	پنجاب کا حاکم تها اچها بادشاه تها عملداري برهی پنجاب اور جونپور شامل هوا
۲۸	سکندر لودي ...	...	۱۴۸۸	موت سے مرا ...	۱۵۱۶	نمبر ۲۷ کا بيتا تها برا بادشاه هوا ليکن هندؤں کو بهت دکهه ديا فرنگيوں کا پهلا جهاز يهاں اِسی کے وقت ميں آيا
۲۹	إبراهيم لودي ...	...	۱۵۱۶	مارا گيا ...	۱۵۲۶	نمبر ۲۸ کا بيتا تها بابر کي لڑائي ميں مارا گيا

نمبر	پورا نام	مشهور نام	جلوس سنه عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنهٔ عیسوی	کیفیت
۳۰	ظهیرالدین محمد بابر	بابرشاه ...	۱۵۲۶	موت سے مرا	۱۵۳۰	تیمور کے خاندان میں تها انگریزوں کی عملداری تک اِسی خاندان میں سلطنت رهی بابر بهت اچها آدمی اور بهت اچها بادشاه تها
۳۱	همایون‌شاه ...	...	۱۵۳۰	گِر کے مرا ...	۱۵۵۵	نمبر ۳۰ کا بیتا تها شیرشاه نے نکال دیا تها ایران کے بادشاه کی مدد لے کر آیا اور پهر هندوستان کا بادشاه هوا
۳۲	شیرشاه سور ...	شیرشاه ...	۱۵۴۰	کالنجـــر کے محاصرے میں میگزین اُڑنے سے بهلس کر مر گیا	۱۵۴۵	اِس کا باپ حسن پتهان سهسرام میں ۵۰۰ گهوڑوں کا جاگیردار تها اچهے اور عقلمند بادشاهوں میں گنا جاتا هی
۳۳	سلیم‌شاه سور ...	سلیم‌شاه ...	۱۵۴۵	موت سے مرا	۱۵۵۳	نمبر ۳۲ کا بیتا تها نیکنام رها
۳۴	محمدشاه عدلی ...	عدلی ...	۱۵۵۳	...	...	نمبر ۳۳ کا چچیرا بهائی تها بڑا نادان اور بدکار تها لوگ اندهلی پکارتے تهے
۳۵	ابوالمظفر جلال‌الدین محمد اکبر	اکبرشاه ...	۱۵۵۶	موت سے مرا	۱۶۰۵	نمبر ۳۱ کا بیتا تها یهاں کے مسلمان بادشاهوں میں بیشک سب سے اچها هوا بلکه دنیا کے اچهے اور عقلمند اور بڑے اور نامی بادشاهوں میں گنا جاتا هی

۳۶	نورالدین محمد جہانگیر	جہانگیر شاہ ...	۱۶۰۵	موت سے مرا ...	۱۶۲۷	نمبر ۳۵ کا بیٹا تھا اچھے بادشاہوں میں گنا جاتا ہی پر شراب بہت پیتا تھا اور بالکل اپنی بیگم نورجہان کے اختیار میں تھا
۳۷	شہاب الدین محمد شاہجہان	شاہجہان ...	۱۶۲۸	قید میں مرا ...	۱۶۶۴	نمبر ۳۶ کا بیٹا تھا سلطنت کو بڑی رونق دی مسلمانوں کے تحت میں ہندوستان ایسے اوج پر نہ کبھی تھا نہ اُس کے بعد پھر ہوا تخت طاؤس اور تاج گنج کا روضہ اِسی نے بنوایا
۳۸	محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر	اورنگ زیب یا عالمگیر	۱۶۵۹	موت سے مرا	۱۷۰۷	نمبر ۳۷ کا تیسرا بیٹا تھا بڑا کپٹی اور پکھنڈی تھا بادشاہی اچھی کر گیا پر تیموری سلطنت کی جڑ میں تیل بھی اِسی نے دیا
۳۹	معظم بہادرشاہ ...	بہادرشاہ ...	۱۷۰۷	موت سے مرا	۱۷۱۲	نمبر ۳۸ کا بیٹا تھا سکھوں نے زور پکڑا اور سرھند لوٹا پھونکا
۴۰	جہاندارشاہ ...	...	۱۷۱۲	مارا گیا ...	۱۷۱۳	نمبر ۳۹ کا بیٹا تھا
۴۱	فرخ سیر ...	...	۱۷۱۳	مارا گیا ...	۱۷۱۹	نمبر ۴۰ کا بھتیجا تھا کچھہ بیوقوف سا اور جی کا بودا تھا
۴۲	محمدشاہ ...	...	۱۷۱۹	موت سے مرا	۱۷۴۸	نمبر ۳۸ کا پوتا تھا گویا لکھنؤ کا واجد علی شاہ تھا نادرشاہی ہوئی سلطنت بالکل جڑ سے ہل گئی
۴۳	احمدشاہ ...	...	۱۷۴۸	آنکھیں نکلوائی گئیں	۱۷۵۴	نمبر ۴۲ کا بیٹا تھا لُلم کا بادشاہ تھا

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۴۴	عالمگیر ...	(دوسرا) ...	۱۷۵۴	مارا گیا ...	۱۷۵۶	نمبر ۴۰ کا بیٹا تھا مرھٹے کٹک سے اٹک تک پہنچے احمدشاہ درانی کی چڑھائی ہوئی
۴۵	شاہعالم ...	...	۱۷۷۱	غلام قادر نے اندھا کیا	۱۸۰۳	نمبر ۴۴ کا بیٹا تھا دلی کا آخری مسلمان بادشاہ ھوا انگریزوں نے مرھٹوں کی قید سے چھڑا کر پینشن مقرر کر دی (سواے اِن اُوپر لکھے ھوئے بادشاھوں کے بیس اَور بھی دلی کے تخت پر بیٹھے کیونکہ قطب الدین ایبک سے لے کر شاہعالم تک ۶۵ گنے جاتے ھیں پر اِن بیسوں نے رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ کی طرح ایسے تھوڑے تھوڑے دنوں سلطنت کی کہ اُن کے ناموں سے اِس فہرست کا بڑھانا مناسب نہ جانا)

تفصیل بڑے واقعوں کی

	سنہ عیسوی سے پہلے
سکندر نے ھندوستان پر چڑھائی کی	۳۳۱ برس
بکرمادت گدی پر بیٹھا	۵۷ برس

	سنۂ عیسوی
نوشیروان کا لشکر ہندوستان میں آیا	٥٣٠ (کچھ کم یا پیچھے)
ولید کے زمانہ میں مسلمانوں نے یہاں بڑی دھوم مچائی	٧١١
سبکتگین نے ہندوستان پر چڑھائی کی	٩٧٠
محمود غزنوی کی پہلی چڑھائی	١٠٠١
سومناتھ ٹوٹا	١٠٢٤
شہاب الدین محمد غوری کی پہلی چڑھائی	١١٩١
پرتھی راج کو پکڑ لیا اور مار ڈالا	١١٩٣
قطب الدین ایبک دلی کا بادشاہ ہوا	١٢٠٦
چنگیز خاں کی فوج ہندوستان کی طرف آئی	١٢١٢
عورت (رضیہ بیگم) بادشاہ ہوئی	١٢٣٦
سلطنت غلاموں کے خاندان سے نکلکر خلجیوں کے ہاتھ میں آئی ...	١٢٨٨
دکھن پر مسلمانوں کی پہلی چڑھائی ہوئی	١٢٩٤
سلطنت خلجیوں کا خاندان تمام ہونے پر تغلقوں کو ملی	١٣٢١
تیمور دلی میں آیا	١٣٩٨
سلطنت سیدوں سے لودیوں نے لی	١٤٥٠
پانی پت کی لڑائی میں ابراہیم لودھی کو مار کر بابر دلی کے تخت پر بیٹھا ...	١٥٢٦

تفصیل بڑے واقعوں کي	سنۂ عیسوي
سقے نے چمڑے کا سکہ چلایا	۱۵۳۹
اکبر نے اِس دنیا سے کوچ کیا	۱۶۰۵
مرھٹوں کا راج قائم کرنے والا سیواجي پیدا ھوا	۱۶۲۷
دلي میں نادرشاہ نے قتل عام کیا	۱۷۳۹
پاني پت میں احمدشاہ دراني نے بھاؤ کو شکست دي	۱۷۵۹
دلي کے آخري بادشاہ شاہ عالم کو غلام‌قادر نے اندھا کیا	۱۷۸۸
لارڈ لیک انگریزي فوج لے کر دلي پہنچا شاہ‌عالم کو مرھٹوں کي قید سے چھڑا کر پینشن مقرر کر دي	۱۸۰۳